جدید اردو سے عربی جامع لغات

المعجم

اردو عربی

پینتیس ۳۵ ہزار سے زیادہ اردو الفاظ کے ہم معنی عربی الفاظ اور
اردو عربی محاورات وضرب الامثال اور مفید ترین علمی معلومات
کی نہایت جامع و مستند اردو عربی لغت

دار الاشاعت کراچی ۱

12033

اُردو سے عربی کی نہایت جامع اور مستند لُغت

اُردو، عربی

المعجم

پینتیس ہزار سے زیادہ اردو الفاظ کے ہم معنیٰ عربی الفاظ اور اُردو عربی محاورات و ضرب الامثال اور مُفید ترین علمی معلومات کی نہایت جامع و مستند لغت

دارُالاشاعت
مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی ۲

تصحیح شدہ عکسی ایڈیشن

اشاعت اپریل ۱۹۷۴ء

طباعت ★★★★★★★★★★

قیمت

ملنے کے پتے

دارالاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی ۱

ادارۂ اسلامیات نمبر ۱۹۰ - انار کلی لاہور

ادارۃ المعارف ڈاک خانہ دارالعلوم کراچی ۱۴

مجلس ترتیب المعجم اُردو عربی

مقدمہ علمیہ • حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب مدظلہ

ترتیب و تالیف • مولانا خلیل الرحمٰن نعمانی

دوسری زبانوں کے الفاظ • حضرت مولانا سید سلیمان ندوی رح

محاورات و ضرب الامثال • مولانا خلیل الرحمٰن نعمانی

الفاظ مترادفہ • مولانا محمد تقی عثمانی

مذکر و مونث کے قواعد • مولانا عبد الحفیظ بلیاوی

باہتمام محمد رضی عثمانی

ناشر

دار الاشاعت

مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی ۱

ترتیب

حرفِ آغاز

باسمہ سبحانہ

عربی زبان سے مسلمانوں کا جو دینی اور روحانی تعلق ہے اس کا تقاضہ ہے کہ ان کی توجہ زیادہ سے زیادہ اس زبان کے حصول پر لگی رہے، بحمداللہ پاکستان میں اکثر نو تعلیم یافتہ حضرات میں عربی زبان سیکھنے اور عربی علوم سے استفادہ کرنے کا شوق بڑھ رہا ہے، لیکن عربی زبان سیکھنے کے لیے ہر قدم پر لغت کی ضرورت پیش آتی ہے اور پاکستان میں عربی سے اُردو یا اردو سے عربی کی کوئی ایسی جامع مستند لغت موجود نہیں تھی جو پوری طرح اس مقصد کے لیے معین و مددگار ہو، خدا کا شکر ہے کہ "دارالاشاعت کراچی" اس ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے چند سال قبل "المنجد" عربی سے اُردو لغت شائع کر چکا ہے اور اہل علم حضرات سے خراج تحسین وصول کر چکا ہے۔

اب ہم شائقین عربی زبان کی خدمت میں "المعجم" اُردو سے عربی لغت پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں، اس اُردو سے عربی لغت کے لیے ہم اپنے بزرگ دوست مولانا خلیل الرحمٰن نعمانی مظاہری کے ممنون ہیں جنہوں نے اپنے شب و روز کے قیمتی اوقات صرف کر کے انتہائی عرق ریزی اور جانفشانی سے یہ بہترین اور جامع لغت مرتب فرمائی۔

اور ہمارے لیے سب سے بڑی سعادت اور فخر کی بات یہ ہے کہ حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب نے اس لغت کے سلسلے میں سند خوشنودی عطا

فرمائی اور اس پر ایک نہایت جامع مقدمہ تحریر فرمایا جو اصول لغت اور تاریخ لغت پر اپنی نظیر آپ ہے۔

المعجم اُردو عربی میں دینی مذہبی علمی ادبی سیاسی قانونی صحافتی صنعتی غرضکہ زندگی کے تمام شعبہ جات کے متعلق قدیم و جدید الفاظ، محاورات و اصطلاحات کا عظیم ذخیرہ موجود ہے یہ لغت اُردو حروف تہجی کے اعتبار سے مرتب کی گئی ہے اور اردو الفاظ لکھ کر ان کے سامنے عربی الفاظ دیے گئے ہیں اور عربی عبارات پر اعراب لگانے کا خاص اہتمام کیا گیا ہے، اُردو کے مفرد و مرکب، اسماء و افعال کے علاوہ اُردو مصادر اور ان کے مقابل عربی مصادر بھی لکھے گئے ہیں اور قوسین میں ان مصادر کے ابواب بھی تحریر کر دیے گئے ہیں، تاکہ ہر شخص بخوبی استفادہ کر سکے، لغت کے آخر میں اُردو عربی ضرب الامثال و محاورات اور دوسری زبانوں کے ان الفاظ کی فہرست جو عربی میں مستعمل ہیں، مرتبہ مولانا سید سلیمان ندوی شامل ہے۔

اس کے علاوہ الفاظ مترادفہ، مذکر و مؤنث کے قواعد اور کنیتیں درج کی گئی ہیں، غرضکہ ہر لحاظ سے اس کتاب کو اعلیٰ اور مفید بنانے میں کوئی کوتاہی نہیں کی گئی ہے، امید ہے کہ ہماری اس محنت اور عرق ریزی کو اہل علم حضرات پسندیدگی کی نظر سے دیکھیں گے اور اس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کریں گے۔

بندہ محمد رضی عثمانی۔

۱۸ر جنوری ۱۹۶۶ء مطابق ۲۶ر شوال ۸۶ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرض مؤلف

مشوروں کی حد سے آگے جب تک بات نہ بڑھی کام بہت آسان نظر آیا، اور جب وعدہ کر کے اس کو نباہنے کا وقت آیا تو آنکھیں کھلیں کہ یہ کیا کیا۔

کسی لغت کو مرتب کرنا اب کس سے کہوں کہ بڑا سخت اور کٹھن کام ہے جو اس میدان کی سیاحت کر چکے ہیں وہ تو اس کی صعوبتوں کو جانتے ہیں اور جو صرف ان صعوبتوں کے پھل کھانے والے ہیں، ان کی سمجھ میں کبھی آ ہی نہیں سکتا کہ ایک مؤلف یا مصنف کو کیسی کیسی کوہ کنی کرنی پڑتی ہے خصوصاً کسی معجم کو مرتب کرتے وقت، اس لیے اس تذکرۂ صعب وسخت کو از ماست کہ بر ماست سمجھ کر آگے چلتا ہوں لیکن سوچتا ہوں کہ آگے چل کر اپنے قارئین کو بتاؤں کیا۔ جو کچھ الٹا سیدھا کام کیا ہے وہ سامنے آ ہی گیا ہے۔

اہل علم اس کی غلطیوں کو خندہ جبینی سے برداشت کرلیں اور اغلاط پر مطلع نہ ہونے والوں کا اس سے کام چل جائے تو بس سمجھئے کہ ناشر کی محنت اور صرفہ ٹھکانے لگا، مولف کو کوئی کچھ نہ کہے یہی اس کا بہت بڑا صلہ ہے، ویسے مؤلف نے اپنا صلہ پا بھی لیا ہے۔ ایسی کتاب جس کے متعلق پذیرائی مشکوک ہو کوئی ناشر چھاپنے پر تیار ہو جائے تو یہ کیا کم صلہ ہے۔

میں تو نہیں چاہتا تھا کہ ایک نااہل کے "کارنامہ" کے ساتھ کسی صاحب علم وعرفان اور اپنے زمانہ کی مغتنم ہستی کے خیالات عالیہ تعریفی انداز میں شامل ہوں کہ ٹاٹ میں حریر کا پیوند، حریر کی توہین ہے۔

مگر مولوی محمد رضی عثمانی صاحب کو کون سمجھائے اور ان کے حسن ظن سے

کون اور کس طرح پیچھا چھڑائے، آخر انہوں نے اپنے دور کے سب سے بڑے عالم باعمل نمونہ اسلاف فقیہہ بے مثال عارف باللہ حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب مفتی اعظم پاکستان صدر و بانی دارالعلوم کراچی سے اس پر مقدمہ لکھوا ہی لیا ہے۔

اب اگر کسی صاحب نظر اور اہل علم کو المعجم میں کوئی حسن و خوبی نظر آئے تو وہ حضرت موصوف مدظلہ کی شرکت کے طفیل اور آپ کی برکت و کرامت سمجھی جائے، مؤلف اب بھی اپنی نسبت کسی خوش گمانی میں مبتلا نہیں ہے (فالحمد للہ)۔

المعجم کے قارئین نہ تو طفل ناخواندہ ہیں اور نہ ہی وہ اپنی تعلیم و تعلم کی ابتدا المعجم سے کر رہے ہیں کہ انہیں لغت دیکھنے کی الف ب سکھانے کی ضرورت ہو اور پھر المعجم چیستان بھی نہیں کہ اس کے حل کے لیے اشاروں کی ضرورت ہو، ویسے المعجم میں جو کچھ ہے صاف صاف اور عیاں ہے، اشاروں کنایوں سے نہ کام لیا گیا ہے اور نہ ہی مؤلف کو اشارے کنائے آتے ہیں۔

اتنی بات ضرور ہے کہ اگر آپ کو کہیں قوسین میں ن، ف، ض، س وغیرہ یا ج جیسے حروف نظر آ جائیں تو ان کو مصادر اور جمع الجمع کی علامت سمجھ لیجئے ویسے جن طالبان علم کے لیے مصادر لکھے گئے ہیں۔ ان کو اتنا بتانے کی بھی ضرورت نہیں وہ جانتے ہیں ن نصر ینصر کی، ف فتح یفتح کی، ض ضرب یضرب کی علامت ہیں، وغیرہ وغیرہ مصادر در اصل عربی دان اور طلبائے عربی کے لیے لکھے گئے ہیں۔

خدا کی ذات پاک سے امید ہے کہ المعجم کے ایڈیشن آیندہ بھی شائع ہوں گے اس لیے اہل علم بزرگوں اور دوستوں سے گزارش ہے کہ اس کی خامیوں اور غلطیوں سے تسامح کے بجائے مؤلف یا ناشر کو ضرور مطلع فرمائیں تاکہ آیندہ ان خامیوں اور غلطیوں کو کتاب سے خارج کیا جا سکے۔

ناچیز
خلیل الرحمٰن نعمانی مظاہری

مقدّمہ

از مولانا مفتی محمد شفیع صاحب صدر دار العلوم کراچی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

عربی زبان کی اہمیت اور فضیلت و وسعت کا بیان تو آپ آئندہ اوراق میں پڑھینگے جو میرے مقدمہ المنجد سے خلاصہ کرکے اس میں شامل کیے گئے ہیں، ہر زبان کے دو حصّے ہوتے ہیں ایک مفردات جسمیں عام لغات اور مصادر اور ان سے مشتق ہونیوالے کلمات ہوتے ہیں دوسرے مرکبات تحقیق طلب اور عام مفردات کا حصّہ لغات کے نام سے لکھا جاتا ہے۔

عربی لغات کے اُردو ترجمے تو ہندوستان پاکستان میں متعدد شائع ہو چکے ہیں برخوردار مولوی محمد رضی سلمہ نے اپنے مکتبہ دار الاشاعت کراچی سے اسی سلسلے میں عربی کے نئے لغت المنجد کا ترجمہ اس سے پہلے شائع کیا ہے جو کافی مقبول اور معروف ہو چکا ہے۔

لیکن اس طرح کے لغات سے وہی حضرات استفادہ کر سکتے ہیں جو عربی لغات سے کچھ نہ کچھ واقف ہیں مگر جو لوگ عربی زبان سیکھنے کیلئے اُردو سے عربی لغات معلوم کرنا چاہیں وہ ان سے استفادہ نہیں کر سکتے، زیر نظر لغت اسی ضرورت کی تکمیل کیلئے لکھا گیا ہے جسمیں اُردو لغت کو بنیاد بناکر وہ الفاظ لکھ دیئے گئے جو عربی میں اس کیلئے استعمال ہوتے ہیں، میں نے اس کو متعدد مقامات سے دیکھا ترجمہ صحیح پایا اور اچھے سلیقہ سے لکھا گیا ہے طرز طباعت بھی موزوں ہے، عربی زبان سیکھنے والوں کیلئے یہ لغت انشاءاللہ ایک اچھے معلم اور استاد کا کام دے گا۔ دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو نافع اور مفید بنائے اور قبول فرمائے۔

بندہ محمد شفیع عفا اللہ عنہ۔

۱۵ شوال ۸۶ھ ۱۳ھ مطابق ۲۷ جنوری ۶۶ھ

لغت کی تعریف

لغت ان آوازوں کا نام ہے جن سے ہر قوم اپنے اغراض ومقاصد کا دوسروں پر اظہار کرتی ہے۔

(لغات کا اختلاف اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے)

انسان اور حیوان کی آفرینش اور ان میں لگی ہوئی قدرتی مشینری کے کل پرزوں پر نظر ڈالی جائے تو عقل حیران رہ جاتی ہے کہ اس کارخانۂ قدرت میں کس چیز سے کیا چیز بن رہی ہے، انسان و حیوان کی چلتی پھرتی فیکٹری میں ایک خودکار (آٹومیٹک) مشین اس کی زبان ہے جو دل و دماغ میں آئے ہوئے خیالات کی ترجمانی اس حیرت انگیز طریق پر کرتی ہے کہ جو مضمون دل و دماغ میں آیا اس کے ادا کرنے کے لیے مناسب حروف و الفاظ کا انتخاب، پھر ان کی صحت کے ساتھ ادائیگی جس میں سین اور صاد تک کا بھی التباس باقی نہیں رہتا اس تیزی سے کر ڈالتی ہے کہ ایک سیکنڈ کا وقفہ نظر نہیں آتا، اپنے مقصد کو دوسرے پر ظاہر کر دینے کی صلاحیت صرف انسان ہی میں نہیں بلکہ اس مالک کُل نے یہ صلاحیت دوسرے حیوانات میں بھی رکھی ہے، اور جب اس کی مشیت ہوتی ہے تو انسان بھی ان حیوانات کی بولی کو سمجھنے لگتا ہے چنانچہ حضرت سلیمان کے بارے میں ارشاد ہے۔

عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ ۔ ہمیں پرندوں کی بولی سکھا دی گئی۔

پھر انسان مدنی الطبع ہونے کی وجہ سے دوسروں کی امداد کا محتاج ہے اور اس کا دائرہ عمل بھی دوسرے حیوانات کی طرح صرف محسوسات نہیں بلکہ معقولات

بھی ہیں اور یہی وصف انسان کو دوسرے جانداروں سے ممتاز کرتا ہے، اس لیے اس کو اپنی ضرورت پوری کرنے اور منصبی فرائض سے عہدہ برآ ہونے کیلئے افہام وتفہیم کی زیادہ ضرورت ہے اور اسی ضرورت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اس کو زبان و بیان کی مکمل صلاحیت سے نوازا ہے، اس کو اظہار مقصد کے لیے لغات کی بڑی مقدار اور بیان کے مختلف اسالیب اور طریقے سکھلا دیے ہیں تاکہ انسان اپنے مقصد کو مختلف زاویوں اور طریقوں سے واضح کر سکے، اسی نعمت کو قرآن کریم کے ان الفاظ میں بیان کیا گیا ہے۔

خلق الانسان علمہ البیان	انسان کو اللہ نے پیدا کیا ہے اور اس

کو بیان کے طریقے سکھلائے ہیں کہ وہ اپنی زبان سے، قلم سے، اشارات وکنایات سے نہ صرف یہ کہ اپنے مقصد کو بیان کرتا ہے بلکہ دقیق علمی مضامین بھی حل کر لیتا ہے دوسری جگہ باری تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

ومن اٰیاتہ خلق	اللہ کی قدرت کاملہ کی بڑی نشانیوں
السمٰوات والارض	میں سے ہے پیدا کرنا آسمانوں اور
واختلاف السنتکم و	زمین کا، اور اختلاف تمہاری زبانوں
اَلوانکم ان فی ذٰلک	اور رنگوں کا اور اس میں بڑی نشانیاں
لاٰیات للعالمین	ہیں جاننے والوں کے لئے۔

زبانوں کا اختلاف ایک تو یہ ہے کہ کوئی اردو بولتا ہے کوئی ترکی، کوئی عربی بولتا ہے اور کسی کی زبان فارسی ہے، اس وقت دنیا میں دو ہزار سے زیادہ زبانیں بولی جاتی ہیں۔ ایک آدمی ایک زبان کا ادیب ہوتا ہے مگر وہی ادیب دوسری

زبان کی ابجد سے بھی واقف نہیں ہوتا۔

اور اختلاف زبان کی دوسری صورت یہ ہے کہ ہر لہجہ دوسرے لہجے سے مختلف ہے، ایک ہی ماں باپ سے پیدا ہونے والے، ایک ہی طرح کے آب و گل غذا و ہوا میں پرورش پانے والے، ایک ہی قسم کی زبان اور حلق و ہونٹوں سے بولنے والے انسانوں میں زبانوں اور لب و لہجے کا یہ اختلاف و امتیاز بلاشبہ قدرتی صنعت کاری کا اعلیٰ شاہکار ہے اور اس میں ہزاروں حکمتیں ہیں۔ فتبارک اللہ احسن الخالقین۔

تاریخ لغت

یوں تو بیان و کلام کا سلسلہ حضرت آدم علیہ السلام سے پہلے فرشتوں اور جنات میں بھی جاری تھا اس لیے اس کی ابتدا کو تو اس عالم کا پیدا کرنے والا ہی جانتا ہے البتہ جہاں تک انسانی لغت کی تاریخ کا تعلق ہے تو اس کو قرآن کریم نے خود بیان کیا ہے کہ ابوالبشر حضرت آدم علیہ السلام کو جنت میں سب سے پہلے علم لغت سکھلایا گیا تھا۔

وعلّم آدم الاسماء کلّھا۔ اور اللہ تعالیٰ نے آدم کو تمام نام سکھلا دیے۔ اور یہی علم لغت فرشتوں کے حق میں امتحانی مضمون بنا تھا۔ زمین، پہاڑ، آسمان، انسان، گھوڑا وغیرہ نام اسی وقت سے رائج ہیں، اس دنیا میں رنگارنگ لوگ آئے اور ہر ایک نے کیا کیا گل کھلائے لیکن آج تک کسی "روشن خیال" نے انسان کا نام گدھا، گدھے

کا نام بکری اور بکری کا نام اونٹ نہیں رکھا۔ یہ ایک جبری قانون قدرت ہے جس میں قیامت تک تبدیلی نہیں ہوگی۔

واضع لغت کون ہے

وضع لغت کا مسئلہ فی نفسہ مختلف فیہ ہے جس کو مختلف لغویین نے معرکہ بحث بنالیا ہے اور ہر ایک اپنی اپنی ایک الگ رائے رکھتا ہے۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ علم لغت کا موجد خود حق تعالیٰ ہے اسی نے سب سے پہلے یہ علم ابوالبشر کو سکھلایا تھا اور پھر اس میں اضافے بھی وحی اور الہام کے ذریعے ہوتے رہے دوسرے بعض حضرات کہتے ہیں کہ واضع لغت خود انسان ہے ــــ ایک خطے کے لوگ باہمی میل ملاپ سے ایک زبان بنا لیتے ہیں ــــ اس کے علاوہ دوسرے اقوال بھی ہیں۔

امکان و احتمال تو ہر قول کا ہے اور کسی ایک قول کو قطعی اور آخری نہیں کہا جاسکتا۔ البتہ ظاہر یہ ہے کہ ابتداً وضع لغت اللہ تعالیٰ نے فرمائی جب کہ آدم علیہ السلام کو یہ لغات سکھائے اس کے بعد انسانوں کے مختلف حالات و استعمالات کے پیش نظر مختلف خطوں میں لغت کے اندر اضافے اور حروف میں کمی بیشی انسان ہی کی طرف سے ہوتی رہی۔

سب سے پہلی زبان کونسی ہے۔

روایات اس پر متفق ہیں کہ ابوالبشر حضرت آدم علیہ السلام کو سب سے

پہلے جو زبان جنت میں بصورت تعلیم اسماء سکھائی گئی تھی وہ عربی تھی اور اسی زبان کو وہ دنیا میں بولتے تھے، انسان سے پہلے اس دنیا میں جنات کے درمیان کوئی دوسری زبان ضرور رائج ہو گی لیکن اس میں شبہ نہیں کہ انسان کی سب سے پہلی زبان عربی ہے۔ ظاہر روایات سے فرشتوں کی زبان کا بھی عربی ہونا معلوم ہوتا ہے۔

امام جلال الدین سیوطیؒ نے ایک روایت نقل کی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ انبیائے سابقین پر جتنی کتابیں نازل ہوئی تھیں وہ سب عربی میں تھیں، ان انبیائے کرام نے ان کتابوں کا ترجمہ اپنی اپنی قوموں کی زبانوں میں کر دیا تھا، یہی وجہ ہے کہ قرآن کریم میں یہ تو فرمایا گیا ہے کہ ہر نبی کو قوم کا ہم زبان بنا کر بھیجا گیا ہے۔

وما ارسلنا من رسول	اور نہیں بھیجا ہم نے کوئی رسول مگر
الا بلسان قومہ	اپنی قوم کی زبان کا۔

لیکن یہ نہیں فرمایا کہ وہ آسمانی کتابیں بھی اُسی قوم کی زبان میں تھیں۔
اس قسم کی روایت سے یہ نتیجہ نکالا جا سکتا ہے کہ جس طرح ہر حکومت کی اپنی دفتری زبان ہو سکتی ہے اور اسی میں تمام فرامین جاری ہوتے ہیں اسی طرح حکومت الٰہیہ کی دفتری اور سرکاری زبان عربی ہے انسان کو سب سے پہلے جنت میں یہی زبان سکھلائی گئی دنیا میں سب سے پہلے انسان نے اسی زبان کو استعمال کیا اور عالمِ آخرت، برزخ، محشر اور جنت کی زبان بھی یہی عربی ہو گی۔ اسی عربی زبان میں تمام آسمانی کتابیں نازل ہوئی ہیں۔

عربی کی فضیلت

مذکورہ بالا بیان سے عربی کی فضیلت بھی واضح ہوگئی اور کیوں نہ ہو جب کہ امام الانبیاء سید الاولین والآخرین صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان ہے اور تمام کتابوں سے اعظم و اشرف کتاب اسی میں نازل ہوئی ہے۔

عربی زبان کی فصاحت و بلاغت اور اس کی وسعت و سہولت پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس زبان کا انتخاب ہی اسی لیے فرمایا تھا کہ وہ کل دُنیا کی زبانوں کے مقابلے میں ہر حیثیت سے بہتر اور افضل ہے، ذیل میں ہم چند عنوانات میں اس کا مختصر سا نمونہ پیش کرتے ہیں۔

عربی زبان کی ابتداء

اللہ جل شانہ نے عربی زبان کو انسان کے دنیا میں آنے سے پہلے بلکہ اس کی پیدائش سے بھی پہلے پیدا فرمایا تھا۔ دوسری زبانیں طوفان نوحؑ کے بعد دنیا میں رائج ہوئی تھیں۔ اللہ تعالیٰ کے کلام ازلی (قرآن کریم) کا عربی زبان میں ہونا اس بات کی سب سے بڑی شہادت ہے کہ عربی زبان ہی سب سے پہلے پیدا کی گئی تھی، اور حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے جو یہ منقول ہے کہ عربی زبان حضرت اسماعیل علیہ السلام سے شروع ہوئی۔ اس کا مطلب تاریخ د روایات کی روشنی کی بناء پر یہ ہے کہ قریش کی خاص لغت جس میں قرآن کریم نازل ہوا ہے اس کی ابتداء حضرت اسماعیل علیہ السلام سے ہوئی ہے ورنہ نفس عربی تو پہلے سے تھی،

حضرت آدم علیہ السّلام کی زبان عربی تھی، اور جب ایک زمانۂ دراز کے بعد اس میں تغیر آگیا تو سریانی زبان وجود میں آگئی، طوفان نوحؑ کے وقت حضرت نوح علیہ السّلام کے ساتھ خالص عربی زبان بولنے والا صرف ایک آدمی تھا جس کو جرہم کہا جاتا تھا۔ باقی سب سریانی بولنے والے تھے، حضرت نوح علیہ السّلام کے پوتے ارم نے جرہم کی لڑکی سے شادی کی اور اس لڑکی سے جو نسل چلی وہ خالص عربی بولنے والی تھی، ان کی اولاد میں عوض اور جائز پیدا ہوئے۔ بعد کے قبائل میں عادؔ اور عبیل عوضؔ کی اولاد ہیں اور ثمود اور جلالیس جائز کی اولاد ہیں۔ انکے علاوہ بعض دوسرے قدیم قبائل کی زبان بھی عربی تھی۔

حضرت اسماعیل علیہ السّلام کی شادی قبیلۂ جرہم میں ہوئی تھی زمانۂ دراز کے بعد جرہم کی زبان میں تغیر وتبدل آگیا تھا مگر اللہ تعالیٰ نے وحی کے ذریعے سے حضرت اسمٰعیل علیہ السّلام کو خالص عربی سکھلادی تھی بعد میں یہی قریش کی زبان بنی اور اسی میں قرآن کریم نازل ہوا۔ مستدرک اور بیہقی میں اسی مضمون کی ایک روایت بھی منقول ہے —— ایک دوسری روایت میں فاروق اعظمؓ کے ایک سوال کے جواب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی اصل عربی زبان مندرس ہوگئی تھی جبرئیل علیہ السّلام نے آکر وہ زبان مجھے یاد کرادی۔

قبائل عرب

قبائل عرب کی تین قسمیں ہیں، ایک عرب عاربہ دوسرے عرب متعربہ

اور تیسرے عرب مستعربہ — عرب عاربہ خالص عرب ہیں اور یہ نو قبائل میں منقسم ہیں، عاد۔ ثمود۔ اُمیم۔ عبیل۔ طسم۔ جدیس۔ عملیق۔ جرہم۔ وبار۔ یہ سب ارم بن سام بن نوح کی اولاد سے ہیں۔ عرب متعربہ اور مستعربہ خالص عربی نہیں ہیں۔ عرب متعربہ قحطان کی اولاد سے ہیں اور ان کی اصل زبان سریانی تھی — عرب مستعربہ عرب حجاز ہیں۔ یہی حضرت اسماعیل علیہ السّلام کی اولاد ہیں۔ ان کو بنی معد بن عدنان بن ود کہا جاتا ہے۔ عرب عاربہ حضرت اسماعیل علیہ السّلام سے پہلے تھے۔

جن قبائل کی لغت کو صحیح اور غلط کا معیار سمجھا گیا ان میں قیس۔ تمیم۔ اسد۔ ہذیل وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ ان کے علاوہ دوسرے قبائل عرب کی زبانیں فارسی حبشی وغیرہ سے متاثر تھیں۔ عرب دیہات کی زبان شہروں کی نسبت خالص ہوتی تھی۔ اسی وجہ سے کوفہ اور بصرہ کے علاوہ کسی شہری زبان کو معیار نہیں بنایا گیا۔

عربی زبان کی وسعت

امام شافعیؒ جو بے مثال عالم و فقیہ ہونے کے ساتھ زبردست ادیب و لغوی ہیں، فرماتے ہیں کہ عربی وسیع ترین زبان ہے اور اس کے تمام لغات کا احاطہ نبی کے سوا کسی عام انسان کے بس کا کام نہیں۔ ابن درید جمہرہ میں اور خلیل کتاب العین میں اپنی معلومات کی بناء پر کہتے ہیں کہ عربی کے کل لغات پانچ کروڑ چھ لاکھ انسٹھ ہزار چار سو ہیں، ان میں تقریباً انتالیس ہزار چار سو متروک ہیں باقی سب مستعمل ہیں، پھر ان میں دو حرفی کلمات کی تعداد سات سو پچاس تین حرفی

کی انیس ہزار چھ سو پچاس ہے۔ چار حرفی کلمات تین لاکھ تین ہزار چار سو اور پانچ حرفی چھ کروڑ تین لاکھ پچھتر ہزار ہیں۔ (مختصر کتاب الخلیل و مزھر)

عربی میں ایک چیز کے بہت سے نام اور بہت سے لغات پائے جاتے ہیں، میر، تلوار، نیزہ، شیر، اونٹ، بکری، سانپ، صبح و شام، آفات و مصائب وغیرہ اشیاء جن کا ذکر کلام میں بار بار آتا ہے۔ ان میں سے ہر ایک کے اتنے نام ہیں کہ عقل حیران رہ جاتی ہے، احمزہ اصبہانی نے مصائب و آفات کے چار سو نام لغت عرب سے جمع کر کے فرمایا۔

"ان نکاثر اسماء الدواھی من الدواھی" مصائب کے نام بہت ہونا بھی ایک مستقل مصیبت ہے۔ پھر عربی میں اعراب و اشتقاق کے بدلنے سے ایک ایک لفظ کے نئے نئے معانی نکل آتے ہیں۔ عربی کی ایک حیرت انگیز صفت یہ بھی ہے کہ اس میں بڑے سے بڑے کلام کو ایک ہی جملے میں ادا کیا جا سکتا ہے اور ایک ہی جملے کو مقالے کی شکل دی جا سکتی ہے۔ لغت کی اصطلاح میں اس صنعت کو ایجاز و اطناب کہا جاتا ہے، عربی زبان کی ان خصوصیات کی وجہ سے قرآن کریم نے اس کی صفت "مبین" ذکر کی ہے "بلسان عربی مبین" کہ بیان کی صلاحیت عربی زبان میں بدرجہ اتم موجود ہے اور یہی ایک ایسی صفت ہے جس پر کسی زبان کی خوبی کو پرکھا جا سکتا ہے ۔ اور عربی کی انہی خصوصیات کی بناء پر بعض حضرات نے فرمایا کہ حق بات یہ ہے کہ قرآن کریم کا ایسا ترجمہ جو قرآن کریم کے پورے پورے مفہوم کو ادا کر دے کسی دوسری زبان میں ممکن نہیں تورات و انجیل کے ترجمے سریانی و عبرانی زبانوں سے دوسری زبانوں میں کیے گئے ہیں اور ان کو

ان زبانوں کی توراۃ و انجیل سمجھا گیا ہے لیکن قرآن کریم میں ایسا ممکن نہیں، قرآن کریم کے جتنے ترجمے فارسی، اردو، انگریزی وغیرہ زبانوں میں کئے گئے ہیں وہ محض اہل عجم کی ضرورت کے پیش نظر قرآن کریم سے ادنیٰ سی مناسبت پیدا کرنے کے لیے گئے ہیں۔ قرآن کے پورے مضمرات سے آگاہی اور اس کے حقائق و معارف کا علم ان ترجموں سے ناممکن ہے۔

اسی وجہ سے علمائے اسلام کا اس پر اتفاق ہے کہ قرآن کریم کا صرف ترجمہ متن قرآن سے علیحدہ شائع نہ کیا جائے کیونکہ لوگ اس کو اردو یا انگریزی کا قرآن کہیں گے حالانکہ اس کو قرآن کہنا کسی حیثیت سے صحیح نہیں، اوّل تو اس لیے کہ الفاظ قرآن حقیقت قرآن کے جز ہیں اور قرآن نام ہے الفاظ و معانی کے مجموعے کا۔ دوسرے اس لیے کہ معانی قرآن بھی کسی دوسری زبان میں پورے کے پورے منقول نہیں کیے جا سکتے، اس لیے معنی کی حیثیت سے بھی قرآن کے اردو یا فارسی یا انگریزی وغیرہ ترجمے کو قرآن کہنا صحیح نہیں، اسی لیے سلف صالحین نے جب بضرورت عوام قرآن کے ترجمے مقامی زبانوں میں لکھے تو اس بات کا التزام کیا کہ ترجمہ متن قرآن سے علیحدہ نہ ہو۔

عربی زبان کی تدوین و تصنیف

عربی زبان کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس کے ہر لغت کو بحث و تنقید کی بے شمار چھلنیوں میں چھانا گیا ہے، لغت کی کتابوں کی تعداد ہزاروں سے متجاوز ہے۔ بعض کتابیں تیس تیس جلدوں میں لکھی گئی ہیں اور ہر ایک کا ڈھنگ جدا ہے،

اس فن میں سب سے پہلی تصنیف خلیل کی کتاب العین ہے، اس کے بعد ابن درید نے جمہرہ تصنیف کی، اصمعی نے لغت کی خاص قسم اجناس پر کتاب لکھی، اور ابو عبید قاسم بن سلام نے غریب اللغہ پر صاحب ابن عباد کا یہ واقعہ منقول ہے کہ ان کو کسی بادشاہ نے اپنے یہاں طلب کیا تو انہوں نے یہ جواب دیا کہ میں یہاں سے کہیں منتقل ہوں تو مجھے ساٹھ اونٹ فن لغت کی کتابیں اٹھانے کے لیے چاہئیں، اس سے آپ خود اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ان کے پاس فن لغت کی کتابوں کا کتنا بڑا ذخیرہ ہوگا۔ لیکن بدقسمتی سے جہاں دوسرے اسلامی کتب خانے تاتار کے دست برد کی نذر ہو گئے وہاں لغت کا یہ ذخیرہ بھی دریا برد کر دیا گیا یا جلا دیا گیا۔

متاخرین جن کی کتابیں مشہور و متداول ہوئیں وہ جوہری کی "صحاح" ابن سیدہ اندلسی کی کتاب "الحکم والمحیط" اور شیخ مجد الدین فیروز آبادی کی "المحیط" ہے، آخری دور میں قاموس کو زیادہ شہرت حاصل ہوئی۔ سید مرتضٰے زبیری ہندی نے اس پر ایک نہایت عمدہ مبسوط شرح لکھی ہے اس کا نام تاج العروس ہے اور یہ دس جلدوں میں ہے۔

عربی زبان کی حفاظت اور اس کے لئے محدّثانہ اصول کا استعمال

ہر زبان کا یہ قاعدہ ہے کہ جب اس پر ایک زمانۂ دراز گزر جاتا ہے تو اس میں اختلاف پیدا ہو جاتا ہے اور زبان بالکل بدل جاتی ہے، قدیم فارسی اور قدیم اُردو کو اگر آج آپ اُٹھا کر پڑھیں گے تو بالکل دوسری زبان معلوم

ہو گی۔ یہی معاملہ عربی کے ساتھ ہوا۔ آج کل سرزمین عرب کی عربی زبان قدیم عربی زبان سے قطعاً مختلف ہے، لیکن مسلمانوں کا چونکہ عربی زبان سے ایک مذہبی رشتہ ہے کہ دین کی، اساس قرآن کریم اور احادیث عربی زبان میں ہیں اس لیے مسلمانوں نے اس کی حفاظت میں تقریباً انہیں اصولوں کو استعمال کیا جن اصولوں کو روایت حدیث میں ضعیف اور غیر معتبر روایات کو نکالنے کے لیے استعمال کیا گیا۔

شیخ السنہ علامہ سیوطیؒ نے فرمایا کہ " اس میں کوئی شک نہیں کہ لغت عربی کا سیکھنا اور معلوم کرنا دین کی ضروریات میں داخل اور ایک فرض کفایہ ہے" علمائے اُمّت کا اس پر اتفاق ہے کہ عربی زبان کی حفاظت اور اسکو سیکھنے سکھانے کا سلسلہ ہمیشہ قائم رکھنا اسلامی فرائض میں سے ایک اہم فرض ہے مفسر القرآن حضرت عبداللہ بن عباسؓ کا ارشاد ہے۔ "جب تمہیں قرآن کریم کے کسی لفظ میں کوئی اشکال پیش آئے تو اشعار عرب میں اس لفظ کو تلاش کرو۔ کیونکہ عربی زبان کی تعبیر اور اس کے معنیٰ کی تعیین کے لیے اشعار عرب ہی معیار ہیں۔"

اس سے معلوم ہوا کہ جس عربی زبان کی حفاظت اسلامی فریضہ ہے وہ قدیم عربی زبان ہے اسی میں قرآن کریم نازل ہوا، اور اسی میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث ہم تک پہنچیں۔

نقل لغت میں نقل حدیث کے اصول کا استعمال

جس طرح روایات حدیث متواتر، مشہور، خبر واحد وغیرہ اقسام پر مشتمل ہیں اور ناقابلِ اعتبار راویوں کو ساقط کیا گیا ہے اسی طرح لغت عرب کے جمع کرنے میں علمائے لغت نے اسی اصول کو اختیار کیا ہے۔

متواتر

امام رازیؒ نے محصول میں فرمایا کہ لغت اور قواعد نحو و صرف کا وہ حصہ جو عہد رسالت سے معروف ہے وہ متواتر اور قطعی ہے مثلاً آسمان کے لیے لفظ "سماءٗ"۔ زمین کے لیے "ارض"۔ پانی کے لیے "ماءٗ" فاعل کا مرفوع ہونا، مفعول کا منصوب اور مضاف الیہ کا مجرور ہونا یہ سب متواتر ہیں۔ مگر کسی زمانے میں اہل عرب ان کا استعمال ترک کر دیں تو اسلامی عربی میں اس کا اعتبار نہیں ہو گا۔

منقطع

ابن الانباری نے اپنی کتاب لمع الادلہ میں بیان کیا کہ جس طرح حدیث میں سند منقطع کا اعتبار نہیں، اسی طرح لغت کی روایت میں بھی منقطع مردود ہے۔

اخبار احاد

خبر واحد لغت میں وہ ہے جس کے نقل کرنے والے ایک دو آدمی ہوں ایسی صورت میں راوی کے فہم، حافظے اور ثقاہت کو دیکھا جاتا ہے اگر وہ ان اوصاف میں مکمل ہے تو اس کی روایت کا اعتبار ہوگا۔ ورنہ نہیں، جبکہ دوسرے حضرات کی اکثریت اس کے مخالف نہ ہو، اور ائمہ لغت کا اس پر اتفاق ہے ــــ عزّ الدین ابن عبد السلام رحؒ نے فرمایا کہ ناقل لغت کا حدیث کی طرح قابلِ اعتماد ہونا ضروری ہے۔ مگر اتنا فرق ہے کہ نقلِ حدیث میں فاسق، کافر کی روایت معتبر نہیں اور نقل لغت میں جاہلیت کے اشعار سے استدلال جائز ہے، بلکہ یہی چیز لغت عرب کے لیے اصل اصول ہے اگرچہ وہ لوگ مسلمان نہ تھے۔

حضرت امام شافعیؒ کو قبیلہ ہذیل کے دس ہزار اشعار زبانی یاد تھے عربی ادب کے ماہرین آپ کے پاس ان اشعار کو پڑھنے کے لیے آیا کرتے تھے (خطیب بغدادی عن ابن عبد الحکم)

موضوع و مصنوع

جس طرح روایات حدیث میں سے ناقابل اعتبار روایات کو موضوع کہہ کر الگ کیا گیا ہے۔ محمد بن سلام نے اپنی کتاب "طبقات الشعراء" کے شروع میں لکھا ہے کہ اشعار و لغات عرب میں بعض موضوع و مصنوع اشعار

بھی شامل کئے گئے ہیں جن سے استدلال جائز نہیں، موضوع لغات واشعار کو لغت کی اصطلاح میں مصنوع کہا جاتا ہے۔

مؤلّد

لغت عرب میں "مولد" بھی معتبر اور قابل استدلال نہیں مصنوع اور مولد میں فرق یہ ہے کہ مصنوع لغات وہ ہوتے ہیں جن کو تلبیس اور دھوکے میں عربی میں داخل کیا جاتا ہے اور مولد وہ لغات ہوتے ہیں جو عام تغیر لسانی کی بناء پر زبان زد خاص وعام ہو جاتے ہیں حالانکہ اصل لغت کی رو سے غلط ہوتے ہیں۔ فارابی نے لغات مؤلدات کو ایک مستقل فہرست میں جمع کیا ہے اور اس کی چند مثالیں بیان کی ہیں، حسبان چھوٹی کمان کے لیے۔ تحریر لکھنے کے لیے۔ اح، اح، کابوس، غوص، تشویش، طفیلی وغیرہ لغات مؤلد ہیں اور اصل لغت سے ثابت نہیں ہیں۔ نواب صدیق حسن خاں مرحوم نے ایسے الفاظ کو ایک مستقل رسالے میں جمع فرمادیا ہے جس کا نام ہے "کشف الضمار فی تصحیح بعض ما استعملتہ العامّۃ من الاغلاط"۔[1]

آداب اللغوی

پہلے عرض کیا جا چکا ہے کہ ایک مسلمان کے لیے عربی لغت کی تحصیل اور اس کی حفاظت ایک مذہبی فریضہ کا درجہ رکھتی ہے اس لیے علمائے لغت نے فرمایا کہ لغوی پر لازم ہے کہ وہ اپنی نیت کو صحیح کرکے اخلاص

[1] اس لغت کے آخر میں بھی مولد الفاظ کی ایک فہرست مرتبہ سید سلیمان ندویؒ شامل کی گئی ہے۔ ناشر

پیدا کرے کہ فن لغت کے اشتغال سے اس کی نیت قرآن فہمی اور قرآن وسنت کی تشریح ہو۔ نیز یہ بھی اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ لغت بابں ہر رطب ویابس کو جمع نہ کرے بلکہ اس فن کو حاصل کرنے کے لیے ثقہ اور دیانت دار علماء کو تلاش کرے اور ان سے جو لغات سند متصل کے ساتھ حاصل ہوں صرف انہیں پر اعتماد کرے۔ رسُول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

انّ ھٰذا العلم دین فانظروا عمّن تاخذون دینکم۔	بے شک یہ علم دین ہے تو تم غور کرو کہ اپنا دین کن لوگوں سے حاصل کرنا چاہیئے۔

فاروق اعظمؓ نے فرمایا کہ قرآن کا درس صرف وہی شخص دے سکتا ہے جو لغت عرب کا عالم ہو۔ اور لغوی کے لیے لازم ہے کہ اشعار عرب کو یاد کرے اور ان کے معانی اور حقائق کو سمجھے، فہم قرآن کا یہی ایک ذریعہ ہے اسی طرح جو لوگ لغوی سے علم لغت حاصل کرنا چاہیں تو اس پر لازم ہے کہ ان کیساتھ لطف ومہربانی سے پیش آئے۔

ان آداب کا حامل اہل لغت کے نزدیک حافظ کہلانے کا مستحق ہوتا ہے جس طرح کہ حدیث کے یاد کرنے والے ماہر کو محدثین کی اصطلاح میں حافظ کہا جاتا ہے۔

ھٰذا ما اجتنیتہٗ من المقدمۃ علی المنجد المترجم للفقیہ اللوذعی سماحۃ حضرۃ الشیخ مولانا مفتی محمد شفیع ابقاہ اللہ لنا وللاسلام ذخرًا۔ آمین۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

الف ممدودہ

آ

آ - تعال (ج) تعالوا۔

آب - ماءٌ (ج) مِیاہٌ

آب - (رونق) رُواء۔ جمال رونق۔ مُوْھَۃ۔

آباءواجداد۔ اٰباء۔ اَسْلاف

آبائی - (موروثی) اَبَوِیٌّ، وراثی متوارث۔

آباد۔ عامر (ج) عُمَّار۔ معمور

آبادی - عمران۔ حرکۃ

آبادی - (بستی) قریۃ (ج) قریٰ معمورۃ۔ سکونۃ۔

آبادی - (باشندے) سکان البلد اھالی۔

آبادہونا - عَمَرَالْبَیْتُ بِاَھْلِہ وعمرت اَلْبِلَادُ بِالسُّکَّان، (ک) عُمرانا (ن)

آبادہونا - سَکَنَ الْبَیْتَ وَقَطَنَہٗ وَتَوَطَّنَہٗ۔

آبادکرنا - عَمَرَالْبَیْتَ وَالْبَلَدَ (ک) عَمْراً - اَلْاِعْمَارُ - اَلتَّعْمِیْرُ اَلْاِسْتِعْمَارُ۔

آبادکرنا - (بسانا) اِسْکان۔ توطین (مثال) اَسْکَنَتِ الْحُکُوْمَۃُ اللاجئین البلاد وَوَطَّنَھُمْ

آبادکاری - اِسْکَانٌ

آب باراں - مَاءُالْمَطَر

آب پاش - مِرَشَّۃ

آب پاشی - اِسْقاءٌ - تَرْوِیَۃ رَیٌّ اَرواء۔ سَقْیٌ (ض) رش المَاء (ک)

آب پاشی کرنا - سقی الارض اَلرَّش - اَلتَّرْشَاش (ن)، النضح (ف ض) اَلتَّسْقِیْن۔

آب پاشی کامحکمہ - مصلحۃ الرّی

آب جو - جَدْوَل (ج) جَدَاوِل جَعْفَر (ج) جَعَافِر

آب چشم - ماءالعین دَمْعٌ (ج) دموع

آب چک - مُستَنقَعٌ (ج) مُستَنقَعَاتٌ
آبخورہ - کُوبٌ ج، اَکوَابٌ - کُوزٌ (ج) کِیزَانٌ، واکواز
آبدار - مُجَلّیٰ، لامع، جمیل
آبداری - جلاء
آبدوز - (کشتی) غوّاصہ (ج، غوّاصات -
آبدست - تطہیر، الاستنجاء بالماء
آبدیدہ - باکی العین - مہموم دمعٌ حزین -
آبرو - عِرضٌ (ج) اَعرَاضٌ - عزۃ - عفۃ، حُرمۃ -
آبرو اُتارنا - ہَتکُ العِزّۃَ وَ الحُرمَۃ (ض)، اِہَانَۃ -
آب رواں - (کپڑا) سَکبٌ -
آبروریزی - اِزدَاء، اِزدِرَاء اِستِخفَافٌ -
آبرو لینا - الاِہَانَۃُ - التَحقِیرُ - الازداء -
آب زر - مَاءُ الذَّہَبِ -
آبشار - شِلَال ج شلالات
آب شور - اَلمَاءُ المَالِحُ
آب شیریں - اَلمَاءُ العَذبُ
آبگینہ - زجاج، بلّور
آبلہ - نِفطَۃ - مَجلَۃ (ج) مجل مجال - جَسرَۃ -
آبلہ پڑنا - نفطت (ید ہ) (ف) نَفطًا و نَفِیطًا -
آبنائے - بوغاز (ج) بواغیز
آب نقرہ - ماءُ الفِضّۃِ -
آبنوس - ابنوس - سَاسم
آب وتاب - اللمعَانُ، الجَمَالُ
آب ودانہ - اَلرِّزقُ التِرحَالُ
آب ودانہ اُٹھنا - قُدِّرَلَہُ السفرُ والرّزق -
آب وہوا - اَلجَوّ - اَلطَّقسُ المُنَاخُ - الھَوَاءُ وَالمَاء -
آب وہوا موافق آنا - وَافَقَہُ الجَوُّ - ولائمہ ملائمۃ -
آب وہوا کا ناموافق ہونا - اِجتَوَا
آبی - مائی (مونث) مائیۃ -
آپ - حضرتکم، جنابکم -
آپ - (خود) بنفس -
آپ بیتی - قصۃ الحیٰوۃ
آپ کا - لکم لحضرتکم
آپ کا قطع کلام ہوتا ہے - اُقَاطِعُ

کلا مکم۔ اقول۔ مُقاطِعاً
کلا مکمُ۔
آپ ہی آپ۔ بغیر سبب۔ بغیر
داعٍ۔ بنفسہ۔
آپے سے باہر ہونا۔ تجاوز الحدّ
وتعدّی ثار غضباً۔
آپے میں آنا۔ اِستِحضارٌ۔

آپڑنا۔ وَقَعَ علیہ
آپریشن۔ عملیۃ جراحیۃ۔
آپریشن کرنا۔ اجراء عَمَلِیَۃ
الجراحیۃ۔
آپریشن کرنے والا۔ جراح طبیب
آپریشن کی میز۔ مائدۃ الجراحیۃ
آپریشن کا کمرہ۔ غُرفۃ العَمَلِیات
آپریشن کامیاب ہونا۔ نجحَتِ
العَمَلِیَۃ
آپس دار۔ حَمِیم (ج) اَحِمّا۔
آپس داری۔ قرابۃ۔ نَسَبٌ
عِلَاقَۃٌ۔
آپس میں قرعہ ڈالنا۔ اِستِسہامٌ
آپس میں۔ فِیمَا بَینَ
آپے سے باہر ہونے والا۔ اِشِرٌ

آپس میں ایک ہونا۔ اِتّفاقٌ
آپس میں جھگڑنا۔ اِختِلافٌ
آپس میں لڑنا۔ اِختِصام
آپس میں صلح کرنا۔ اَلاِصّالحُ
آپس میں قتال کرنا۔ المقاتلۃُ
آپس میں ملنا۔ المُواصلۃُ۔
آپس میں حسد کرنا۔ التحاسد۔
آپس میں فخر کرنا۔ التفاخر۔
آتا جاتا۔ مُسافر، مارٌّ، عابرُ
سَبِیل۔
آتش باری۔ اِطلاق النّیران
آتش بازی۔ نارِیّہ، اَلعابٌ ناریہ
آتش پرست۔ مَجُوسی۔ زرتشتی
آتش دان۔ کَانُون (ج)، کوانین
مجمر۔ مجمرۃ (ج)، مَجامِیر
آتش زدگی۔ حَرِیق (ج)، حَرائق
آتش زدگی ہونا (ف)، وَقَعَ الحریق
آتش زنی۔ اِلقاء الحَرِیق۔ احراق
آتش فشاں پہاڑ۔ بُرکان (ج)،
بُراکین۔ جَبَل النّار۔
آتشک۔ زَھرِیّہ
آتشیں۔ ناری (مونث)، نارِیّۃٌ
آتما۔ رُوح (ج)، اَرواح، نفس

(ج)، نفوس، انفس، مُهْجَة
(ج)، مُهج، مُهجات -
آٹا - دقیق (ج)، اَدِقّه، اَدِقّاء
طَحِينٌ -
آٹا - (گندھا ہُوا)، عَجِينٌ (ج)، عُجُنٌ
آٹا گوندھنا - عجن الدَّقیق (ض)
آٹا پیسنا - طَحَنَ الْغَلَّةَ طَحْناً -
آٹا ڈھیلا گُندھا ہُوا - ضَعِيفَة
آٹا گوندھنے کا برتن - مِعْجَنٌ
مِعْجَنة (ج)، مَعَاجِنُ -
آٹا نرم کرنا - اِدْقَاق
آٹے کا پیڑا - فَرَزْدَقه (ج)
فَرَزْدَق -
آٹے کی خشکی - لُوَاثه - لُوَافَة
آٹا بیچنے والا - دقّاق -
آٹا پیسنے والا - طَحّان
آٹا چھاننے والا - نَخّال
آٹھ - ثمان، ثمانیه،
آٹھ آٹھ - ثُمَان - مَثْمَن
آٹھواں حصہ - ثُمن - ثَمِينٌ -
آٹھواں عدد - ثامِنٌ
آٹھ بجے - فی السّاعة الثَّامنه
آٹھ بجنا - بلغت الساعة ثمانيةً

آٹھواں رومی شمسی مہینہ - اب
آثار - اثر، ایات، معالم، ماثر
علائم، امارات - کوائم
مَظَاهِر - دلائل -
آثار قدیمہ - عادیات - الآثار
آثار - (پرانے اور بوسیدہ)، اَدْهَمُ
آثار - (قوم عاد کے)، اِرَمُ -
آثار نیک - علائم الخیر
آثار بد - علائم الشرّ -
آثار نظر آنا - لاحت الدلائل
(ن)، وردت الامارات (ض)
ظهرت (ف)، بَدَات (ن)
لاحت بوادر الامل (ن)
آثار مٹ جانا - اِخْتِفَاء الشئ
انتشار طمر (ن)، طمورا -
آج - اَلْيَوْمَ -
آجکل - فی الایام الحاضرة، فی
الزمن، والوقت الحاضرة -
آجکل میں - فی القرب العاجل -
آج کا کام کل پر اُٹھا رکھنا - تاخیر
عَمَلِ اليوم الى الغدِ
آج بوئے گا کل کاٹے گا - اِنْ
تزرع اليوم تحصد غداً

آختہ - خَصِیٌّ ج خِصیۃٌ۔ خِصیانٌ
مَوجُوْءٌ -
آخرکار - اٰخرالامر، وعاقبۃ،
نتیجۃ الشئ - مآل۔ مَصِیر
آخری - اٰخر - نِہائی - مُتخلّفٌ -
آخری حصہ دن کا - عَشِیٌّ - عَشِیّۃٌ
آخر عمر - اَرْذَلِ العُمُر -
آخری فیصلہ - القرار النہائی
التسویۃ النھائیۃ
آخر دم - حالۃ النّزع
آخر شب میں چلنا - اِدّلاج
آخری دیدار - لقاءٌ نہائی، زیارۃ
المریض المشرف علی الموت
آخری بچہ - عجزۃ - کبرۃ - نُفاضۃ
آخری وار - ضربۃ أخیرۃ -
آداب - (تمیز - سلیقہ) ادب (ج)
اٰداب -
آداب - (اخلاق) الاَخلاقُ الطّیبۃ
آداب - (تعظیم) واجباتُ الاِحترام
آداب بجا لانا - حَیّاہ تحیّۃ،
اِکرامٌ، قامَ بِاداءِ الواجبات
آداب والقاب - دِیباجۃ الرّسائل
آدمی - اِنسٌ (ج) اُناس - اَناسی

انسان (ج) اَناسی - اَناسیۃ
اُناس، بشر -
آدمی - (جس کی گردن لمبی اور خوبصورت ہو)
اَجْیَدُ (ج) جُوْدٌ
آدمیت - انسانیۃ - ثقافۃ
آدمیت آنا - تَثقّفَ وتَھذّبَ.
آدمیت سے دور ہونا - اِبْتَعَدَ
عَنِ الاِنسانیۃِ -
آدھا - نصف (ج) انصاف - فَلْج
(ج) فُلُوْجٌ -
آدھا ہونا - الانتصاف
آدھا کرنا - التنصیف. التشطیر
آدھی بات - کلام غیر کامل،
حدیث وکلام ناقصٌ
آدھی رات - وَھْن، مَوْھِن، ھُتْءٌ
نِصفُ اللّیْل - جَوفُ اللّیل
آدھی رات گئے - فی منتصف اللیل
آدھا سیسی کا درد - شقیقہ،
(ج) شقائق -
آڈٹ - تفتیش الحساب
آڈیٹر - مفتش الحساب - محاسب
قانونی -
آراستگی - تزیین - تحسین تجمیل

آراستہ۔ مُزَیَّنٌ
آراستہ کرنا۔ زَیَّنَ۔ اِزَانَۃُ التَّجْلِیَۃُ
آراستہ ہونا۔ تزین۔ تجمل۔
آراستہ ہونا۔ (عورت کا) ابراقٌ
آرام۔ راحۃ (ج) راحات، دعۃ طَمَانِیۃٌ۔
آرام۔ (مرض سے) صحۃ وشفاء من المرض۔
آرام پانا۔ استراح بالشیٔ، اصاب راحۃ۔
آرام دینا۔ اِرَاحَۃ۔
آرام دینا۔ (جانور کو) اِجْمَامٌ۔
آرام دہ۔ مُریح۔
آرام پہنچانا۔ توفیر اسباب الراحۃ الاِرَاحۃ۔
آرام کرنا۔ الاستراحۃ۔ استراح اوی الی الفراش۔
آرام سے۔ فی راحۃ۔
مستریح۔ مُطْمَئِنُ البَالِ۔
آرام وسکون دینا۔ اِثْبَاتٌ
آرائش۔ ذینۃ (ج) زینات۔
آرائش کرنا۔ التزیین۔ الزخرفۃ
آرائش بلدہ۔ (صفائی) الکنس والتنظیف
آرائش ہونا۔ التجلی۔ الازدیان
آر پار۔ نفوذ۔
آر پار ہو جانا۔ نَفَاذٌ
آر پار ہونا۔ نفذ الشیٔ (ن) نفوذا
آرٹ۔ فن (ج) فنون۔
آرٹ۔ (میں مہارت) دقۃ، براعۃ مہارۃ۔
آرٹسٹ۔ فَنَّان، رسّام، مصوّر صانع
آرٹ پیپر۔ ورق نعام
آرڈر۔ اَمْر۔ (ج) اَوَامِر۔ طَلَبٌ (ج) طَلَبَات۔
آرٹیکل۔ مقالہ ج مقالات۔
آرڈرزی۔ اِعْتِبَادِی۔
آرڈر دینا۔ اَصْدَرَ الیہ امراً
آرڈر پورے کرنا۔ اجابۃ الطلبات
آرڈر جاری کرنا۔ اصدار الامر۔
آرڈر لینا۔ حصل التاجر علی الطلبات
آرڈر منسوخ کرنا۔ الغاء الامر وَالطّلبات۔
آرڈر فارم۔ ورق الطلب۔ استمارۃ الطلب

آرڈر بک - دفتر الطلبات
آرزو - اَمَل (ج) امال - امنیه
(ج) امانی - منیه (ج) مُنیً -
آرزو کرنا - الترجی - اَلتَمَنّی - اِستِعتاب
آرزو پوری ہونا - تحققت الامنیه -
آرزو پوری کرنا - تحقیق الامانی -
آرزو خاک میں ملنا - خاب - خیبۃ
آرزو خاک میں ملانا - خیب امله -
آرزومند ہونا - اجهادُ - اشتیاقُ
آرگن - (باجہ) اُرغنُ
آرہ - مِنشَار (ج) مناشیر
مئشار (ج) ماشیر
مواشیر -
آرہ چلانا - النشر (ن)
آرہ کشی - نشر، اَشر
آرہ کا دندانہ - اشرہ (ج) اُشُر
اُشَر
آڑ - حجاب (ج) حُجُب - خَمَرُ
سِتَار (ج) ستائر - حاجِزُ
(ج) حَوَاجز -
آڑا - مُحَرَّفُ -
آڑ پکڑنا - اتخذه عُرضة
آڑ لینا - التَوَادِیُ

آڑ بنانا - جعل - ستارا
آڑ میں کام کرنا - یعمل من
وراء السِتارِ -
آڑے ہاتھوں لینا - لامه، لوماً (ن)
آڑے آنا - المُسَاعدَاۃ - المُعَاونة
اَلاِعَانَة -
آڑو - خَوخَه (ج)، خَوخ - فِرسِک
دَرّاقِن -
آڑو - (مع گٹھلی) لُزّیق
آڑو - (گٹھلی نکالا ہوا) فُلَیّق
آڑھت - عَمُولَة - وکالة -
آڑھتی - عَمِیل (ج) عُمَلاء
وکیل (ج) وکلاء
آزاد لوگ - حُرّ (ج) احرار
عتیق (ج) عتقاء -
آزاد خیال - (لبرل) اَحرار
آزاد کردہ - مُعتَق - مَولیٰ (ج)
مَوَالِ -
آزاد کرنے والا - مَولیٰ (ج)، مَوَالِ
آزاد کرنا - التحریر - الاعتاق
تحریرُ - اطلاق - سراح
الاسیر -
آزاد کرنا - (قید سے) الاطلاق.

آزاد ہونا۔ تحرر۔ انطلق۔ تَجَرَّدَ
آزاد چھوڑنا۔ اطلق۔ عنانہ، اسجلہُ
آزادی۔ حُرِّیۃ۔ عتاقۃ
آزادی دینا۔ مَنحہ۔ اغطاہ
حُریۃ اُطلقَ له العِنَان۔
آزادی سلب کرنا۔ سلبُ لحریۃ
آزادی حاصل کرنا۔ نال الحریۃ
آزادیٔ فکر۔ حریۃ فی الرأی
والفِکرُ۔
آزادانہ۔ بحُرِیّۃ
آزار۔ اذیٰ۔ ضرّ
آزار پانا۔ التاذی
آزردہ۔ مُضِرّ۔ مُؤذِی
آزاردہی۔ ایذاء۔ اضرار
آزاردینا۔ الایذاء
آزردگی۔ مَلَلٌ۔ مَلال۔ سامۃ
آزردہ۔ مَلُولٌ۔ سَئِمَ
آزردہ خاطر۔ مَکسُورُ القَلب
آزمائش۔ اِمتِحان۔ اختبار۔ ابتلاء
آزمایا۔ امتحنہ۔ اختبرہ۔ ابتلاہ
آزمانا۔ الامتحان۔ الاختبار الابلاء
اَلبُلُوا (ن) اَلتجرِیب۔
آزمودہ۔ مُجرّب

آزمودہ را آزمودن۔ جرّبَ
المُجَرَّبَ۔
آزمودہ کار۔ مُحَنَّکٌ۔
آزمودہ کار آدمی۔ شِمر۔
آس۔ امنیہ (ج) اَمانٍ۔ اَمَلٌ
(ج) اٰمال۔
آسان۔ هَیّنٌ۔ یَسِیرٌ۔ سَهْلٌ
میسور۔ مُتَیسّر۔ مُستَطاع۔
آسان ہونا۔ التسنی۔ التسہل
اَلیَسَر (ک) السُّهُولَۃ۔
اِلسِّهَالَ۔ اِستِیسَارُ۔
آسان سمجھنا۔ اِستِسهَالٌ
آسان کرنا۔ تَیسِیر۔ تَسهِیل
اِستِسهَال۔
آسان کرنا۔ اَلتسنِیۃ۔

آسانی۔ یُسرٌ۔ سهولۃ۔
آسانیاں۔ تسہیلات
آسانیاں بہم پہنچانا۔ تقدیم
التَسهِیلاَت۔
آسائش۔ دَعَۃٌ۔ رَاحَۃٌ۔ رَوَاح
آستانہ۔ لِحَافٌ (ج) لُحُفٌ۔ الجُفۃ
اُسکُفّہ، وَصِیدٌ (ج) وُصُدٌ۔

عنبۃٌ (ج) عتبات
آستین - رُدْنٌ - کُمٌّ - (ج)
اَکمام - کِمَمَہ -
آستین بنانا - التکمم - اِلاکمامُ
آستین چڑھانا - رَفع کمہ
آستین کا سرا - عُبٌّ (ج) عِباب
رُدْن (ج) اَردان
آستین کا لمبا ہونا - اِرْدھاب
آس پاس - بِجوارٍ - قُرْبٌ
حُوْلٌ -
آسٹریا - (ملک) نمسۃ - اسٹریاء
آسٹرین - نمساوی -
آسرا - اَمَلٌ (ج) اٰمال - رَجاء
آسرا دینا - التامیل -
آسرا کرنا - الْاَمل - الرّجاء (ن)
آسمان - سَماءٌ (ج) سماوات
فلك (ج) افلاک - خضراء
آسمانی تیر - سَھم عائِرٌ -
آسمانی فضا - لُوحٌ - جَوٌّ (ج)
جِواء - ھَوَاءٌ (ج) اَھوِیَہ۔
آسمان صاف ہونا - صفت السّماء
انقشع السحاب
آسمان کے کنارے - آفاق -
(واحد) اُفُقٌ -
آسمان سے باتیں کرنا - شُمُوخ
الشی الی عِنان السّماء -
آسمانی - سماوی - فلکی
آسودگی - (خوشحالی) خَفضٌ - رغد
آسودگی - (کھانے سے) شَبْعٌ -
آسودگی - (پینے سے) رِوَاءٌ
آسودہ - (خوشحال) خَفِیض -
آسودہ - (کھانے سے) شَبْعَان،
(ج) شِباع، شَباعیٰ۔
آسودہ - (پینے سے) نَھْلان (ج)
نَھلیٰ - رَیّان (ج) رِوَاء
آسودہ رکھنا - اِرْفاہٌ -
آسودہ زندگی - عَیش خفیض - خافض
رغد - رغید -
آسیب کے اثر سے سینہ میں درد و جلن
لَھْدٌ -
آشتی - صُلحٌ - سلمٌ - مَوَدَّۃٌ
آش جو - کشک -
آشکارا - منکشف - جلیٌّ - وَاضِحٌ
بَیِّنٌ - ظَاھِرٌ -
آشکارا ہونا - اِتَّضَحَ - تجلّیٰ
اِنکشف - تَفَشّی السِرُّ

آشنا - دوست، خَدِین - خِدْن
(ج) اَخْدان - مَعْرِف -
آشنائی - صَدَاقة - مَعْرِفة -
آشنائی ہونا - حَصَلَتْ لَهُ الْمَعْرِفَةُ
آشنا - (واقف) العارف - الواقف
آشوبِ چشم - رَمَدٌ
آشوبِ چشم والا - رَمِدٌ - اَرْمَد
آشیانہ - وَكْرٌ - وُكُونٌ - اَوْكُرٌ
وُكُنٌ - وُكُونٌ - وَكْرٌ
(ج) اَوْكَارٌ - عَشٌّ - عُشٌّ
(ج) عشاش - عِشَشَةٌ
اَعْشَاشٌ - عُشُوشٌ
آشیانہ بنانا - بنی الطائرُ عُشا
فی الشجر ووَكْرًا فِی الجِدَارِ
آغاز - بِدَايةٌ - ابتداء - بَدْءٌ
مطلع الشئ وفَجْرُه
آغاز روز - وَجْهُ النَّهَارِ
آغاز کرنا - الابتداء - البدء
آغوش - حِضْنٌ (ج) حُضُونٌ
اَحْضَانٌ - حِجر (ج) حُجُور
اِبطِ (ج) اٰباط - جنب
(ج) جنوب۔
آغوش میں لینا - اِحْتَضَنَهُ، تأبَّطَه
آغوش مادر - حِجْرُ الاُمِّ
آفت - (بڑی اور سخت) اَدْهیٰ
آفت - عَاهَةٌ (ج) عَاهَاتٌ
اٰفَةٌ (ج) اٰفَاتٌ - مُصِيبَةٌ
(ج) مَصَائِبُ -
آفت برپا کرنا - اِحْدَاثُ فِتْنَةٍ
وَضَجَّةٍ -
آفت پڑنا - وَقَعَتْ عَلَيْهِ الشِّدَّةُ
وَالْمُصِيبَةُ -
آفت جان - سُلْطَانُ الْجِسْمِ -
آفت کا پرکالا - شِرِّيرٌ -
آفتاب - ذُكاء - شمس (ج)
شُمُوس -
آفتاب - (بوقت طلوع) غَزَالة
آفتاب کا نکلنا - اِشْرَاق -
آفتاب کی ٹکیہ - جَوْنة ج جُون
صَيْخَد (ج) صياخِد -
آفتاب کا نور پھیلانا - اِشْعَاعٌ
آفتاب کی کرن - سُعْرُورٌ -
سعرورة (ج) سعارير ،
شعاعٌ (ج) اَشِعَّة - شُعُعٌ
آفتابی - شمسی
آفتاب نکلنا - اَلْبَزْغُ - البُزُوغُ (ن)

آفرین - حبذا - اَحسنتَ اَحسنتَ
آفرین کہنا - التحسینُ -
آفس - مکتب (ج) مکاتب
آفیسر - موظف - ضابط (ج)
ضُبّاط -
آفیشل - رسمی - حکومی
آقا - سیّد - سادۃ - مولیٰ
آکاس - جوٌّ (ج) جواءٌ - اجواء
ھواء (ج) اھویہ -
آکسیجن - اوکسیجن -
آکھ - عشر -
آگ - وقد - ساعور - نار (ج)
انورہ - نیرہ - نیران
آگاہ - علیم (ج) علماء - خبیر
(ج) خبراء
آگاہ ہونا - احساسٌ
آگاہ کرنا - ادراء - اشعارٌ
آگاہی - العلم - الاطلاع -
الانتباہ - اخطارٌ -
آگبوٹ - (دخانی کشتی) باخرہ (ج)
بواخر -
آگ کی آواز - حسیسٌ - اجیجٌ
آگ بھڑکانا - استضرامٌ

آگ کی بھڑک - لہب، لھبان - توقّدٌ
آگ کی لپٹ - اجّہ -
آگ کا شعلہ - اوجیجٌ
آگ جلنا - اشتعال - توقّدٌ
آگ جلانا - اشعال - توقیدٌ -
آگ لگنا - اصابتہُ النارُ - احترق
الشیئُ
آگ لگنا - (غصّہ میں بھر جانا) ثارت
واشتعلت نار الحماسہ
آگ لگانا - اشعالٌ - احراقٌ تحریقٌ
آگ لگانا - (غصّہ دلانا) اشعل
نار الحماسہ
آگ بھڑکنا - التھبت وتأججت
آگ بھڑکانا - الھابٌ - تاجیج
احضاب -
آگ بھڑکانا - (اشتعال دلانا) اثارۃ
استحثاثٌ -
آگ بجھنا - الانطفاءُ - الخمودُ
(ن-س) الھمودُ (ن)
آگ بجھانا - الاخمادُ - الاطفاء
اخباءٌ -
آگ برسانا - اطلاقُ النارِ -
آگ بگولا ہونا - التحدّم - الاحتدام

آگ تاپنا - اَلتَّسَفُّعُ - اَلِاصْطِلَاءُ
آگ جلنا - اَلِانْقِادُ - اَلتَّوَقُّدُ
اَلْوَقْدُ - اَلْوُقُوْدُ (مص)
آگ جلانا - اَلِاسْتِیْقَادُ - الایقاد
اِتِّقَادُ -
آگ میں پوری طرح جلانا - اِحْرَاقٌ
آگ دبانا - اَلتَّطْبِیْنُ (مص)
آگ میں داخل کرنا - اَلْاِصْلَاءُ
آگ میں داخل ہونا - اَلصِّلِیُّ (س)
آگ کی لَو اٹھنا - اَلْاَجُّ - اَجِیْجٌ
آگ پر لکڑیاں ڈالنا - اِحْضَابٌ
آگ کا بھڑکنا - اَلتَّشَعُّلُ -
آگا پیچھا دیکھنا - اَلنَّظَرُ اِلَی العَوَاقِب
آگے (ظرف) وراء - قدّام - اَمَام
آگے - (صفت) مُتَقَدِّم - مُتَفَوِّق
آگے - (زمانہ) فی المُسْتَقْبِل
آگے آنا - استقدام - اعتواء
آگے بڑھنا - المُسَابَقَۃ
آگے کرنا - اَلتَّقْدِیْم -
آگے نکل جانا - اِسْتِرْعَافٌ
آگے ہونا - اَلتَّقَدُّمُ
آگھیرنا - اِعْتَوَاءٌ
آگے آگے - فِی طَلِیعَۃٍ وَمُقَدَّمَۃٍ

آگے پیچھے - مُتَتَادِبًا - وَاحِدًا
بَعْد وَاحِدٍ -
آلہ - آلہ (ج) الات - اَدَاۃٌ (ج)
اَدَوَات -
آل پاکستان - عُمُوم الباکستان
آل پاکستان ریڈیو - اذاعۃ
عُمُومِ البَاکِستان -
آلائش - قَیْحٌ - دَمٌ - وَسِخٌ -
قذارۃ - نجاسۃ -
آلۂ کار - اَدَاۃٌ - لِلتَّنفِیْذِ -
آل پن - دَبُّوس (ج) دبابیس -
آلتی پالتی - التَّرَبُّع فِی الجُلُوس -
آلو - بَطَاطَا -
آلو بخارا - برقوق - اِجَّاص
آلودہ - مُلَوَّثٌ -
آلودہ کرنا - اَلتَّلطِیخ - اَلتَّلوِیث -
آلودہ ہونا - التلطخ - التَّلَوُّثُ
آم - اَنْبَج - مَانجُو -
آمادہ - راضی -
آمادہ کرنا - (کینہ پر) اِحْقَادٌ -
آمادگی - اَلرِّضَاءُ
آمادہ ہونا - اِرصَاد - اَلِاسْتِعْدَادُ
اَلتَّھَیُّو - اَلتَّاھُبُ (صلہ لام)

آمادہ ہونا ۔ (رونے کے لیے): اِجْهَاشٌ (صلہ الی)

آمادہ کرنا ۔ اَلْاِنْهَاضُ (صلہ ب)

آماس ۔ وَرَمٌ (ج) اَوْرَامٌ ۔

آماس ۔ (ہڈی کا) ۔ صَاخَةٌ (ج) صاخ صَاخَات ۔

آماس کی کمی ۔ اِنْفِشَاش، حَمْصٌ حُمُوصٌ ۔

آماس ہونا ۔ اَلتَّوَرُّمُ ۔ اَلْوَرَمُ ۔ (ف)

آماس ہونا ۔ (بغیر تکلیف کے): اَلتَّخَوُّبُ اَلْخَوْبُ ۔ (س)

آماس کا کم ہونا ۔ اَلْاِنْفِشَاشُ ۔ اَلْحَمْصُ ۔ اَلْحُمُوْصُ (ن)

آمدنی ۔ دَخْلٌ ۔ وَارِدٌ ۔ صَادِرٌ ۔ اِیْرَادٌ ۔ (ج) اِیْرَادَات ۔

آمدنی بڑھنا ۔ اِزْدِیَادُ الدَّخْلِ

آمدنی گھٹنا ۔ هُبُوْطُ الدَّخْلِ

آمدنی بند ہونا ۔ اِنْقِطَاعُ الدَّخْلِ ۔

آمد و رفت ۔ اَلْاِیَابُ وَالذَّهَابُ اَلْمُرُوْرُ ۔ السفر ۔ اَلْقُدُوْمُ وَالْعَوْدَةُ

آمد و رفت رکھنا ۔ اَلتَّرَدُّدُ

آمنا سامنا ۔ اَلتَّوَاجُدُ ۔ اَلتَّقَابُلُ ۔

آمنے سامنے ۔ مُتَقَابِلًا ۔ وَجْهًا لِوَجْهٍ

آمیزش ۔ اِمْتِزَاج ۔ اِخْتِلَاط ۔

آمیزش کرنا ۔ اَلْاِخْلَاطُ ۔ اَلْاِمْزَاجُ

آمیزش ہونا ۔ اَلْاِمْتِزَاجُ ۔ اَلْاِخْتِلَاطُ

آن ۔ عِزَّةٌ ۔ عَظَمَةٌ ۔ کِبْرِیَاءٌ ۔

آن ۔ (وقت) لَمْحَةٌ ۔

آنا ۔ (حجاز میں) اِخْتِجَازٌ

آنا ۔ اَلْاِتْیَانُ (ض) اَلْقُدُوْمُ (ن) اَلْمَقْدَمُ (س) المجیٔ (ض)

آنا (صبح کے وقت) ابکار (صلہ الی) اِصْبَاحٌ

آنا ۔ (رات کے وقت): اَلطُّرُوْقُ ۔ اَلطُّرُوْقُ (ن)

آنے والا ۔ آتٍ ۔

آنا جانا ۔ اَلْاِخْتِلَافُ ۔ التَّرَدُّدُ ۔

آنا ۔ (پیچھے): اِخْتِفَاءٌ ۔ (صلہ الی)

آنت ۔ قِتْبٌ (ج) اَقْتَابٌ ۔ مِعًى (ج) اَمْعَاءٌ ۔ مصیر (ج) اَمْصِرَةٌ ۔ مُصْرَانٌ (ج) مَصَارِیْنُ

آنت کا خصیہ میں اتر آنا ۔ ادرة ۔

آنچ ۔ لَفْحٌ ۔ حَرَارَةٌ ۔ لَهَبٌ

آنچل ۔ قِنَاعٌ (ج) اَقْنِعَةٌ ۔ قُنُعٌ لِثَامٌ (ج) اَلْثِمَةٌ ۔

آندھی ۔ عَاصِفٌ ۔ عُصُوْفٌ (ج) عُصُفٌ ۔ زَعْزَعٌ (ج) زَعَازِعُ ۔

آندھی آنا۔ عَصَفَتِ الرِّیحُ۔
آنریبل۔ صَاحب السَّعادۃ صاحب
العِزَّۃ۔ صاحب المعالی
آنریری۔ تَکْرِیْمِیٌّ فَخْرِیٌّ
آنسو۔ عَبْرَۃٌ۔ (ج) عِبَرٌ۔ عبرات
دَمْعٌ۔ (ج) دُمُوْعٌ۔ اَدْمُعٌ۔
غَرْبٌ (ج) غُرُوْب۔
آنسو۔ (ڈبڈبائے ہوئے)۔ رَقْرَاق
آنسوؤں کا تار۔ هَبْدَبٌ۔
آنسوؤں کا تار بندھنا۔ اِسْبَالٌ
آنسو۔ (نکلنے کی جگہ)۔ غَرْبٌ۔ شَأن
(ج) شُئُون۔ مَدْمَعٌ (ج) مَدَامِعُ
آنسو بہنا۔ اَلدَّمع (ف) اَلْهَمَع۔
اَلْهُمُوع (ف) اَلْهَمْل،
اَلْهُمُوْل۔ (ض ن)
آنسو بہنا۔ (آہستہ آہستہ) اَلذَّرَاف (ض)
آنسوؤں کی روانی۔ غَرْبٌ
(ج) غُرُوْبٌ
آنسو بہنا۔ (تیز)۔ اَلسَّفْحُ (ف)
آنسو بہانا۔ اِذْرَاء
آنسو تھمنا۔ اَلرُّقَاء۔ الرُّقُوء (ف)
آنسو پونچھنا۔ (رخسار سے)۔ اَلنَّكْف (ن ض)
آنسو ڈبڈبانا۔ اَلتَّغَرْغُرُ

اِذْغِرِیْوَاقُ۔
آنسو منقطع ہوجانا۔ التَّزَّفُ (س)
آنکڑا۔ عَقْفَاء
آنکس۔ مِقْمَعٌ (ج) مَقَامِع۔
آنکھ۔ عَيْنٌ (ج) عُيُوْنٌ۔ اَعْيُنٌ
طَرْف (ج) اَطْرَاف۔ ناظرۃ
(ج) نَوَاظِر۔
آنکھ۔ (برقع کی)۔ وَصْوَصٌ (ج)
وَصَاوِص۔ وَصْوَاص (ج)
وصاویص۔
آنکھ پھوڑنا۔ (کسی کی)۔ اِسْتِمَالٌ
آنکھ کے اوپر کی ہڈی۔ حَجَاج (ج)
اَحِجَّۃ
آنکھ کی پتلی۔ بُؤْبُؤ۔ ناظر العین
انسان العین۔
آنکھ کا ڈھیلا۔ مُقلہ (ج) مُقَل
آنکھ کی سیاہی۔ حَدَقہ۔ (ج)
حَدَق۔ حَدَقات۔ اَحْدَاقٌ
حِدَاقٌ۔
آنکھ کی سفیدی۔ بیاض العین
آنکھ کی خوبصورتی اور کشادگی۔
نَجَل
آنکھ کا گوشہ۔ (کنپٹی کی جانب) لحاظ

آنکھ کا کویہ - مُؤْقٌ
آنکھ کے کورُے کا ورم - غَرَب
آنکھ کا گوشہ - (ناک کی جانب) :- مُؤْقٌ
آنکھ مچولی - غُمَيْضَه - مُزحلُوقه
آنکھ مچولی کھیلنا - لَعِبَ الْغُمَيْضَه
آنکھ بند کرنا - الاغماض - التغميض
اَلْغَضُّ - الْغِضَاضُ (ن)
(صلہ بنفسہ ومن)
آنکھ بند ہونا - اَلْغُمُوضُ (ض)
آنکھ پر اوٹ کر کے دیکھنا - اِسْتِشْرَافٌ
آنکھ پھڑکنا - اِلْاِخْتِلَاجُ -
آنکھ پھوڑنا - اَلْفَقْأُ (ف)
آنکھ چھوٹی اور تنگ ہونا - اَلْخَوَصُ
اَلدَّوَشُ (س)
آنکھ جما کر دیکھنا - اَلرُّنُوُّ (ن) صلہ الی ولام
آنکھ میچ کر دیکھنا - اَلتَّخْشِيفُ
آنکھ کھولنا - (کتے کے پلے کا) اَلتَّبْصِيصُ
آنکھ مارنا - اَلْاِيمَاضُ - اَلْحَجْلُ
(ن) اَلْغَمْزُ (ض)
آنکھ کے آگے اندھیرا آجانا -
(بھوک یا پیاس سے) :- اَلْغَمَشُ (س)
آنکھ کے آگے اندھیرا آجانا - (بھوک یا دسوپ سے) :- اَلْمَدَشُ (س)

آنکھیں پھاڑ کر دیکھنا - التحميج
التَّحْدِيقُ -
آنکھیں پھرانا - اَلتَّرَأْرُأَةُ -
آنکھیں دکھانا - اَلْحَمْلَقَةُ
آنکھ نکال لینا - اَلْبَخْصُ (ف)
آنکھ میں سلائی پھیرنا - اَلسَّمْلُ
اَلسَّمْرُ (ن) -
آنکھ کشادہ - عَيْنٌ وَاسِعَةٌ -
آنکھ (بڑی) عَيْنٌ كَبِيرَةٌ
آنکھ (گول) عَيْنٌ مُسْتَدِيرَةٌ -
آنکھ (چھوٹی) عَيْنٌ صَغِيرَةٌ
آنکھ (دھنسی ہوئی) عَيْنٌ غَائِرَةٌ
آنکھ (دہشت زدہ) عَيْنٌ مُرْتَعِبَةٌ
آنکھ (رنجور) عَيْنٌ حَزِينَةٌ
آنکھ (نارسا) - عَيْنٌ غَبِيَّةٌ
آنکھ (روشن اور تیز) عَيْنٌ ثَاقِبَةٌ
ذَكِيَّةٌ -
آنکھ سے دیکھنا - اِبْصَارٌ -
آنکھ لگنا - (سونا) :- اَلنَّوْمُ (ن)
آنکھ کھلنا - (بیدار) اَلْاِسْتِيقَاظ
آنکھ لگانا - (سونا) :- اَلْاِسْتِنْزَامُ -
آنکھ نہ لگنا - (نیند نہ آنا) :- اَلسَّهَرُ
(س) لَمْ تَنَمْ عَيْنُهُ -

آنکھ نکالنا ۔ نَزْعُ الْعَیْنِ ۔

آنکھ جاتی رہنا ۔ اَکَلَ الْمَرَضُ عَیْنَہٗ ۔

آنکھ بچا کر نکلنا ۔ اِنْسَلَّ وَ انْطَلَقَ مِنْ بَیْنِ یَدَیْہِ خُفْیَۃً وَ سِرًّا ۔

آنکھ کان کاٹنا ۔ مُثِلَ بِہٖ (ن) جَعَلَہٗ مُثْلَۃً

آنکھ کا کسی طرف پھرنا ۔ اِزْرَاقٌ

آنکھ کا گڑھے میں گھسنا ۔ اِسْتِظْلَالٌ

آنکھوں پر پٹی باندھنا ۔ تَوَحْلَقَ شَدَّ الْعَیْنَ بِعِصَابَۃٍ

آنکھوں سے شعلے نکلنا ۔ تَقَدَّمُ الْعَیْنُ بِشَرَرٍ ۔ تَرْمِی الْعَیْنُ بِشَرَرٍ ۔

آنکھوں کے سامنے پھرنا ۔ طَفَتْ صُوَرُ الْمَاضِیْ اَمَامَ الْعَیْنِ

آنکھوں سے پردہ ہٹنا ۔ اِنْقَشَعَتْ غِشَاوَۃُ الشَّیْءِ عَنِ الْعَیْنِ ۔

آنکھوں میں چمک ہونا ۔ وَمَضَتْ عَیْنَاہُ بِبَرِیْقٍ

آنکھوں سے چنگاریاں نکلنا ۔ تَاَلَّقَتْ عَیْنَاہُ بِبَرِیْقِ اللَّھَبِ

آنکھوں سے لگانا ۔ اِحْتَرَمَہٗ وَ مَنَعَہٗ عَلَی الْعَیْنِ اِحْتِرَامًا

آنکھیں ۔ اَبْصَار (واحد) بَصَر

آنکھیں ترس گئیں ۔ (دیدار کو) : طَمَعَ فِیْ لِقَاءِہٖ تَطَلَّعَ وَاشْتَاقَ اِلٰی رُؤْیَتِہٖ ۔

آنکھیں پھیرنا ۔ حَالَتِ الْعُیُوْنُ عَن ۔ ۔ ۔ ۔

آنکھیں لگنا ۔ (انتظار) : ۔ تَطَلَّعُ اِلٰی ۔ ۔ ۔ ۔ عیناہ عالقتان بہ

آنکھیں نیچی کر لینا ۔ اطراقٌ

آنکھیں دھنسنا ۔ غَارَتِ الْعُیُوْنُ

آنکھیں دھنسا ہوا ۔ اَلرَّجُلُ غَائِرُ الْعَیْنَیْنِ ۔

آنکھ کی رگ ۔ (جس سے پانی بہتا رہے) : غَرْبٌ

آنکھ کی ٹھنڈک ۔ قُرَّۃُ الْعَیْنِ نِعْمَۃُ عَیْنٍ ۔

آنگن ۔ قَاعَۃ (ج) قاعات ۔ سَاحَۃٌ (ج) سَاحَاتٌ ۔ صَحْنٌ (ج) صُحُوْنٌ ۔ فِنَاءٌ (ج) اَفْنِیَۃ ۔

آنند ۔ مَسَرَّۃٌ ۔ فَرْحَۃٌ بَہْجَۃٌ ۔

آوا (کمہار کا) ، کُوْرَۃُ الْفَخَّارِ ۔

فُرْمُوصُ (ج) قَرامیص۔
اَنُوْت، (ج) اُتُن آتانِیْن
آوارگی۔ خَلاعَۃٌ تَہَتُّکٌ۔
آوارہ۔ خَلِیعٌ (ج) خُلَعَاء مُتَہَتِّکٌ
مُسْتَہْتِر۔ اَوْبَاش۔
آوارہ ہونا۔ اَلتَّخَلُّعُ۔ اَلْاِسْتِہْتَارُ
آواز۔ صَوْت (ج) اَصْوَات
آواز۔ (چیخ) صَرْخَۃٌ۔ صَیْحَۃٌ
صُرَاخٌ۔
آواز۔ (اچھی):۔ صَوْت جمیل
آواز۔ (پیاری):۔ صَوْتٌ حُلْوٌ۔ صَوْتٌ
لَطِیف۔
آواز۔ (خوش) صَوْتٌ جَیِّدٌ
آواز۔ (بلند):۔ صَوْتٌ جَہِیْرٌ۔ صَوْتٌ
مُرْتَفِعٌ۔
آواز۔ (پست):۔ صَوْتٌ مُنْخَفِضٌ
صَوْتٌ خَافِتٌ۔
آواز۔ (کپکپاتی ہوئی) صَوْتٌ مُتَہَدِّجٌ
آواز۔ (صاف)۔ صَوْت نَقِیٌّ۔ صَوْتٌ
وَاضِحٌ۔
آواز۔ (بیٹھی ہوئی):۔ صَوْت بَجِیحٌ
آواز۔ (گونجدار):۔ صَوْتٌ دَوِیٌّ۔
آواز۔ (مشینری کی):۔ ھَدِیْرُ الْاٰلَات

وَاَزِیْزُھَا۔
آواز۔ (کبوتر کی)۔ ھَدِیْرٌ۔
آواز (گھنٹی کی):۔ صوت رَانِیْنٌ
آواز (رونے کی):۔ صَوْت اَنِیْنٌ
آواز (میدان جنگ کی) خَشْرَجَۃ الْقَتْلیٰ
آواز (پھیری والوں کی):۔ نداءُ الْمُتَجَوِّلِیْن
عَلَی الْمَبِیْعَات
آواز باز گشت۔ صَدَی۔ (ج) اَصداء
آواز دینا۔ اَلْمُنَادَاۃُ۔ اَلْھُتَف (ض)
آواز دینا۔ نَادَاہُ مُنَادَاۃً۔ اَلتَّادِیۃُ (وصلہ با)
وغیرہ یُعْطِی صَوْتًا۔
آواز پست کرنا۔ الاخفاض التخفیض
آواز بڑھنا۔ اَلارْتفاع۔
آواز بڑھانا۔ الترفع۔ المدُّ (از
اِرْتِفَاعًا)
آواز دبانا۔ (خلاف ضمیر) اسکت
صَوْتَ الضَّمِیْرِ۔
آواز بیٹھنا۔ بَحّ الصَّوْتُ
آواز کو بلند و پست کرنا۔ اِسْتِھْلَالٌ
آواز ہونا۔ حُدُوثُ الصَّوْتُ (ن)
آواز کرنا۔ اِحْدَاثٌ۔ اِصَاتَۃٌ
آواز بند ہونا۔ اِنْقِطَاع الصَّوْت
ھُدُوء (ن) توقف الصَّوْت

آواز اٹھانا - (کسی کے خلاف):- رَفَعَ الصَّوْتَ ضِدَّ فُلَانٍ - رَافَعَ عَقِيْرَتَهٗ ضِدَّ .. اِحْتَجَّ بِهٖ -

آواز ریکارڈ ہونا - تَسْجِيْلُ الصَّوْتِ

آواز پھیلنا - اِنْتِشَارُ الصَّوْتِ -

آواز گونجنا - تَجَاذَبَ الصَّوْتِ وَالصَّدٰى فِي الفضا -

آواز صاف ہونا - اِتَّضَحَ الصَّوْتُ نقي الصوت -

آواز گم ہونا - تَلَاشَتِ الْاَصْوَاتُ وَخَمَدَتْ

آواز خراب ہونا - تَاَثَّرَ الصَّوْتُ بِهٖ

آواز لگانا - نَادٰى - مُنَادَاةً - نَادَى الحَاجِبُ اَرْبَابَ الْقَضَايَا فِي الْمَحْكَمَةِ

آواگون - تَنَاسُخٌ - اَلوِلَادَةُ الثَّانِيَةُ (بعد الموت)

آوازے - طَعْنَةٌ (ج) طعنات

آوازے کسنا - طَعَنَهٗ وَنَبَّهَ - نَقَدَهٗ

آویزاں - مُعَلَّقٌ

آویزاں کرنا - اَلتَّعْلِيْقُ (مصلب)

آؤ بھگت - مُجَامَلَةٌ - مُدَارَاةٌ - تَرْحَابٌ اِسْتِقْبَالٌ -

آہ - آہ - واہ -

آہ (افسوس):- وَا اَسَفَاهُ

آہ بھرنا - آهَ (ن) آهًا وَتَاَوُّهٌ

آہیں نکلنا - تَصَاعَدُ الْآهَاتُ وَالزَّفَرَاتُ

آہٹ - حَسِيْسٌ - رِكْزٌ - حِسٌّ

آہٹ معلوم کرنا - دَبِيْبٌ، وَقْعُ اَقْدَامٍ اَلتَّوَجُّسُ -

آہستگی - رِفْقٌ بُطُوْءٌ - هُدُوْءٌ

آہستگی سے آگے بڑھنا - اِزْدَادَ

آہستہ - بِرِفْقٍ بُطْءٍ - بَطِيٌّ -

آہستہ - (درجہ بدرجہ):- شَيْئًا فَشَيْئًا تَدْرِيْجِيًّا عَلٰى مَهْلٍ مُتَهَادِيًا

آہستہ آہستہ چلنا اَلرَّكْبُ - اَلرُّكُوْبُ (ض)

آہستہ آہستہ جانا - اَلدَّلْفُ (ض)

آہستہ آہستہ چبانا - اَلضَّمْسُ (ض)

آہستہ چلنا - سَارَ عَلٰى مَهْلٍ وَتَدَرَّجَ فِي السَّيْرِ وَتَمَادٰى فِيْهِ

آہستہ آہستہ چلنا - (بڑھاپے یا مرض سے) اَلْغَطْشُ، اَلْغَطَشَانُ (ض)

آہن - (لوہا):- حَدِيْدٌ - سَحْمٌ

آہنی - حَدِيْدِيٌّ

آہنی ارادہ - اِرَادَةٌ مِنْ حَدِيْدٍ

آہنی دیوار - جِدَارٌ مَنِیعٌ
آہنی گرفت - قَبْضَةٌ حَدِیدٌ
آہنی جنگلہ - شَبَکَةٌ حَدِیدٌ
سِیَاجٌ سُوْرٌ
آئٹم - ذَرَّةٌ (ج) ذَرَّات -
آئٹم بم - قُنْبُلَة ذَرِّیَّةٌ (ج) قَنَابِلُ
آئٹمی - ذُرِّیٌّ (مونث) ذُرِّیَّة -
آئرلینڈ - اَیْرْلَنْدَا -
آئس کریم - جِیلَاتِیٌّ - مُثَلَّجٌ -
آئس فیکٹری - مُثَلَّجَة (ج) مَثَالِجُ
آئل کلاتھ - مُشَمَّعٌ قُمَاش -
آئل کمپنی - شِرْکَةُ الزُّیُوْت -
آئندہ - قَادِمٌ - قَابِلٌ - مُقْبِلٌ - اٰتٍ
آئندہ زندگی - اٰجِلَةٌ (ج) اَوَاجِل
آئندہ یوم - یَوْمٌ قَابِلٌ
آئندہ ماہ - شَهْرٌ قَادِمٌ - شَهْرٌ
قَابِلٌ -
آئندہ سال - عَامٌ قَابِلٌ
آئین - قَانُوْنٌ (ج) قَوَانِیْنٌ
دُسْتُوْرٌ (ج) دَسَاتِیْرُ
مِنْهَاجٌ حِزْبٌ
آئین ساز - مُشَرِّعٌ - مُقَنِّنٌ
آئین سازی - تَشْرِیْعُ الْقَوَانِیْنِ

آئین ساز اسمبلی - مَجْلِسُ تَشْرِیْعِیٌّ -
آئین توڑنا - اِلْغَاءُ الْقَوَانِیْنِ
آئین فوجداری - اَلْقَانُوْنُ الْجِنَائِیُّ
تَشْرِیْعُ الْجِنَائِی -
آئین دیوانی - اَلْقَانُوْنُ الْقَضَائِیُّ
آئینی - مَشْرُوْعٌ - دُسْتُوْرِیٌّ
آئینہ - مِرْآةٌ (ج) مَرَائِی - مَرَاءٍ
مَرَایَا وَذِیْلَةٌ (ج) وَذِیْلٌ وذائل
عِنَاسٌ (ج) عُنُسٌ -
آئینہ (عینک کا) عَدَسَةٌ - (ج)
عَدَسَاتٌ -
آئینہ دیکھنا - اَلتَّرَائِیُ
آئینہ دیکھنا - (ہر وقت) - اَلْعَنْس
آئے دن - کَثِیْرًا - فِیْ اَکْثَرِ الْاَیَّامِ

الف مقصورہ

ب

اب - اَلْآنَ - فِی الوقت الحاضر
ابا - وَالِدٌ - اَبٌ -
اُبال - کُنْعَةٌ - فَوَارَةٌ - طُفَاحَةٌ
ابالنا - اِرْغَاءٌ
اُبالنا - (رانڈا ساگ وغیرہ) :- السلق (ت)
اُبال آنا - (ہانڈی میں) :- نَاحَتِ الْقِدْرُ

ابابیل - مَسْنُوْنُوا -
ابتداء - بَدَایَۃٌ - بَدْءٌ - اِبْتِدَاءٌ
ابتدائی - تَمْهِیْدِیٌّ - اِبْتِدَائِیٌّ
ابتدائی دور - اَلْمَرْحَلَۃُ الْاُوْلٰی
اَلصَّدْرُ الْاَوَّلُ - اَوَّلُ الْعَهْدِ
ابتدائی دور - (اسلام کا) :- صَدْرُ
الْاِسْلَامِ وَ مَطْلَعُهٗ -
ابتدائی منزل - مَرْحَلَۃٌ اِبْتِدَائِیَّۃٌ
ابتدائی کارروائی - اجراءات
اَوَّلِیَّۃٌ -
ابتدائی تعلیم - اَلْمَدَارِسُ الْاِبْتِدَائِیَۃ
اَلتَّعْلِیْمُ الْاِبْتِدَائِی -
اب تک - اِلَی الْاٰنِ - حَتَّی الْاٰنَ
ابتری - فَوْضٰی - اِضْطِرَابٌ -
سُوْءُ الْاِدَارَۃِ وَالنِّظَامِ
ابتری پھیلنا - عَمَّ الْاِضْطِرَابُ
وَالْفَوْضٰی وَسُوْءُ الْاِدَارَۃِ
ابجدی حساب - حِسَابُ الْجُمَّلْ
اَبخرات - بُخَارٌ (ج) بُخَارَات
اَبخرات چڑھنا - صعودٌ (ف)
اَبخرات اٹھنا - تَصَاعَدَ الْبُخَارُ
وَتَکَوَّنَ -
اَبر - سَحَابٌ (ج) سُحُبٌ - غَمَامَۃٌ
(ج) غِمَام - غَیْمٌ (ج) غُیُوْم -
اَبر کو ہوا کا اڑا لے جانا - اِسْتِحَافٌ
ابر آلود - سماءٌ مُتَلَبِّدَۃٌ بالغیوم
جَوٌّ مُکْفَهِرٌّ
ابرص کردینا - اِبْرَاصٌ
ابرک - ابرق - طَلْقٌ - طِلْقٌ ، ذَرُوْرٌ
مَعْدَنِیٌّ -
ابر کا ترشح - (ہلکا مینہ) اِرْشَاش
ابرو - حَاجِبٌ (ج) حَوَاجِب -
ابرو کی ہڈی - حِجَاجٌ (ج) اَحِجَّۃٌ
ابرہ ظِهَارَۃٌ - غِلَافٌ ، اللِّحَافِ
(ج) اَغْلِفَۃ -
اُبکائی - تَهَوُّعٌ ، غِثْیَانٌ -
اُبسنا - اَلْخُمُوْمُ - اَلْخُمُوْمَۃُ (ن)
اُبسنا - (گوشت کا) :- اَلْاِخْشَامُ
اَلتَّخَشُّمُ - اَلْخَشْمُ (س)
اُبکائی - تَهَوُّعٌ -
اُبکائی آنا - اَلْقُلُوْصُ (ن) اَلْقَلْسُ
اَلْقَلَسَانُ (ض) اَلْغَثْیُ ـــــ
اَلْغَثَیَانُ (ض)
اُبلا ہوا انڈا - بَیْضٌ مَسْلُوْقٌ -
اُبلنا - اَلْغَلْیُ - اَلْغَلَیَانُ (ض)
اَلْجَیْشُ ، اَلْجُیُوْشُ (ض)

ابلق - سیاہ وسفید رنگ والا) :-
اِبْلَاقٌ۔
ابکی بار - فِی الْمَرَّۃِ الْآتِیَۃِ
ابھی - فَوْرًا، بِالْفِعْلِ - حَالًا - اَلْآنَ
توشہ دان - وَفْضَۃٌ (ج) وِفَاضٌ

مَزَادَۃٌ - مَزَادٌ - مِزْوَدَۃٌ

(ج) مَزَاوِدُ - جِرَابٌ (ج)

جُرُبٌ - جُرْبٌ -

توقع - رِجَاءٌ - اَمَلٌ -

تول - وَزْنٌ (ج) اَوْزَانٌ -

تولیہ - فُوْطَۃٌ (ج) فُوَطٌ - فَطِیْلَۃٌ

مِنْشَفَۃٌ - (ج) مَنَاشِفُ

تومڑی - دُبَّاءٌ -

توند - بَطْنٌ -

توندیلا - بَطِنٌ - بَطِیْنٌ - مِبْطَانٌ

تونس - جُوَادٌ - اُوَامٌ - هُیَامٌ -

توہین - اِهَانَۃٌ - تَحْقِیْرٌ - تَذْلِیْلٌ

هَتْکٌ - اِسْتِخْفَافٌ - ذِلَّۃٌ -

توہین آمیز - مُزْرِیٌّ - مُهِیْنٌ -

مَا یُسْتَوْجِبُ الْاِهَانَۃَ -

تونگر - مُثْرٍ - مُتَمَوِّلٌ - غَنِیٌّ -

(ج) اَغْنِیَاءُ -

توبہ کرنا - اَلتَّوْبَۃُ - اَلتَّوْبُ -

اَلْمَتَابُ - (سب ن صلہ الیٰ)

توبہ کرانا - اَلْاِسْتِتَابَۃُ -

توبہ قبول کرنا :- (توبہ کرنا - البتہ اس کا

صلہ علی آئے گا)

توبڑا دکھانا (جانور کو) :- اَلْاِشْلَاءُ

توجہ دینا - بَذْلُ الْعِنَایَۃِ —

اَلْاِلْتِفَاتُ اَلْعِنَایَۃُ -

توجہ کرنا - (مہربانی کے ساتھ) - اَلْاِعْطَافُ اَلْکَرِیْم

توجہ دلانا - اَلْاِنْتِبَاهُ -

توجہ ہٹنا - اِنْحِرَافُ النَّظْرِ —

توجہ ہٹانا - صَرْفُ النَّظْرِ -

توجہ مرکوز کرنا - تَرْکِیْزُ الْعِنَایَۃِ

توڑنا - اَلنَّقْضُ (ن) اَلْکَسْرُ (ض)

توڑنا (اخروٹ یا بادام) :- اَلْبَدْغُ (ف)

توڑنا - (اندرائن) :- اَلْهَبْدُ (ض) اَلنَّقْفُ (ن)

توڑنا (انڈا) :- اَلْفَقْصُ - (ض)

توڑنا (انگور) :- اَلْقَطْفُ (ض)

توڑنا (بانس) :- اَلْہَضْمُ (ض)
توڑنا (پتھر) :- اَلْوَتْمُ (ض)
توڑنا (پھل) :- اَلْجَدُّ (ن) اَلْحَذْمُ (ض)
توڑنا (پیٹھ) :- اَلْقَصْمُ (ض)
توڑنا (ٹہنی) :- اَلْہَصْرُ (ض)
توڑنا (ثرید کا) :- اَلْہَشْمُ (ض)
توڑنا (خربوزہ) :- اَلْفَضْخُ (ف)
توڑنا (دانت) :- اَلْہَتْمُ (ض)
توڑنا (دیوار) :- اَلدَّكُّ (ن)
توڑنا (روٹی) :- اَلثَّرْدُ (ن)
توڑنا (سر) :- اَلنَّقْفُ (ن)
توڑنا (عہد) :- اَلنَّكْثُ (ن ض)
توڑنا (گٹھلی) :- اَلرَّضْخُ (ف ض)
توڑنا (گردن) :- اَلْوَقْصُ (ض)
توڑنا (ناک) :- اَلْحَطْمُ (ض)
اَلْہَشْمُ (ض)
توڑنا (مہر) :- اَلْفَضُّ (ن)
توڑنا (میوہ) :- اَلْجَنْيُ (ض)
توسیع کرنا۔ اَلتَّوْسِيْعُ۔ اَلْمَدُّ۔
توسیع ہونا۔ اَلتَّوَسُّعُ۔ اَلْاِمْتِدَادُ
توشہ دینا۔ اَلتَّزْوِيْدُ۔
توشہ لینا۔ اَلتَّزَوُّدُ
توقف کرنا۔ اَلْاِنْتِظَارُ۔

تولنا۔ اَلتَّثْقِيْلُ۔ اَلْوَزْنُ (ض)
تول سے لینا۔ اَلْاِتِّزَانُ۔
تومنا :- اَلْمَزْعُ (ف) اَلْمَشْعُ (ف)
اَلنَّفْشُ (ف) اَلتَّمْزِيْعُ
توند نکلنا۔ اَلْقَمَلُ۔ (س)۔
تونگر ہونا۔ اَلتَّمَوُّلُ۔ اَلْاِثْرَاءُ
تہ (لپیٹ) :- طَيٌّ (ج) طَيَّاتٌ۔ غَوْرٌ۔
تہ (کپڑے کی) :- ثِنْيٌ (ج) اَثْنَاءٌ۔
قَلْبَةُ الثَّوْبِ۔
تہ (بات کی) :- كُنْهُ الْحَدِيْثِ۔
تہ (گہرائی) :- قَعْرٌ (ج) قُعُوْرٌ۔
تہ (نیچے) :- تَحْتَ۔
تہ بہ تہ۔ مَلْفُوْفٌ۔ مُلْتَوِيٌّ۔
مَطْوِيٌّ۔ بَعْضٌ فَوْقَ بَعْضٍ
تہبند :- اِزَارٌ (ج) اُزُرٌ۔
مِئْزَرٌ۔ (ج) مَآزِرُ۔
تہائی۔ ثُلُثٌ (ج) اَثْلَاثٌ۔
تہتر۔ ثَلٰثٌ وَّسَبْعُوْنَ۔
تہ خانہ مَطْمُوْرَةٌ (ج) مَطَامِيْرُ
سِرْدَابٌ۔ (ج) سَرَادِيْبُ
تہ دل۔ صَمِيْمُ الْقَلْبِ۔ اِعْمَاقُ
الْقَلْبِ۔ قَرَارَةُ النَّفْسِ
وَالْفُؤَادِ

تہذیب۔ اَدَبٌ۔ ثَقَافَۃٌ۔
تہذیب وتمدن۔ اَلحِضَارَۃُ۔
اَلثَّقَافَۃُ۔
تہذیب کے دائرہ میں۔ بِالْاَدَبِ
مُؤَدِّبًا
تہذیب یافتہ۔ مُؤَدَّبٌ۔ مُثَقَّفٌ
مُہَذَّبٌ۔
تہری۔ ثُلَاثِیٌّ
تہلکہ۔ ضَجَّۃٌ۔
تہمت۔ اَفِیکَۃٌ (ج) اَفَائِکُ
تُہْمَۃٌ (ج) تُہَمٌ۔
عَضِیہَۃٌ۔ (ج) عَضَائِہُ
تہمت زدہ۔ ظَنِینٌ۔ مُتَّہَمٌ۔
تہمد (بچوں کا)۔ نِفَاضٌ (ج)
نُفُضٌ۔
تہیہ۔ اَلْعَزْمُ۔ تَصْمِیمٌ۔
تہنیت۔ سَعَادَۃٌ۔ تَہْنِیَۃٌ۔
تہیدست۔ مَحْسُورٌ۔ مُفْلِسٌ
تہی دستی۔ اَلْاِفْلَاسُ۔ اَلْعَوَزُ
صِفْرُ الْیَدِ۔
تہوار۔ عِیدٌ۔ (ج) اَعْیَادٌ
طَقْسٌ۔
تھا۔ کَانَ۔

تھاپی۔ مِعْفَجَۃٌ۔ مِعْفَاجٌ۔ (ج)
مَعَافِیجُ۔
تھالا۔ مُحَوَّضٌ۔ شَرْبَۃٌ۔ (ج)
شَرَبٌ۔ شَرَبَاتٌ۔
تھالی۔ صِینِیَّۃٌ (ج) صِینِیَّاتٌ
تھان (جانور کا)۔ مَعْلَفٌ (ج)
مَعَالِفُ۔
تھان (کپڑے کا)۔ طَاقَۃٌ (ج)
طَاقَاتٌ۔
تھانہ۔ مَرْکَزُ الْبُولِیسِ۔ مَخْفَرُ
الشُّرْطَۃِ۔ ثُکْنَۃَ البولیس
او الشُّرْطَہ۔
تھانہ دار۔ ضَابِطٌ۔ مُدِیرُ
الشُّرْطَۃِ۔
تھانولا۔ غَرْسٌ (ج) اَغْرَاسٌ
تھاہ۔ قَعْرٌ (ج) قُعُورٌ۔
تھپڑ۔ لَطْمَۃٌ (ج) لَطَمَاتٌ
لَکْمَۃٌ (ج) لَکَمَاتٌ۔
تھپیڑا۔ ضَرْبَۃٌ (ج) ضَرَبَاتٌ
مَوْجٌ۔ (ج) اَمْوَاج۔ اِعْصَارٌ
تھرتھراہٹ۔ تَقَفْقُفٌ۔ رَعْدَۃٌ
رَعْشَۃٌ۔ ہَزَّۃٌ
تھرڈ کلاس۔ الدَّرَجَۃُ الثَّالِثَۃُ

ادِیٌّ۔

تھرماس۔ زَمْزَمِیَّۃٌ۔ کَظِیْمَۃٌ۔
(ج) کَظَائِمُ۔

تھرمامیٹر۔ مِقْیَاسُ الْحَرَارَۃِ
مِیْزَانُ الْحَرَارَۃِ۔

تھرڈلا۔ یَرَاعٌ۔ مَفْؤُدٌ۔ نَخِیْبٌ
(ج) نُخُبٌ۔

تھڑی تھڑی (بدنامی):۔ اُفٌّ۔ تُفٌّ

تھکا۔ حَسِیْرٌ۔ کَلِمٌ۔ کَلِیْمٌ۔ مُعْیِیٌ۔

تھکا ماندہ۔ مُتْعَبٌ۔ تَعْبَانُ۔
مَنْهُوْکُ الْقُوَی مَجْهُوْرُ الْاَعْصَابِ

تھکن، تھکان۔ لُغُوْبٌ۔ کَلَالٌ۔
اِعْیَاءٌ۔ عَنَاءٌ۔ تَعَبٌ۔ مَلَلٌ

تھگلی۔ رُقْعَۃٌ۔ (ج) رِقَاعٌ۔

تھم (ستون):۔ عُمُوْدٌ۔ عِمَادٌ (ج)
اَعْمِدَۃٌ۔

تھن۔ ضَرْعٌ (ج) ضُرُوْعٌ۔

تھن (اونٹنی کا):۔ خِلْفٌ (ج)
خِلْفَۃٌ۔ اَخْلَافٌ۔

تھن۔ کُتیا کا):۔ طُبْیٌ۔ (ج)
اَطْبَاءٌ۔

تھن (دودھ سے لبریز):۔ حَالِقٌ

تھن کی تھیلی۔ (اونٹنی):۔ شِمَالٌ۔

تھن کی کھال۔ خَیْفٌ۔ (ج)
خُیُوْفٌ۔

تھن کا گوشت۔ (کھیری):۔ ضَرَّۃٌ۔

تھوتھنی۔ خَطْمٌ۔

تھوتھنی (سور کی):۔ فِنْطِیْسَۃٌ۔

تھوڑا۔ قَلِیْلٌ (ج) قَلِیْلُوْنَ
اَقِلَّاءُ۔ نَزِیْرٌ (ج) نُزُرٌ
نَزْرٌ۔ زَهِیْدٌ۔

تھوڑا وقت۔ وَقْتٌ قَصِیْرٌ۔

تھوڑا سفر۔ مَسَافَۃٌ۔ قَرِیْبَۃٌ

تھوڑی دیر۔ بُرْهَۃٌ۔ قَصِیْرَۃٌ
لَحْظَۃٌ۔ زَمَنٌ قَلِیْلٌ۔
مُدَّۃٌ قَلِیْلَۃٌ۔

تھوڑی دیر قبل۔ قُبَیْلٌ۔

تھوڑا تھوڑا۔ قَلِیْلًا۔ قَلِیْلًا۔
شَیْئًا فَشَیْئًا۔ تَدْرِیْجِیًّا
بِاَقْسَاطٍ۔

تھوک۔ بُصَاقٌ۔ بُزَاقٌ۔ رُضَابٌ

تھوک۔ اَلْجُمْلَۃُ۔

تھوک فروش۔ بَائِعٌ۔ بِالْجُمْلَۃِ
تَاجِرُ الْجُمْلَۃِ۔

تھونی (سہارے کی لکڑی چھت یا چھپر میں)
دِعَامَۃٌ۔ (ج) دَعَائِم۔ رُجْبَۃٌ

عِمَادٌ۔ (ج) عُمُدٌ۔ عَمَدٌ۔
تھوہڑ۔ زَقُّوْمٌ۔
تھوئی۔ بَنَّاءٌ۔
تھیٹر۔ مَلْهىً۔ مَسْرَحٌ۔ (ج) مَسَارِحُ
تھیلا۔ كِيْسٌ (ج) اَكْيَاسٌ۔ حَقِيْبَةٌ
(ج) حَقَائِبُ۔ زَنْبِيْلٌ (ج)
زَنَابِيْلُ
تھیلی۔ صُرَّةٌ (ج) صُرَرٌ۔ كِيْسٌ
تھینکس۔ حَمْدٌ۔ شُكْرٌ۔
تھیوری۔ نَظَرِيَّةٌ۔
تھی۔ كَانَتْ۔
تہ کرنا۔ اَلثَّنْيُ (ض) اَلطَّيُّ۔
تہ بہ تہ کرنا۔ اَلرَّشْدُ (ن) اَلتَّنْضِيْدُ
تہ کو پہنچنا۔ سَبْرُ غَوْرِ الْكَلَامِ۔
اِدْرَاكُ الْكُنْهِ۔ اِدْرَاكُ الْحَقِيْقَةِ
تہذیب یافتہ بنانا۔ اَلتَّثْقِيْفُ۔
تہلکہ مچانا۔ اِحْدَاثُ الضَّجَّةِ۔
تہلکہ مچنا۔ حَدَثَةُ الضَّجَّةِ۔
تہمت لگانا۔ اَلْاِتِّهَامُ۔ اَلْاِفْكُ
(ف) اَلْقَذْعُ (ف) اَلْعَضَهُ (س)
تہ نشین ہونا۔ اَلرَّسْبُ۔ اَلرُّسُوْبُ
(ن۔ک)
تہیہ کرنا۔ اَلْعَزْمُ۔ اَلتَّصْمِيْمُ۔

تھامنا۔ اَلْاِسْتِمْسَاكُ۔
تھپڑ مارنا۔ اَللَّطْمُ۔ (ض)
اَلصَّكُّ (ن) اَلصَّفْعُ (ف)
اَللُّكْمَةُ۔
تھپکنا۔ اَلْهَدْءُ۔ اَلْهُدُوْءُ (ن)
تھپیڑے مارنا۔ اَلْاِلْتِطَامُ۔
تھتکارنا۔ اَلنَّفْثُ۔
تھرانا۔ اَلرَّجْفُ۔ اَلرُّجُوْفُ۔
اَلرَّجِيْفُ (س ب ن)
تھرانا۔ اَلرَّسْبُ۔ اَلرُّسُوْبُ (ن ک)
تھرتھرانا۔ اَلْاِرْتِعَادُ۔ اَلْاِرْتِعَاشُ
اَلْاِهْتِزَازُ۔
تھکنا۔ اَلْعَيُّ۔ (س) اَلْكَلُّ۔ اَلْكَلَالُ۔
(ض) اَللَّغْبُ۔ اَللُّغُوْبُ (ن ف
ک)۔ اَلتَّعَبُ۔
تھکانا۔ اَلْاِلْغَابُ۔ اَلْاِكْلَالُ۔
اَلْاِعْيَاءُ۔
تھکان ہونا۔ نَالَ مِنْهُ التَّعَبُ
حَلَّ بِهِ التَّعَبُ۔
تھک کر چور ہونا۔ نَهِكَتْ قُوَاهُ
اَلنَّهْكُ۔
تھلتھلانا۔ اَلرَّجْرَجَةُ۔ اَلتَّرَجْرُجُ
اَلْاِرْتِجَاجُ۔

تھمنا (آنسو یا خون کا) :- اَلرَّقَاءُ (ف)
تھمنا (ہوا کا) :- الرُّکُوْدُ (ن) اَلْهُدُوْءُ (ن)
تھمنا (بارش کا) :- اِنْقَطَعَ الْمَطَرُ۔
تھامنا۔ اَلْاِمْسَاکُ۔
تھن پر ہاتھ پھیرنا۔ اَلْمَرْیُ (ض) اَلْمَسْیُ (ض)
تھن پر تھیلی چڑھانا۔ اَلشَّمْلُ (ن ض)
تھوڑا تھوڑا ادا کرنا۔ اَلتَّنْجِیْمُ اَلتَّقْسِیْطُ۔
تھوکنا۔ اَلْبَزْقُ۔ (ن) اَلتَّفْلُ (ض ن) اَلْبَصْقُ (ن)
تھوک کا منہ میں خشک ہونا۔ اَلْعَصْبُ (ض)
تھوک نگلنا۔ اَلْاِبْتِدَاعُ اَلنَّغْبُ (ف ن) اَلْبَلْعُ۔ (ف)
تھوک نگلنے دینا۔ اَلْاِبْلَاعُ۔
تھونی لگانا۔ اَلتَّرْجِیْبُ۔ اَلدَّعْمُ (ف)

ی

تیار۔ مُهَیَّأٌ۔ عَتِیْدٌ۔ حَاضِرٌ جَاهِزٌ۔ مُسْتَعِدٌّ۔ مُتَاهِبٌ
تیاری۔ اِسْتِعْدَادٌ۔ اُهْبَةٌ۔ تَمْهِیْدٌ۔ تَجْهِیْزٌ۔
تیار شدہ۔ مُجَهَّزٌ۔ مُعَدٌّ۔ مُنْتَجٌ۔
تیاریاں۔ ترتیبات۔ تشکیلات

تیتر۔ دُرَّاجٌ (ج) دَرَارِیْجُ۔
تیتر کا بچہ۔ یَافُوْفٌ (ج) یَافِیْفُ
تیتری (تتلی) :- فَرَاشَةٌ۔ (ج) فَرَاشٌ۔
تیر۔ نُبْلَةٌ۔ (ج) نِبَالٌ۔ نُبْلَانٌ نَشَّابٌ۔ (ج) نَشَاشِیْبُ۔ سَهْمٌ (ج) سِهَامٌ۔
تیر انداز۔ رَاشِقٌ۔ رَامٍ (ج) رُمَاةٌ۔
تیر اندازی۔ رَشْقٌ۔ رَمْیٌ۔ رِمَایَةٌ۔
تیرا۔ کَلْفٌ (مونث) کَلِفٌ۔
تیرس۔ (آئندہ تیسرا سال) :- تَابٌ
تیراک۔ سَبَّاحٌ۔ سَابِحٌ۔ عَوَّامٌ
تیراکی۔ اَلسِّبَاحَةُ۔ اَلْعَوْمُ۔
تیرہ۔ ثَلٰثَةَ عَشَرَ
تیرھواں۔ ثَالِثَ عَشَرَ۔
تیرھویں رات (مہینے کی) :- عَفْرَاءُ
تیز۔ حَدِیْدٌ۔ شَدِیْدٌ۔
تیز رفتار۔ سَبُوْحٌ۔ سَرِیْعٌ۔
تیز چھری۔ سِکِّیْنٌ حَادٌّ۔
تیز نظر۔ نَظُوْرٌ صَارِمٌ۔ وَحَادٌّ
تیز چاٹے۔ شَائِیٌ قَوِیٌّ۔

تیز زبان۔ لِسَانٌ طَلِقٌ۔ وَحَادٌّ۔
تیز بو۔ رَائِحَۃٌ نَفَّاذَۃٌ۔
تیز ہوا۔ رِیْحٌ وَعَاصِفَۃٌ شَدِیْدَۃٌ
تیز نمک۔ مِلْحٌ زَائِدٌ۔
تیز ذہن۔ ذَکِیٌّ۔ فَطِنٌ۔
تیز فہم۔ لَوْذَعِیٌّ۔ اَلْمَعِیٌّ۔ یَلْمَعِیٌّ
اَلْمَعُ۔
تیز نگاہ والا۔ شَوَّافٌ۔
تیزی۔ شِدَّۃٌ۔ حِدَّۃٌ۔
تیز کلامی۔ فِظَاظَۃُ اللَّھْجَۃِ
تیز رفتاری۔ سُرْعَۃُ السَّیْرِ۔
تیز گامی۔ سَیْرٌ حَثِیْثٌ۔
تیس۔ ثَلٰثُوْنَ۔
تیسرا۔ ثَالِثٌ۔
تیسویں رات۔ لَیْلَاءُ۔ دَلْمَاءُ
تیئیس۔ ثَلٰثٌ وَعِشْرُوْنَ۔
تیغا۔ صَفِیْحَۃٌ (ج) صَفَائِحُ
تیل۔ زَیْتٌ (ج) زُیُوْتٌ۔
دُھْنٌ (ج) اَدْھَانٌ۔
سَلِیْطٌ۔
تیل مٹی کا۔ غَازٌ۔ نِفْطٌ۔ بِنْزِیْنٌ
تیل کا برتن۔ مَدْھَنٌ (ج) جِمِیْتٌ
تیل کا گاہ۔ حِشْلِبٌ۔

تیل بردار جہاز۔ نَاقِلَۃُ زَیْتٍ۔
تیل کے پائپ۔ اَنَابِیْبُ الزَّیْتِ
تیل کے چشمے۔ اٰبَارُ الزَّیْتِ وَ
اَلْبِتْرُوْلِ۔
تیلی۔ زَیَّاتٌ۔ دَھَّانٌ۔
تیماردار۔ مُمَرِّضٌ۔
تیمارداری۔ تَمْرِیْضٌ۔
تین۔ ثَلٰثَۃٌ (ج) ثَلَاثَاتٌ۔
تین تین۔ ثُلٰثُ۔ مَثْلَثُ۔
تینوں۔ اَلثَّلَاثَۃُ۔
تین بڑے۔ اَلثَّلٰثَۃُ الْکِبَارُ۔
اَقْطَابُ الثَّلَاثَۃِ۔
تین نفری۔ ثُلَاثِیٌّ۔ مُؤْتَمِرٌ
ثُلَاثِیٌّ۔
تینتالیس۔ ثَلٰثٌ وَاَربَعُوْنَ
تینتیس۔ ثَلٰثٌ وَثَلَاثُوْنَ
تیندوا۔ قُضَاعَۃٌ۔ فَھْدٌ۔ (ج)
نُھُوْدٌ۔ اَفْھُدٌ۔
تیندوے کا بچہ۔ عَوْبَرٌ۔
تین کونہ۔ مُثَلَّثٌ۔
تیار کرنا۔ اَلتَّھْیِئَۃُ۔ اَلْاِعْتَادُ
اَلْاِعْدَادُ۔
تیار ہونا۔ اَلْاَبُّ۔ اَلْاَبِیْبُ۔

التَّأَهُّبُ - التَّاهِيبُ
التَّهَيُّؤُ -
تیاری کرنا - اَعَدَّ الْعُدَّةَ -
عَمَلُ التَّرْتِيبَاتِ -
تیاریاں مکمل ہونا - تَمَّتْ -
اَلْاِسْتِعْدَادَاتُ -
تیاریاں ہونا - جَرَتِ التَّرْتِيبَاتُ
تیرنا - السَّبْحُ - الْعَوْمُ
تیرانا - اِسْبَاحٌ - تَعْوِيمٌ -
تیر چلانا - الرَّمْيُ - الرِّمَايَةُ -
(ض) الرَّشْقُ (ن)
تیر چلنا - اِنْطِلَاقُ السَّهْمِ -
تیر برسنا - هُطُولُ وَابِلٍ مِنَ
السِّهَامِ -
تیر نشانہ پر لگنا - اَصَابَ السَّهْمُ
تیر نشانہ پر نہ لگنا - اَخْطَأَ السَّهْمُ
تیر کی طرح نکلنا - خَرَجَ كَالسَّهْمِ -
تیز کرنا - الشَّحْذُ - الشَّحَذُ (ف)
اَلْاِشْحَاذُ التَّشْحِيذُ -
التَّحْدِيدُ -
تیز کرنا (کام کی رفتار) :- تَنْشِيطُ
حَرَكَةِ الْاَعْمَالِ -
تیز کئے جانے کے لائق ہونا -

اَلْاِسْتِيقَاعُ -
تیز چلنا - اَلْاِسْرَاعُ - اَلدَّدْمُ
تیز چلنا - (ڈرتے ڈرتے) :- اَلْاِهْطَاعُ (ن)
تیز لکھنا - اَلْمَشْقُ (ن)
تیل صاف کرنا - تَصْفِيَةُ الزَّيْتِ
تیل لگانا - اَلْاِدِّهَانُ ——
التَّدْهِينُ -
تیل لگانے سے بالوں کا چکٹنا -
التَّنْمِيسُ -
تیل لگانے سے بالوں کا چمکنا -
اَلْمَثُّ - (ن)
تیمارداری کرنا ——
التَّمْرِيضُ
تیمارداری میں اپنے کو کھپا دینا
اَلْعَجْفُ - اَلْعُجُوفُ -
(ض - صلہ علی) التَّعْجِيفُ
تین کونہ بنانا - التَّثْلِيثُ -

+

تیوری چڑھانا :- اَلْعَبْسُ -
اَلْعُبُوسُ (ض) اَلْقَطْبُ
اَلْقُطُوبُ (ض) —
التَّقْطِيبُ -

+

ٹ

ا

ٹاپ (گھوڑے کی):- حَافِرٌ (ج) حَوَافِرُ-

ٹاپ کا کنارا- سُنْبُكٌ- (ج) سَنَابِكُ-

ٹاپو- جَزِيرَةٌ (ج) جَزَائِرُ

ٹاٹ- حِلْسٌ (ج) اَحْلَاسٌ

بَلَاسٌ (ج) بُلُسٌ-

مِسْحٌ (ج) مُسُوحٌ-

اَمْسَاحٌ-

ٹارچ- كَشَّافَةٌ-

ٹال مٹول- مَطْلٌ- لَيٌّ- لَيَّانٌ-

ٹالی- جَرَسٌ- (ج) اَجْرَاسٌ

ٹامی گن- مِدْفَعٌ- رَشَّاشٌ-

ٹانڈ- سَقِيفَةٌ- (ج) سَقَائِفُ

ٹانگ- رِجْلٌ (ج) اَرْجُلٌ-

ٹاور- بُرْجٌ (ج) بُرُوجٌ-

ٹائپ- اَلْآلَةُ الْكَاتِبَةُ-

ٹائپسٹ- اَلْكَاتِبُ عَلَى الْآلَةِ-

ٹائپ رائٹر- طَابِعَةٌ- مَطْبَعَةٌ

۴۰۰

اَلْاَزْرَارِ-

ٹائر- طَبَّانٌ- اِطَارٌ- مَطَاطِيٌّ

ٹائیٹل- غِلَافٌ-

ٹائیٹل پیپر (ڈسٹ کوّر):- وَرَقُ التَّغْلِيفِ-

ٹائل- قَاشَانِيٌّ بِلَاطٌ- (ج) اَبْلِطَةٌ-

ٹائم- زَمَنٌ (ج) اَزْمِنَةٌ-

مَوْعِدٌ (ج) مَوَاعِيدُ

وَقْتٌ (ج) اَوْقَاتٌ-

ٹائم بم- قُنْبُلَةٌ زَمَنِيَّةٌ-

ٹائم پیس- سَاعَةُ الْجَرَسِ-

ٹائم ٹیبل- مَوَاعِيدُ-

ٹائم ٹیبل (ریلوے کا):- مَوَاعِيدُ الْقِطَارِ- جَدْوَلُ

اَلْمَوَاعِيدُ لِلسِّكَّةِ الْحَدِيدِيَّةِ

ٹاؤن- بَلَدٌ- (ج) بِلَادٌ- بُلْدَانٌ

مَدِينَةٌ (ج) مُدُنٌ-

مَدَائِنُ-

ٹاؤن ہال- قَاعَةُ الْبَلَدِيَّةِ-

ٹائی ۔ رباط ۔ (ج) اربطۃ ۔
ٹاپک ٹوئیاں مارنا ۔ التخبط ۔
التورط ۔
ٹالنا ۔ المطل (ن) المماطلۃ
التسویف ۔ اللسی (ض)
ٹانکنا (جوتے کا) الخرز (ن ض)
الخصف ۔ (ض)
ٹانکنا (بٹن وغیرہ) خاط الزر
والدر ۔
ٹانگنا ۔ النوط ۔ النباط ۔ (ن)
التعلیق ۔
ٹانگ اٹھانا ۔ الشغر (ف)
ٹانگوں کو اٹھانا ۔ الشصو ۔ ن
ٹانگوں کو پھیلانا ۔ الترحرح
ٹائپ کرنا ۔ الکتابۃ علی الۃ
ٹائر اتارنا ۔ خلع الاطار من
العجلۃ
ٹائر پھٹنا ۔ انفجار المطاط
ٹائر چڑھنا ۔ رکب الاطار
اد المطاط العجلۃ
ٹائر چڑھانا ۔ ترکیب دار کاب
الاطار کسو العجلۃ مطاطا
ٹائل لگانا ۔ تبلیط الارض

ٹائیٹل لگانا ۔ تغلیف الکتاب
ٹائم بڑھانا ۔ زیادۃ ساعات العمل
ٹائم گھٹانا ۔ خفض ساعات العمل
ٹائی لگانا ۔ وضع الرباط شد
الرباط ۔

ٹب

ٹب ۔ مغطس ۔ (ج) مغاطیس
مرکن (ج) مراکن اجانۃ
(ج) اجاجین ۔
ٹب (کپڑے وغیرہ دھونے کا) :۔ مرکن
ٹبر (کنبہ) عائلۃ ۔

ٹپ

ٹپاٹپ ۔ وقع المطر ۔ وغیرہ
ٹپکنا ۔ القطر ۔ التقاطر ۔ الرشح
الترشح ۔ القطور ۔ القطران ۔
ٹپکانا ۔ التقطیر ۔
ٹپکنا (چھت کا) :۔ الوکف (ض)

ٹٹ

ٹٹ پونجیا ۔ قلیل البضاعۃ ۔
ٹٹول ۔ تجسس ۔ تفحص ۔
ٹٹی ۔ عریش ۔ (ج) عرش ۔
ٹٹی شکاری کی ۔ قترۃ ۔
ٹٹی بانس کی ۔ خص (ج) اخصاص

خُصُوصٌ۔ خِصَاصٌ

ٹٹولنا۔ اَلْجَسُّ۔ اَلْمَكْشُ (ن)

ٹٹولنا۔ (اندھیرے میں) اَلتَّعْبِيتُ

ٹخ

ٹخنہ۔ كَعْبٌ (ج) كُعُوبٌ۔ كِعَابٌ۔ اَكْعُبٌ

ڈ

ٹڈی۔ جَرَادَةٌ (ج) جَرَادٌ

ٹڈی (مادہ): عَرَارَةٌ

ٹڈی (ز) عُنْظُبٌ

ٹڈی کا انڈا۔ سَرْءٌ۔ مَكْنَةٌ مَكِنَةٌ (ج) مَكْنَاتٌ مَكِنَاتٌ۔

ٹڈیوں کا جھنڈ۔ رِجْلٌ (ج) اَرْجَالٌ۔

ٹڈی کا سینہ۔ جَوْشَنٌ (ج) جَوَاشِنُ

ٹڈی دل۔ سِرْبُ الْجَرَادِ۔

ٹڈی پڑنا۔ اَطْبَقَ الْجَرَادُ عَلَى الْحُقُوْلِ۔

ٹڈی مارنا۔ اِبَادَةُ الْجَرَادِ۔ مُكَافَحَةُ الْجَرَادِ

ر

ٹرا۔ فَظٌّ (ج) اَفْظَاظٌ۔

ٹرام۔ جَمَّازٌ۔ مركبة ترام عَجَلَةُ الْكَهْرَبَائِيَّةِ

ٹرانسپورٹ۔ نَقْلٌ۔ شَحْنٌ

ٹرانسپورٹ کمپنی۔ شِرْكَةُ السَّيَّارَاتِ وَالنَّقْلِ۔

ٹرک۔ سَيَّارَةُ النَّقْلِ وَالشَّحْنِ

ٹرنک۔ صُنْدُوْقٌ (ج) صَنَادِيْقُ

ٹرے۔ صِيْنِيَّةٌ۔ طَبَقٌ (ج) اَطْبَاقٌ۔

ٹریجڈی۔ مَاسَاةٌ

ٹریڈ مارک۔ شعارٌ تجارِيٌّ

ٹریفک۔ حَرَكَةُ الْمُرُوْرِ۔

ٹریفک انتظام: تنظیم حَرَكَةِ الْمُرُوْرِ۔ نِظَامُ الْمُرُوْرِ۔

ٹریفک پولیس۔ شُرْطَةُ الْمُرُوْرِ۔

ٹرین۔ قِطَارٌ۔

ٹریننگ۔ تَدْرِيْبٌ فَنِّيٌّ

ٹرانا (مینڈک کا) اَلتَّقْنِيْقُ (ض)

ٹرا ہونا۔ اَلْفَظَظُ۔ اَلْفَظَاظُ اَلْفَظَاظَةُ (ص)

ٹریفک بند ہونا۔ تَعَطَّلَتِ الْمُرُوْرُ تَوَقَّفَتْ حَرَكَةٌ۔

الشوارع او القطارات

ٹریفک بند کرنا۔ تعطیل المرور

ٹریفک زیادہ ہونا۔ ازدحام الحرکۃ۔

ڑ

ڑھ موہنا۔ اضجم (ج) ضجم

س

ٹسر قزٌّ (ج) قزوز

ک

ٹکا سا جواب۔ جوابٌ قاسٍ

ٹکٹ ڈاک کا۔ ورق البوسطۃ طابع (ج) طوابع

ٹکٹ ریل کا۔ تذکرۃ (ج) تذاکر

ٹکٹ کپڑے کے تھان کا۔ بطاقۃ (ج) بطاقات۔

ٹکٹ بابو۔ تذکری

ٹکٹ چیکر۔ نقّاب۔

ٹکٹ کلکٹر۔ کمساری۔

ٹکٹ گھر۔ مکتب التذاکر

ٹکٹ واپسی۔ تذکرۃ الذہاب والایاب۔

ٹکٹھی۔ جبیرۃ (ج) جبائر

ٹکّر۔ اصطدام۔ صدام۔ تصادم۔ احتکاک

ٹکڑا۔ قطعۃ (ج) قطع

ٹکڑا (بادل کا) قزعۃ۔

ٹکڑا (پنیر کا) ثور۔ (ج) اثوار ثورۃ۔

ٹکڑا (تلوار کا) فلقۃ (ج) فلق

ٹکڑا (جگر کا) فلذۃ (ج) فلذ فلذا۔ فلاذ۔

ٹکڑا (چاندی کا) نقرۃ (ج) نقر

ٹکڑا (چربی کا) ہنانۃ

ٹکڑا (رات کا) ہزیع (ج) ہزء

ٹکڑا (رسی کا) رمۃ (ج) رمم

ٹکڑا (روٹی کا) کسرۃ (ج) کسر

ٹکڑا (روئی کا) فرصۃ (ج) فرص۔

ٹکڑا (سونے کا) بدرۃ (ج) بدر بدور۔

ٹکڑا (کپڑے کا) خرقۃ (ج) خرق

ٹکڑا (کوہان کا) ترعیبۃ (ج) تراعیب۔

ٹکڑا (کھال کا) فلعۃ (ج) فلع

ٹکڑا (گوشت کا) فدرۃ (ج) فدر

ٹکڑا (مسواک کا) قِصْمَةٌ (ج) قِصَمٌ
ٹکڑا (ہڈی کا) قِيْحنَةٌ (ج) قِيَضٌ
ٹکڑی (پرندوں کی) عِصَابَةٌ (ج) عَصَائِبُ۔
ٹکسال۔ دَارُ الضَّرْبِ۔
ٹکوا۔ عُرْنُوْسٌ (ج) عَرَانِيْسُ
ٹکیہ۔ قُرْصٌ (ج) اَقْرَاصٌ قِرْصَةٌ۔
ٹکٹ جاری کرنا۔ صَرْفُ التَّذَاكِرِ
ٹکٹ چیک کرنا۔ قَطْعُ التَّذْكِرَةِ بِالْمِقْرَاضِ۔
ٹکٹ لگانا۔ اِلْصَاقُ الطَّابِعِ
ٹکٹکی لگنا۔ اَلشُّخُوْصُ۔
ٹکٹکی لگانا۔ اَلتَّجْحِيْمُ
ٹکرانا۔ اَلتَّصَادُمُ۔ الاصْطِدَامُ
ٹکر مارنا۔ اَلتَّنَاطُحُ۔ اَلْمُنَاطَحَةُ۔
ٹکڑے کرنا۔ اَلتَّكْسِيْرُ التَّقْطِيْعُ
ٹکڑے ہونا۔ اَلْكَسْرُ۔ اَلْقَطْعُ التَّقَطُّعُ۔ اَلتَّكَسُّرُ
ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ اَلتَّقْطِيْعُ التَّمْزِيْقُ۔
ٹسٹ کرنا۔ اَلْاِمْتِحَانُ۔ اَلْاِخْتِبَارُ۔

ٹکور کرنا۔ اَلتَّكْمِيْدُ۔

ل

ٹلوا۔ قَصِيْرٌ۔ مُتَمَلِّقٌ۔
ٹلنا۔ اَلْاِنْسِلَالُ۔
ٹلنا (بہانے سے) تَنَحَّى عَنِ الْمَوْضِعِ بِحِيْلَةٍ۔
ٹلانا۔ مُمَاطَلَةٌ۔

م

ٹمپریچر۔ حَرَارَةٌ۔
ٹمٹماہٹ۔ ضَالَّةُ النُّوْرِ۔
ٹماٹر۔ طَمَاطِمُ
ٹمپریچر بڑھنا۔ اِرْتِفَاعُ الْحَرَارَةِ
ٹمپریچر دیکھنا۔ قِيَاسُ الْحَرَارَةِ
ٹمپریچر گھٹنا۔ اِنْخِفَاضُ الْحَرَارَةِ
ٹمٹمانا۔ اَلْاِيْمَاضُ۔ تَضَاؤُلُ الضَّوْءِ

ن

ٹن (وزن تقریباً ۲۸ من): طَنٌّ (ج) اَطْنَانٌ
ٹن ٹن (گھنٹی کی آواز) طَنِيْنٌ
ٹنٹا۔ جِدَالٌ۔ خِصَامٌ۔
ٹنڈا اَقْطَعُ (ج) قُطْعٌ۔ قُطْعَانٌ اَجْذَمُ (ج) جُذَّمٌ

ٹنکی - مُسْتَنْقَعٌ. خَزّانٌ - خِزَانَةٌ
ٹنکی (پانی کی) خِزَانَةُ الْمَاءِ
ٹنکی (تیل کی) خِزَانَةُ الْغَازِ
ٹنکی پٹرول کی - صِهْرِیْجُ الْبَتْرُوْلِ
(ج) صَهَارِیْجُ -
ٹن ٹن کرنا - اَلطَّنِیْنُ -

و

ٹوپ - قُبَّعَةٌ (ج) قُبَّعَاتٌ
ٹوپی - قَلَنْسُوَةٌ (ج) قَلَانِسُ
طَاقِیَةٌ (ج) طَوَاقِیْ
ٹوپی - (ترکی) طَرْبُوْشٌ (ج)
طَرَابِیْشُ -
ٹوٹ - اِنْکِسَارٌ -
ٹوٹا - مَکْسُوْرٌ - مُحَطَّمٌ -
مُنْقَطِعٌ. مُنْهَدِمٌ مُهَشَّمٌ
ٹوٹلہ - خُسْرَانٌ -
ٹوٹ پھوٹ - نَقْضٌ - کَسْرٌ
حَدَامٌ -
ٹوٹل - تَجْمُوْعٌ (ج) مَجَامِیْعُ
ٹوتھ پیسٹ - مَعْجُوْنُ الْاَسْنَانِ
ٹوکرا - سَلَّةٌ (ج) سِلَالٌ -
قَرْطَلٌ (ج) قَرَاطِلُ -
ٹوکرا بیچنے والا - سَلَّالٌ

ٹوکری - قُفَّةٌ (ج) قُفَفٌ - جُوْنَةٌ
(ج) جُوَنٌ -
ٹوکری ڈھکنے دار - صِنٌّ
ٹوکری (مٹی وغیرہ اٹھانے کی) ، ثَوْجٌ
ٹوکن - تَذْکِرَةٌ -
ٹوکن (بنک کا) ، لَوْحَةٌ نحاسِیَةٌ
ٹولی - جَمَاعَةٌ (ج) جَمَاعَاتٌ
فِرْقَةٌ (ج) فِرَقٌ -
ٹولیڈو (ملک) طُلَیْطُلَةُ -
ٹونٹی (لوٹے وغیرہ کی) ، حَنَفِیَّةٌ
مُصَاصَةٌ -
ٹونٹی (نل وغیرہ کی) ، لَوْلَبٌ (ج)
لَوَالِبُ -
ٹونڈا - اَقْطَعُ - مَقْطُوْعُ الْیَدِ
ٹونڈی - سُرَّةٌ (ج) سُرَّاتٌ
سُرَرٌ -
ٹوہ - تَفَحُّصٌ - تَجَسُّسٌ -
ٹوپی پہننا - اَلتَّقَلُّسُ - اَلتَّقَلْسِیْ
ٹوپی پہنانا - اَلْقَلْسَاةُ
ٹوٹنا - اَلْاِنْکِسَارُ - اَلْاِنْفِصَامُ
اَلتَّحَطُّمُ - اَلْاِنْخِطَامُ -
ٹوٹ پڑنا (کسی چیز پر) ، اَلْاِنْثِیَالُ
الْاِنْقِضَاضُ - اَلْاِنْصِرَاجُ

(سب کا صلہ علی)
ٹوٹ پڑنے کے لیے بازو سمیٹنا
اَلکُنُوْعُ (ف)
ٹوٹی ہوئی ہڈی کا جوڑنا - اَلجَبْرُ
(ن) اَلتَّجْبِیْرُ -
ٹوٹی ہوئی ہڈی کا جڑ جانا - اَلجُبُوْرُ
(ن) اَلِانْجِبَارُ
ٹوٹی ہوئی ہڈی کا ناہموار جڑنا یا جوڑنا
اَلعَثْمُ (ن)
ٹوکنا - اَلمَنْعُ - اَلتَّنْبِیْهُ
ٹونڈا بنانا - قَطْعُ الیَدِ
ٹوہ لگانا - اَلتَّفَحُّصُ اَلتَّجَسُّسُ

ٹھ

ٹہل - عَمَلٌ (ج) اَعْمَالٌ
ٹہنا - غُصْنٌ (ج) اَغْصَانٌ -
ٹہنی - غُصْنَةٌ - غُصْنٌ (ج)
غُصُوْنٌ - غِصَنَةٌ -
ٹہنی - فَنَنٌ (ج) اَفْنَانٌ (ج)
اَفَانِیْنُ - اُفْنُوْنَةٌ (ج)
اَفَانِیْنُ - فِنْدٌ (ج) اَفْنَادٌ
فُنُوْدٌ -
ٹہنی (نرم) خُوْطٌ (ج) خِیْطَانٌ
اُغْلُوْجٌ (ج) اَغَالِیْجُ

ٹہنی کا نرم حصہ - عُسْلُجٌ (ج)
عَسَالِجُ - عُسْلُوْجٌ (ج) عَسَالِیْجُ
ٹھاٹ - تَجَمُّلٌ - تَزَیُّنٌ - زِیْنَةٌ -
ٹھاٹ - (ساز و سامان) اِثَاثٌ
فَاخِرٌ -
ٹھاٹ - (راحت و آرام) :- نِعْمَةٌ
مُتْعَةٌ - رَاحَةٌ -
ٹھاٹ کی زندگی - تَرَفٌ - رَغَدٌ
فِی العَیْشِ -
ٹھاٹر - جَدِیْلَةٌ - شَرِیْجَةٌ -
ٹھاٹیں مارتا ہوا - المُتَلَاطِمَ
المُتَوَالِیْ - مُتَرَامِی
الأطْرَافِ -
ٹھالا (بے کار) مُتَعَطِّلٌ - بَطَّالٌ
ٹھپہ - طَابِعٌ (ج) طَوَابِعُ -
ٹھٹ - جَمْعٌ (ج) جُمُوْعٌ -
ٹھٹ کے ٹھٹ - اِزْدِحَامٌ -
اِحْتِشَادٌ -
ٹھٹھا - قَهْقَهَةٌ -
ٹھٹھا (تمسخر) هَزْءٌ - هُزْءٌ
هُزُوْءٌ - هَزْلٌ -
ٹھٹھہ - دِعَابَةٌ (ج) دَعَابٌ -
ٹھٹھول - سَاخِرٌ - هَازِئٌ -

ٹھٹیرا۔ نَحَّاسٌ۔ صَفَّارٌ۔
ٹھر ۔ صِرٌّ
ٹھکی ۔ عَفْقَةٌ ۔
ٹھکانہ۔ مَلْجَاءٌ۔ مَأوىٰ
ٹھگ ۔ خَتَّالٌ۔ خَادِعٌ
ٹھگنا ۔ قَزَمٌ (ج) قُزُمٌ۔ اَقْزَامٌ
ٹھلیا ۔ قُلَّةٌ (ج) قِلَالٌ ۔ جَرَّةٌ
(ج) جَرٌّ ۔ جِرَارٌ۔
ٹھلیا (مٹی کی) قُدَافٌ ۔
ٹھنڈ ۔ بَرْدٌ ۔ قُرٌّ
ٹھنڈا ۔ خَاصِرٌ۔ قَارٌّ۔ بَارِدٌ
ٹھوٹ ۔ غَبِیٌّ (ج) اَغْبِیَاءٌ
ٹھوڑی ۔ ذَقَنٌ (ج) اَذْقَانٌ ۔
ٹھوڑی کا گڑھا۔ نَحْصَةٌ ۔
ٹھوڑی کا گڑھا۔ (بچہ کا) نونةٌ ۔
ٹھوس ۔ مُصْمَتٌ۔ ثَقِیلٌ۔ صُلْبٌ
سَدِیدٌ۔
ٹھوس (مَوْضُوع)؛ (مَوْضُوعٌ
ذَاتَ مَغْزىٰ ۔
ٹھوس (تجویز) تَدَابِیْرُ، سَدِیْدٌ
ٹھوکر ۔ زَکْلٌ۔ رَفْسَةٌ
ٹھوکر (غلطی) :۔ عَثْرَةٌ (ج) عَثَرَاتٌ
زَلَّةٌ (ج) زَلَّاتٌ ۔

ٹھونٹھ ۔ قُفَّةٌ ۔ صَرِیفٌ۔ قفیلٌ
ٹھونگ ۔ نَقْرَةٌ (ج) نَقَرَاتٌ
ٹھنڈا مقام ۔ مَصِیفٌ (ج)
مَصَایِفٌ ۔
ٹھنڈے مقامات اَلْمَنَاطِقُ الْبَارِدَةٌ
ٹھیراؤ ۔ مُکُوثٌ ۔ قَرَارٌ۔ بَقَاءٌ
قِیَامٌ ۔
ٹھیک ۔ صوابٌ۔ صَحِیحٌ۔ جَیِّدٌ
سَالِمٌ۔ طَیِّبٌ۔ صَالِحٌ۔ حَقٌّ
ٹھیک ٹھیک ۔ تَمَامًا۔ بِالضَّبْطِ
عَلیٰ وَجْهِ التَّحقِیقِ، اَوِ
التَّحدِیدِ ۔
ٹھیکری ۔ فَخَّارٌ۔ خَزَفٌ ۔
ٹھیس ۔ مَسَاسٌ
ٹھیکہ ۔ وَثِیقَةٌ ۔ تَعَهُّدٌ۔ اِلْتِزَامٌ
مُقَاوَلَةٌ (ج) مُقَاوَلَاتٌ ۔
ٹھیکہ دار۔ مُلْتَزِمٌ ۔ مُتَعَهِّدٌ ۔
مُقَاوِلٌ ۔
ٹھینگا ۔ هِرَاوَةٌ (ج) هَرَاوىٰ
هُرِیٌّ ۔
ٹھیلا ۔ عَرَبَةُ النَّقْلِ وَالْحَمْلِ
(ج) عَرَبَاتٌ
ٹہلنا ۔ اَلتَّمَشِّی ۔ اَلتَّجَوُّلُ

ٹہلانا - اَلتَّمْشِيَةُ - اَلتَّجْوِيلُ -
ٹھاٹ کرنا - اَلتَّجَمُّلُ اَلتَّزَيُّنُ -
ٹھاٹھیں مارنا - اَلتَّلَاطُمُ -
ٹھان لینا - اَلْعَزْمُ - اَلْعُزْمُ
اَلْمَعْزِمُ - اَلْعَزِيْمَةُ -
سب (ض) صلہ بنفسہ وعلی)
ٹھپ کرنا - اَلتَّعْطِيلُ - اَلْإِكْسَادُ
ٹھپ ہونا - اَلتَّعَطُّلُ - اَلْكَسَادُ
ٹھٹ کے ٹھٹ لگنا - اَلْإِزْدِحَامُ
اَلْإِحْتِشَادُ -
ٹھٹھا کرنا - اَلسَّخَرُ (س صلہ من
وبا) اَلْإِسْتِهْزَاءُ - صلہ با)
ٹھٹھا کرتے ہوئے باتیں کرنا -
اَلْمُهَادَاةُ -
ٹھٹھرنا - اَلْقَرَسُ - اَلتَّجَمُّدُ -
ٹھٹھرانا - اَلْإِقْرَاسُ - اَلتَّقْرِيسُ
اَلتَّجْمِيدُ -
ٹھٹھکنا - اَلتَّوَقُّفُ - اَلتَّرَبُّثُ
ٹھکنا - اَلْإِعْرَارُ - اَلتَّشَهُّرُ اَلْإِسْمِرَارُ
ٹھکانا دینا - اَلْإِيوَاءُ - اَلْإِثْوَاءُ
ٹھکانا لینا - اَلْأُوِيُّ - اَلْإِدْوَاءُ
من - صلہ بنفسہ والی - اَلثُّوِيُّ
اَلثَّوَاءُ (صلہ بنفسہ - با - فی)

ٹھکرانا - اَلْفَرْكَشَةُ - اَلضَّرْحُ -
ٹھکرانا - (مطالبات) رَفْضُ الطَّلَبِ (ف)
ٹھگنا - اَلْخِدَاعُ - اَلْخِتَالُ -
ٹھنڈا کرنا - اَلتَّبْرِيدُ - اَلْإِخْصَارُ
اَلتَّثْلِيجُ -
ٹھنڈا کرنا (آنکھوں کو) إِقْرَارُ
الْعَيْنِ -
ٹھنڈا پڑنا - اَلتَّبَرُّدُ -
ٹھنڈا ہونا - الخصور (س) -
اَلشَّبَمُ (س) اَلْبَرْدُ (ن ک)
ٹھنڈی سانس لینا - اَلتَّنَهُّدُ
ٹھور مار ڈالنا - اَلْإِقْعَاصُ -
ٹھوکر کھانا - اَلدَّخَصُ (ف)
اَلتَّعَثُّرُ - اَلزَّلَّةُ -
ٹھوکر مارنا - اَلرَّفْسُ (ن - ض)
اَلرَّكْلُ (ن) اَلتَّرْكِيلُ
ٹھوکریں کھانا - (ذلیل ہونا)
اَلْإِسْتِخْفَافُ - اَلْخَلَاعَةُ
(ک) اَلتَّهَتُّكُ -
ٹھونسنا - اَلدَّسُّ (ن)
ٹھونکنا - اَلدَّقُّ -
ٹھونکنا - (دروازہ وغیرہ کھٹکھٹانا)
اَلْإِسْمِرَارُ - اَلطَّرْقُ -

ٹھونگ مارنا۔ اَلنَّقرُ (ن)
ٹھہرنا۔ المکث (ن) الوقوف
(ض) اَللَّبثُ (س) اَلقَرَارُ
اَلقِیَامُ۔ اَلاِنتِظَارُ۔ اَلصَّبرُ
اَلعَوجُ۔ اَلمَعَاجُ (ن)
ٹھہرانا۔ اَلاِیقَافُ۔ اَلعَوجُ۔
اَلعَاجُ (ن)۔
ٹھیک کرنا۔ اَلاِصلَاحُ۔ اَلتَّصحِیحُ
ٹھیک ہونا۔ اَلصُّلحُ۔ اَلصَّحِیحُ
الحقُّ۔
ٹھیکہ لینا۔ اَلاِلتِزَامُ۔ اَلمُقَاوَلَۃُ۔

ی

ٹیبل۔ طَاوِلَۃٌ (ج) طَاوِلَات
ٹیبل فین۔ (میز کا پنکھا) مِروَحَۃُ
المَائِدَۃِ۔
ٹی بی۔ اَلدِّقُّ۔ حُمَّی الدِّقِّ۔
ٹی پارٹی۔ حَفلَۃُ الشَّائِ
ٹی پاٹ۔ اِبرِیقُ الشَّائِ
ٹیپ ٹاپ۔ زِینَاتٌ۔ زَخَارِفُ۔
ٹیپ ٹاپ (ظاہری) ظَوَاھِرُ
الشَّیئِ۔
ٹی ٹی۔ تَذکَرِی۔ کُمسَارِیٌّ
ٹیڑھ۔ اِعوِجَاجٌ۔ عِوَجٌ۔

ٹیڑھا۔ مُعوَجٌّ۔ اَوِدٌ۔ مُنعَطِفٌ
مُنحَنِیٌ۔
ٹیڑھاپن۔ اِعوِجَاجٌ۔ اَوَدٌ
ٹیس۔ اَلَمٌ۔ اَنٌّ۔
ٹیک۔ اِتِّکَاءٌ۔ عُمُودٌ
ٹیکس۔ ضَرِیبَۃٌ (ج) ضَرَائِبُ۔
ٹیکہ۔ تَلقِیحٌ۔ تَطعِیمٌ۔ لِقَاحٌ
ٹیکسی۔ سَیَّارَۃُ اُجرَۃٍ۔
ٹیکنیکل۔ اِصطِلَاحِیٌّ۔ فَنِّیٌّ
صِنَاعِیٌّ۔ مِھَنِیٌّ۔
ٹیلہ۔ تَلٌّ (ج) تِلَالٌ۔ تُلُولٌ
رَبوَۃٌ (ج) رُبیٰ۔ رُبیٰ
رَابِیَۃٌ (ج) رَوَابٍ۔
ٹیلہ (ریت کا) کَثِیبٌ (ج)
کُثُبٌ۔ کُثبَانٌ۔ اَکثِبَۃٌ۔
ٹیلیفون۔ ھَاتِفٌ۔ تِلفُونٌ۔
مَسَرَّۃٌ (ج) مِسَرَّاتٌ۔
ٹیلیفون اکسچینج۔ بَدَّالَۃُ التِّلفُونِ
ٹیلیفون کا رسیور۔ سَمَّاعَۃُ
التِّلفُونِ۔
ٹیلیفون کا ڈائل۔ قُرصُ الاَرقَامِ
ٹیلیفون کی گھنٹی۔ جَرَسُ التِّلفُونِ
ٹیلیگرام۔ تِلغرَافٌ۔

ٹیلیگرام لائن۔ سِلکٌ برقیٌّ
ٹیم - فریقُ اللاعبین۔ جماعةٌ فِرقةٌ۔
ٹین - تنک
ٹینٹ - خیمةٌ (ج) خیامٌ فسطاطٌ (ج) فساطیطُ
ٹینری - مدبغةٌ (ج) مدابغُ
ٹینڈر - عطاءٌ
ٹینس - لعبةُ تینس
ٹینک - دبّابةٌ (ج) دبّاباتٌ سیّارةٌ مصفّحةٌ۔
ٹینک شکن توپ - المدفعُ المضادّةُ للدّبابةِ۔
ٹیوب - انبوبٌ (ج) انابیبُ۔
ٹیوشن - الدّرسُ الخصوصیُ۔
ٹیونس (ملک) تونسُ۔
ٹیونسی (باشندہ) تونسیٌّ۔
ٹی پارٹی دینا۔ اِقامةُ حفلةِ الشّای
ٹیک لگانا۔ الاتّکاءُ۔ الاستنادُ الاعتمادُ۔
ٹیکس ادا کرنا۔ دفعُ الضّریبةِ
ٹیکس بڑھانا۔ زیادةُ الضّریبةِ
ٹیکس ختم کرنا۔ اِلغاءُ الضّریبةِ۔
ٹیکس کم کرنا۔ تخفیضُ الضّریبةِ۔
ٹیکس لگانا۔ فرضُ الضّریبةِ التّوقیعُ
ٹیکس وصول کرنا۔ جبایةُ الضّریبةِ۔
ٹیکہ لگانا۔ التّلقیحُ۔ التّطعیمُ
ٹیڑھا کرنا۔ التّأدیدُ۔ التّعویجُ التّحنیةُ۔
ٹیڑھا ہونا۔ الأوَدُ (س) الاعوجاجُ۔ التّأوّدُ الانحناءُ۔
ٹیڑھا پن دور کرنا۔ تقویمُ الاعوجاجِ۔
ٹیلیفون کرنا۔ الارزازُ۔ ضربُ التّلفونِ۔
ٹیلیفون رسیور کرنا۔ تلبیةُ نداءِ التّلفونِ۔
ٹیلیفون کا ڈائل گھمانا۔ اِدارةُ قرصِ الارقام۔
ٹیلیفون کی گھنٹی بجنا۔ دقُّ جرسِ التّلفونِ۔
ٹینڈر داخل کرنا۔ تقدیمُ العطاءاتِ

ٹیوب پھٹنا - اِنْفِجَارُ الْاُنْبُوبَۃِ

ٹیوشن کرنا - اَلتَّدْرِیسُ الْخُصُوصِیُّ

ث

۵۰۰

ا

ثابت - سَلِیمٌ - صَحِیحٌ -

ثابت قدمی - اَلثَّبَاتُ الْمُثَابَرَۃُ

ثالث - وَسِیطٌ (ج) وُسَطَاءُ

ثابت کرنا - اَلْاِثْبَاتُ - اَلْاِحْقَاقُ -

ثابت ہونا - اَلثُّبُوتُ (ن) اَلْحَقُّ

اَلْحَقَّۃُ (ن - ض)

ثابت قدمی سے کام لینا -

اَلتَّذَرُّعُ بِالثَّبَاتِ

ثالث بننا - اَلتَّوَسُّطُ - تَوَلِّی

التَّوَسُّطَ -

ثالث بنانا - اَلتَّحْکِیمُ - جَعَلَہٗ

وَسِیطًا -

ب

ثبوت - دَلِیلٌ

ثبوت دینا - اِقَامَۃُ الدَّلِیلِ -

ثبوت فراہم کرنا - جَمْعُ الْاَدِلَّۃِ

ثبوت فراہم ہونا - تَوْفِیرُ الْاَدِلَّۃِ

ق

ثقل سماعت - اَلصَّمَمُ فِی

السَّمْعِ -

ثقل سماعت ہونا : - صَمَمٌ

فِی السَّمْعِ -

و

ثواب دینا -

اَلْاِثَابَۃُ -

ج

۲

ا

جاٹ - زُطٌّ

جابر - ظَالِمٌ - جَائِرٌ - غَاشِمٌ

مُطْلِقُ الْعِنَانِ

جابرانہ حکومت - حُکْمٌ غَاشِمٌ

جَائِرٌ -

جاپان - یَابَانُ -

جاپانی - یَابَانِیٌّ -

جادو ۔ سِحْرٌ (ج) اَسْحَارٌ ۔ سُحُوْرٌ
جادو کا منتر ۔ رُعْبٌ ۔
جادو بیان ۔ سِحْرُ الْبَیَانِ ۔
جادو بھری آواز ۔ صَوْتٌ سَاحِرٌ ۔
جادوگر ۔ سَاحِرٌ (ج) ، سَحَرَةٌ
سَاحِرُوْنَ ۔
جادوگرنی ۔ سَاحِرَةٌ (ج) سَاحِرَاتٌ
سَوَاحِرُ ۔
جادۂ حق ۔ طَرِیْقُ الصَّوَابِ ۔
جاذب ۔ (بلاٹنگ پیپر) نَشَّافٌ
نشافۃٌ ۔ وَرَقٌ نَشَّافٌ
جاذبیت ۔ جَاذِبِیَّةٌ ۔
جاذب نظر ۔ جَذَّابٌ ۔ اَخَّاذٌ
سارٌّ ۔
جار (شیشہ کا) بُوْقَالٌ ۔ بَاقُوْلٌ
(ج) بَوَاقِیْلُ ۔
جارحانہ ۔ هُجُوْمِیٌّ ۔ عُدْوَانِیٌّ ۔
جارحانہ کارروائی ۔ اَعْمَالٌ
عُدْوَانِیَّةٌ ۔ نَشَاطٌ عُدْوَانِیٌّ
جارحانہ حملہ ۔ هُجُوْمٌ عُدْوَانِیٌّ ۔
جارحانہ عزائم ۔ النِّیَّاتُ
الْعُدْوَانِیَّةُ ۔
جارحیت ۔ اِعْتِدَاءٌ ۔ عُدْوَانٌ

جاری ۔ اَلْمُسْتَمِرُّ ۔ اَلْحَالِیُّ ۔ اَلْمُتَّبَعُ
رَائِجٌ ۔ نَافِذٌ ۔ مَعْمُوْلٌ بِهٖ
مُطَبَّقٌ ۔ جَارٍ
جاری شدہ ۔ النَّافِذُ ۔ اَلصَّادِرُ ۔
جاڑا ۔ شِتَاءٌ ۔
جاڑھ ۔ (ڈاڑھ) ضِرْسٌ (ج)
اَضْرَاسٌ ۔
جاڑے میں رہنے کی جگہ ۔
مَشْتًی ۔ مشتاۃٌ ۔ (ج)
مَشَاتِیْ ۔
جاسوس ۔ بَصَّاصٌ ۔ جَاسُوْسٌ
(ج) جَوَاسِیْسُ ۔ عَیْنٌ
(ج) اَعْیُنٌ ۔ عُیُوْنٌ ۔
جاگھن ۔ وَسَخٌ ۔ وُسُوْخٌ ۔
جاگتا ۔ یَقِظٌ ۔ یَقُظٌ ۔ یَقْظَانُ
(ج) اَیْقَاظٌ ۔ سَاهِرٌ
سَهْرَانُ نَهْضَةٌ ۔
جاگزیں ۔ مُتَمَكِّنٌ فِی النَّفْسِ ۔
جاگیر ۔ قَطِیْعَةٌ (ج) قَطَائِعُ
اِقْطَاعَةٌ (ج) اِقْطَاعَاتٌ
اَمْلَاکٌ ۔
جاگیردار ۔ صَاحِبُ الْاَمْلَاکِ ۔
جاگیرداری ۔ اَلْاِقْطَاعِیَّةُ ۔

جال ۔ مَصِیدَۃٌ (ج) مَصَائِدُ
شَبَکَۃٌ (ج) شَبَکٌ ۔
شِبَاک ۔ شَبَکَاتٌ ۔ فَخٌّ (ج)
فِخَاخٌ ۔ فُخُوخٌ ۔ سِیَاجٌ (ج)
اَسْوِجَۃٌ ۔ سِیَاجَاتٌ ۔ حِبَالَۃٌ
(ج) حَبَائِلُ ۔ شَوکُ الصَّیَّادِ
جال (پرندوں کے شکار کا) فُخَارَۃٌ
جال (مچھلی کے شکار کا) مِجْزَنَۃٌ
جالی دار ۔ مُسَیَّجٌ ۔ مُسَوَّجٌ
مُشَبَّکٌ ۔
جالا مکڑی کا ۔ هَلَلٌ ۔ شُعٌّ ۔
بَیْتُ الْعَنْکَبُوتِ ۔
جالی گھاس کی ۔ شَنِیفٌ ۔
جام ۔ کَأْسٌ (ج) کُؤُوسٌ
کُوبٌ (ج) اَکْوَابٌ ۔
جامدانی ۔ صِوَانٌ ۔ صَبَانٌ (ج)
اَصْوِنَۃٌ ۔
جام صحت ۔ نُخْبٌ ۔
جامع ۔ مُسْتَوعِبٌ ۔ جَامِعٌ
جامع مسجد ۔ اَلْجَامِعُ ۔ اَلْجَوَامِعُ
جان ۔ حُوبَاءُ (ج) حُوبَاوَاتٌ
رُوحٌ (ج) اَرْوَاحٌ ۔
نَفْسٌ (ج) نُفُوسٌ ۔ اَنْفُسٌ

حَیَاۃٌ ۔ قُوَّۃٌ
جان بلب ۔ مُحْتَضَرٌ
جان بوجھ کر ۔ عَمَدٌ ۔
جانب ۔ نَاحِیَۃٌ (ج) نَوَاحٍ
شَطَرٌ (ج) اَشْطُرٌ ۔ شُطُرٌ
جِهَۃٌ (ج) جِهَاتٌ ۔ اِلیٰ
طَرَفٌ (ج) اَطْرَافٌ
جانبدار ۔ مُتَحَیِّزٌ ۔ مَائِلٌ
(صلہ الی)
جانتا (جنتا ۔ اولاد) :۔ آل
جان توڑنا ۔ مُتَفَانِیًا ۔ مُتَحَامِلًا
عَلیٰ نَفْسِہٖ
جان لیوا ۔ مُمِیتٌ ۔ مُهْلِکٌ
فَتَّاکٌ ۔
جانچ ۔ فَحْصٌ ۔ تَفْتِیشٌ ۔ تَحْقِیقٌ
تَدْقِیقٌ ۔
جانچ ۔ (آزمائش) : اِمْتِحَانٌ
اِخْتِبَارٌ ۔ اِبْتِلَاءٌ ۔
جاندار ۔ حَیَوَانٌ (ج) حَیَوَانَاتٌ
جانبین ۔ فَرِیقَانِ ۔ طَرَفَانِ ۔
جان پہچان ۔ مَعْرِفَۃٌ ۔ تَعَارُفٌ
جانشین ۔ خَلِیفَۃٌ (ج) خُلَفَاءُ
خَلَائِفُ ۔ نَائِبٌ ج نُوَّبٌ ۔ نُوَّابٌ

جانکار - مُتَعَارَفٌ -
جانکاہ - فَاجِعٌ - مُوجِعٌ - مُؤلِمٌ
اَلِيمٌ -
جانکنی - نَزْعٌ
جانگلو - جِلْفٌ (ج) اَجْلَافٌ
جانگھ (ران) فَخِذٌ (ج) اَفْخَاذٌ
جانگھیا - تُبَّانٌ (ج) تَبَابِينُ -
جانماز - سَجَّادَةٌ (ج) سَجَاجِيدُ
مَسْجَدَةٌ -
جانور - بَهِيمَةٌ (ج) بَهَائِمُ
نَعَم (ج) اَنْعَامٌ -
جانوروں کا بیچنے والا - نَخَّاسٌ
جان و مال - اَلنَّفْسُ وَالنَّفِيسُ
جانی قربانی - تَضْحِيَةٌ جِسْمِيَّةٌ
التَّضْحِيَةُ بِالنَّفْسِ -
جانی دشمن - عُدُوٌّ - لَدُودٌ -
جانی نقصان - خَسَارَةُ الرُّوحِ
جانے (فرض کرد) :- هَبْ -
جاوتری - بَسْبَاسَةٌ -
جاوداں - اَبَدٌ (ج) اُبَادٌ
سَرْمَدٌ -
جاون - رَوْبَةٌ
جاہ - جَاهٌ - جَاهَةٌ - قَدْرٌ

شَرَفٌ -
جانپھل - جَوْزُبُوَا
جائداد - عَقَارٌ (ج) عَقَارَاتٌ
ضَيْعَةٌ (ج) ضِيَاعٌ - ضِيَعٌ
مِلْكٌ (ج) اَمْلَاكٌ
مُمْتَلَكَاتٌ -
جائداد منقولہ - مِلْكٌ مَنْقُولَةٌ -
جائداد غیر منقولہ - مِلْكٌ ثَابِتَةٌ
جائداد والا - مُضِيعٌ - صَاحِبُ
الْمُلْكِ -
جائز - مَشْرُوعٌ - مُبَاحٌ - جَائِزٌ
جائزہ - فَحْصٌ - اِسْتِعْرَاضٌ
جائزہ - (طبی) فَحْصٌ طِبِّيٌّ -
جائے فرار - مَفَرٌّ -
جائے فرار نہیں - لَا مَفَرَّ لَكَ
جائے وقوع - مُنَاخٌ (ج) مُنَاخَاتٌ
مَوْقِعٌ (ج) مَوَاقِعُ -
جائنٹ کمیشن - لَجْنَةٌ مُشْتَرِكَةٌ
جانا - اَلطُّخُورُ (ن) اَلذَّهَابُ
جانا (شام کے وقت) اَلرَّوَاحُ -
جانا (صبح کے وقت) اَلْغُدُوُّ (ن)
جادو کرنا - اَلسِّحْرُ (ف)
جاذب نظر ہونا - اِسْتِرْعَاءٌ

اَلْاِنْتِظَار۔
جارحانہ کارروائی کرنا۔ اَلْقِيَامُ بِاَعْمَالٍ عُدْوَانِيَّةٍ۔
جاری کرنا۔ اَلْاِجْرَاء۔ اَلتَّنْفِيْذُ۔ اَلْاِيْجَادُ۔ اَلْاِمْضَاءُ اَلْاِبْلَاغُ۔ اَلْاِرْسَالُ اَلْاِحْدَاثُ۔ اَلْاِصْدَارُ
جاری ہونا۔ اَلْجَرَيَانُ (ض)، اَلنَّفَاذُ (ن)، اَلصُّدُوْرُ (ن)
جاری رہنا۔ اَلْاِسْتِمْرَارُ
جاری رکھنا۔ اَلْمُدَاوَمَةُ۔
جاسوسی کرنا۔ اَلتَّجَسُّسُ
جاگتا رکھنا۔ اَلْاِسْهَارُ۔ اَلْاِسْهَادُ اَلتَّارِيْقُ۔
جاگنا۔ اَلْاِنْتِبَاهُ۔ اَلْاِسْتِيْقَاظُ اَلْهَبُّ۔ اَلْهُبُوْبُ۔ اَلْهَبِيْبُ (سب ن)، اَلْاَرَقُ (س)
جاگزیں ہونا۔ اَلتَّمَكُّنُ
جاگیر دینا۔ اَلْاِقْطَاعُ۔
جال بچھانا۔ اِقَامَةُ شَبَكَاتٍ۔
جال بنانا۔ تَشْبِيْكٌ۔ تَشْرِيْجٌ
جال لگانا۔ نَصْبُ الْحِبَالَةِ
جال میں پھنسنا۔ اَلْوُقُوْعُ فِي الشَّرَكِ

جالا تننا۔ نَسَجَتِ الْعَنْكَبُوْتُ بَيْتًا
جان آنا۔ عَادَتِ الرُّوْحُ
جان دینا۔ اَلْمَوْتُ۔ اَلْاِفْتِدَاءُ بِالنَّفْسِ۔
جان ڈالنا (اَلنَّفْخُ)، نَفْخُ الرُّوْحِ اَلْبَثُّ۔
جان لڑانا۔ جَادَ بِالرُّوْحِ۔ تَفَانٰى۔
جان لینا۔ اَلْاِيْدَاءُ۔ اَلْخَطْفُ
جان بچانا (خود) :۔ اَلتَّخَلُّصُ اَلنَّجَاةُ
جان بچانا۔ (دوسرے کی)، اَلتَّخْلِيْصُ اَلتَّنْجِيَةُ۔ اَلْاِنْقَاذُ اَلْاِسْتِخْلَاصُ۔
جان پر کھیلنا۔ اَلْاِسْتِمَاتَةُ اَلْمُخَاطَرَةُ۔
جاننا۔ اَلدِّرَايَةُ (ض)، اَلْعِلْمُ (س)
جان جوکھوں میں ڈالنا۔ :۔ اَلْاِسْتِقْتَالُ (صلہ فی)،
جان گھلانا۔ اَلْبَخْعُ (ف)
جان نکلنا۔ اَلزَّهْقُ۔ اَلزُّهُوْقُ
جانچنا۔ اَلْاِمْتِحَانُ۔ اَلْاِخْتِبَارُ

اَلْبَلَاءُ - اَلْبَلْوُّ (ن)
جانبداری کرنا - اَلتَّحَیُّزُ - اَلْمَیْلُ
جانکنی ہونا - اَلنَّزْعُ (ض)
جانگھیا پہننا - اَلْاِتِّبَانُ -
جاہل بننا - اَلتَّجَاهُلُ -
جاہل بنانا - اَلتَّجْهِیْلُ
جاہل ہونا - اَلْجَهْلُ - (س)
جائز کرنا - اَلْاِبَاحَةُ - اَلتَّسْوِیْغُ
اَلْاِجَازَةُ - اَلتَّجْوِیْزُ -
جائز سمجھنا - اَلْاِسْتِبَاحَةُ -
جائز ہونا - اَلسَّوْغُ - اَلسَّوَاغُ
اَلسَّوْغَانُ - اَلْجَوَازُ -
سب ن)
جائزہ دینا - (چارج دینا) :-
اَلتَّفْوِیْضُ -
جائزہ لینا - اَلْاِسْتِعْرَاضُ -

ب

جب - اِذَا - مَتٰی
جب بھی - لَمَّا - حِیْنَمَا - عِنْدَمَا
جبکہ - اَیَّامَ - بَیْنَمَا - فِیْمَا -
جب تک - حَتّٰی - مَادَامَ
جب کبھی - کُلَّمَا
جبرالٹر - جَبَلُ الطَّارِقِ ،

جبری - اِلْزَامِیٌّ - اِجْبَارِیٌّ
جبری تعلیم - اَلتَّعْلِیْمُ الْاِجْبَارِیُّ
جبڑا - فَكٌّ - فُكُوْكٌ -
جبڑا (اوپر کا) فَكٌّ اَعْلٰی
جبڑا (نیچے کا) فَكٌّ اَسْفَلُ

ت

جتن - تَدْبِیْرٌ (ج) تَدَابِیْرُ
حِیْلَةٌ (ف) حِیَلٌ -
جتنا - بِالْمِقْدَارِ الَّذِیْ - بِقَدْرِ مَا
قَدْرَمَا -
جتھا - حِزْبٌ (ج) اَحْزَابٌ
جَمْعٌ (ج) جُمُوْعٌ
جتنی دیر - رَیْثَمَا -
جتانا - اَلْاِشَارَةُ - اَلتَّذْکِیْرُ
جتانا (کامیاب کرانا) :- اَلْاِدْرَاءُ
اَلْاِعْلَامُ -
جُتنا اَلْجَهْدُ -

ٹ

جٹادھاری - عِرْزِمٌ (ج)
عَرَازِمُ -

ج

جج - قَاضِیْ (ج) قُضَاةٌ -
ججی اَلْقَضَاءُ - مَنْصَبُ الْقَضَاءِ

د

جدائی - فُرْقَةٌ - فِرَاقٌ
جدت - اِخْتِرَاعٌ - تَجْدِيْدٌ - جِدَّةٌ
جدت پسند - مُتَفَنِّنٌ - مُتَجَدِّدٌ
جدھر - حَيْثُمَا - اِلٰى جِهَةٍ -
اِلٰى مَا حَيْثُ -
جُدا - عَلٰى حِدَةٍ -
جدا جدا کرنا - اَلْمَيْزُ -
جدا کرنا - اَلْفَصْلُ - اَلتَّفْصِيْلُ
اَلتَّنْحِيَةُ - اَلتَّفْرِيْقُ - اَلْفَكُّ
جدا کرنا (کام وغیرہ سے) :- اَلْعَزْلُ
(ض - صلہ عن)
جدا ہونا - اَلْاِنْفِصَالُ - اَلتَّفَرُّقُ
اَلتَّنَحِّيْ -
جدائی کرنا - اَلتَّشْتِيْتُ - اَلتَّفْكِيْكُ
جدائی ہونا - اَلْاِفْتِرَاقُ -
اَلتَّشَتُّتُ - اَلْاِنْفِكَاكُ
جدید تحقیق کرنا - اَلْاِكْتِشَافُ -
جدت کرنا - اَلتَّفَنُّنُ (صلہ فی)
جدت پسند ہونا - اَلْمُتَجَدِّدُ
اَلْمُتَفَنِّنُ -

ذ

جذامی - مَجْذُوْمٌ

جذبہ - شُعُوْرٌ - رُوْحٌ - رَغْبَةٌ
عَاطِفَةٌ (ج) عَوَاطِفُ -
جذبات - عَوَاطِفُ - مَشَاعِرُ -
جذبہ (قوی) : شُعُوْرٌ قَوِيٌّ
مُتَوَقِّدٌ -
جذبہ (اچھا) :- عَاطِفَةٌ نَبِيْلَةٌ
جذبہ (جوش) :- عَاطِفَةٌ حَمَاسَةٌ
جذبہ دوستی - شُعُوْرُ الْمَوَدَّةِ
عَاطِفَةٌ وُدِّيَّةٌ -
جذبۂ انتقام - اَلرُّوْحُ الْاِنْتِقَامِيَّةُ
جذباتِ محبت - عَوَاطِفُ الْمَحَبَّةِ
جذباتی (جوشیلا) :- حَمَاسِيٌّ
عَاطِفِيٌّ -
جذبہ بڑھنا - تَعَاقُمُ الشُّعُوْرِ -
جذبہ پیدا کرنا - نَشَاءَتِ الرُّوْحُ
دَبَّتِ الرُّوْحُ -
جذبہ پیدا ہونا - اِنْشَاءُ الرُّوْحِ
نَفْخُ الرُّوْحِ -
جذبہ فرو کرنا - اِخْمَادُ الرُّوْحِ -
جذبہ فرو ہونا - خُمُوْدُ الْعَاطِفَةِ
جذبات ابھرنا (بیدار ہونا) :-
تَيَقُّظُ الْعَوَاطِفِ -
جذبات ابھارنا - اِيْقَاظُ - اِحْيَاءٌ

جذبات بڑھانا - تَقْوِيَةُ الْعَوَاطِفِ
جذبات بھڑکنا - اِضْطِرَامُ الْعَوَاطِفِ
جذبات سے کھیلنا - اَلتَّلَاعُبُ بِالْعَوَاطِفِ -
جذبات مشتعل ہونا - اِلْهَابُ الْعَوَاطِفِ - ضَرَمٌ ....
جذبات کا احترام کرنا - اِحْتِرَامُ الْعَوَاطِفِ -
جذبات کو ٹھیس لگنا - تَجَرُّحُ الْعَوَاطِفِ - اِشْمِئْزَازٌ ...
جذبات کو ٹھیس لگانا - تَجْرِيحُ الشُّعُوْرِ -
جذبات کی رو میں بہنا - اَلْاِنْدِفَاعُ بِدَافِعِ الْعَوَاطِفِ -
جذبات مجروح کرنا - تَجْرِيحُ الْعَوَاطِفِ -
جذبات مجروح ہونا - جَرْحُ الْعَوَاطِفِ -

جر

جُرأت - مُخَاطَرَةٌ - جُرْأَةٌ
جرات مندانہ - جَرِيٌّ
جراب - جِرَابٌ (ج) جِرَابَاتٌ
جرائم - جَرَائِمُ
جرائم پیشہ - مُجْرِمُوْنَ - مُرْتَكِبُوا الْجَرَائِمِ -
جرائم کا انسداد - القضاء على الجرائم سَدُّ الْجَرَائِمِ -
جراثیم - جَرَاثِيمُ (واحد) جُرْثُوْمَةٌ
جراحی - اَلْجِرَاحَةُ -
جرثقیل - جَرَّارٌ - اَلْآلَةُ الرَّافِعَه مُخَمَّسٌ -
جرح - مُنَاقَشَةٌ -
جُرم - جَرِيْمَةٌ -
جُرم (یعنی گناہ) : ذَنْبٌ (ج) ذُنُوْبٌ اِثْمٌ (ج) اٰثَام
جرمانہ - مَغْرَمٌ (ج) مَغَارِمُ - غَرَامَةٌ (ج) غَرَامَات - تَبِعَةٌ (ج) تَبِعَاتٌ - تَعْوِيْضٌ -
جرمانہ (مالی) :- عُقُوْبَةٌ مَالِيَةٌ جَزَاءٌ نَقْدِيٌّ -
جرمنی (ملک) اَلْمَانْ
جرمنی (باشندہ) :- اَلْمَانِي -
جرنلزم - اَلصَّحَافَةُ -
جرنلسٹ - صُحُفِيٌّ (ج) صُحُفِيُّوْنَ
جریب (لاٹھی) :- عَصًا (ج) عِصِيٌّ - اَعْصَاءٌ -

جرأت سے کام لینا۔ اَلتَّجَرُّؤُ
جرأت کرنا۔ اَلْجُرْأَةُ۔ اَلْجَرَائِيَّةُ
(ک۔ سلہ علی) اَلْاِجْتِرَاءُ۔
جرأت دلانا۔ اَلتَّجْرِئَةُ
جرائیم ختم کرنا۔ اَلْفَتْكُ بِالْجَرَاثِيْمِ
جرح کرنا۔ اَلْاِسْتِنْطَاقُ۔ نَاقَشَ
اَلْقَضِيَّةَ۔ مُنَاقَشَةٌ
جرم کرنا۔ اِرْتِكَابُ الْجَرِيْمَةِ۔
جرم کا اقرار کرنا۔ اِعْتِرَافٌ وَ
اِقْرَارُ الْجَرِيْمَةِ۔
جرمانہ کرنا۔ اَلْغَرَامَةُ۔ اَلتَّغْرِيْمُ
فَرْضُ الْغَرَامَةِ

ڑ

جڑ۔ جِذْرٌ۔ (ج) جُذُوْرٌ۔
اَصْلٌ (ج) اُصُوْلٌ۔ جِذْعٌ
جُذُوْعٌ۔ اَسَاسٌ۔ اِسَاسَاتٌ
بُنْيَانٌ۔
جڑ (جو زمین کے اندر ہو) عَدَانَةٌ
(ج) عَدَفَاتٌ۔
جڑاؤ۔ مَرَصَّعٌ
جڑواں۔ تَوْاَمٌ (ج) تَوَائِمُ
جڑواں جننے والی۔ مُتْئِمٌ (ج)
مَتَائِمُ۔ مُجْمِرٌ (ج) مَمَاجِرُ
جڑواں جننے کی عادت والی۔
مِتْئَامٌ (ج) مَتَائِيْمُ۔
جڑی بوٹی۔ عَقَّارٌ (ج) عَقَاقِيْرُ
جڑیا۔ مُرَصِّعٌ۔
جڑ پکڑنا۔ اَلتَّاَصُّلُ۔ اَلتَّمَرْكُزُ۔
جڑ سے اکھڑنا۔ اَلْاِسْتِيْصَالُ۔
جڑ مضبوط کرنا۔ اِحْكَامُ۔ تَقْوِيَةُ
الْاِسَاسِ۔ تَرْسِيْخُ الْاَصْلِ
تَدْعِيْمُ الْاَرْكَانِ
جڑیں اکھاڑنا۔ تَمْزِيْقُ اَوْصَالِ
اِسْتِيْصَالُ جُذُوْرٍ۔
جڑیں گہری ہونا۔ عُمْقُ الْجُذُوْرِ
جڑیں ہلانا۔ تَقْوِيْضُ الدَّعَائِمِ
وَالْاَرْكَانِ۔ زَلْزَلَ
بُنْيَانَ الشَّيْئِ
جڑنا۔ اَلتَّرْصِيْعُ۔ اَلتَّرْكِيْبُ
جڑنا۔ اَلْاِلْتِصَاقُ۔

ز

جُز۔ (سولہ صفحات کا) كُرَّاسَةٌ
(ج) كَرَارِيْسُ۔
جُزدان۔ قِمَطْرٌ (ج) قَمَاطِرُ
جزیرہ۔ جَزِيْرَةٌ (ج) جَزَائِرُ
جزیرہ نما۔ شِبْهُ جَزِيْرَةٍ۔

جز بز ہونا ۔ اَلضَّعَرَۃُ ۔ اَلسَّامَۃُ

س

جست ۔ طُمُورٌ ۔ وُثُوبٌ ۔ قَفْزَۃٌ (ج) قَفَزَاتٌ ۔ وَثْبَۃٌ

جست (دھات) اُنُکٌ ۔ رَصَاصٌ اُسْرُبٌ ۔

جستجو ۔ تَفَقُّدٌ ۔ تَفَحُّصٌ ۔

جسم ۔ جِسْمٌ ۔ (ج) اَجْسَامٌ ۔ بَدَنٌ (ج) اَبْدَانٌ ۔

جسمانی ۔ عَصَبِیٌّ ۔ بَدَنِیٌّ ۔ جِسْمَانِیٌّ

جسمانی مشین ۔ جِهَازٌ عَصَبِیٌّ ۔

جسمانی ورزش ۔ رِیَاضَۃٌ بَدَنِیَّۃٌ

جسٹس ۔ رَئِیْسُ الْقُضَاۃِ

جس قیمت پر بھی ۔ بِاَیِّ ثَمَنٍ وَمَهْمَا

جستجو کرنا ۔ اَلتَّطَلُّبُ ۔ اَلتَّفَقُّدُ اَلتَّفَحُّصُ ۔

ش

جشن ۔ مَهْرَجَان (ج) مَهْرَجَانَاتٌ

جشن آزادی ۔ عِیْدُ الْاِسْتِقْلَالِ

جشن تاجپوشی ۔ عِیْدُ التَّتْوِیْجِ اَلْاِحْتِفَالُ بِالتَّتْوِیْجِ

جشن تخت نشینی ۔ عِیْدُ اِعْتِلَاءِ الْعَرْشِ ۔ عِیْدٌ (ج) اَعْیَادٌ

جشن منانا ۔ اَلْاِحْتِفَالُ بِعِیْدٍ اِقَامَۃُ مَهْرَجَانٍ

ع غ

جعلسازی ۔ اَلتَّزْوِیْرُ ۔ اَلتَّزْیِیْفُ اَلْاِصْطِنَاعُ ۔ اَلْاِنْتِحَالُ

جعلی ۔ مُزَیَّفٌ ۔ مُزَوَّرٌ ۔ زَائِفٌ مُصْطَنَعٌ ۔ مُفْتَعَلٌ ۔

جعلی نوٹ ۔ اَلْاَوْرَاقُ الزَّائِفَۃِ نُقُوْدُ الْمُزَوَّرَۃِ ۔

جغرافیہ ۔ جُغْرَافِیَۃٌ ۔

جغرافیائی ۔ جُغْرَافِیٌّ ۔

ف

جفت ۔ زَوْج (ج) اَزْوَاجٌ ۔

جفتی (اونٹ کی) قَوْعٌ

جفتی (بکرے کی) نَزَوَانٌ

جفتی (پرندے کی) سَفَادٌ

جفتی (کتے کی) مُعَاظَلَۃٌ

جفتی (گدھے کی) بَوْکٌ

جفتی (گھوڑے کی) کَوْمٌ

جفتی (مرغ کی) قَمْطٌ

جفتی کرانا ۔ اَلْاِنْزَاءُ ۔ اَلْاِسْفَادُ

جفتی کرنا (اونٹ کا) اَلْقَوْعُ (ن)

جفتی کرنا (بکرے کا) اَلنَّزَوَانُ (ن)

جفتی کرنا (پرندے کا)، اَلسِّفَادُ (ن)،
جفتی کرنا (کتے کا)، اَلْمُعَاظَلَۃُ
جفتی کرنا (گدھے کا)، اَلْبُوکُ (ن)،
جفتی کرنا (گھوڑے کا)، اَلْکَرُوْمُ (ن)
جفتی کرنا (مرغ کا)، اَلْقَمْطُ (ن مں)

ڑ

جکڑ - تَکْبِیْلٌ - تَوْثِیْقٌ
جکڑنا - اَلْاِیْثَاقُ - اَلتَّوْثِیْقُ
اَلتَّکْبِیْلُ -

گ

جگ - اَبْرِیْقٌ (ج)، اَبَارِیْقُ
جگ (دنیا)، وَرٰی - عَالَمٌ
جگ - (زمانہ) قَرْنٌ (ج) قُرُوْن
حِقْبَۃٌ (ج)، اَحْقَابٌ
جگادری - ھَیْکَلٌ (ج) ھَیَاکِل
جگالی - جِرَّۃٌ -
جگالی کرنے والا - مُجْتَرٌّ
جگر - کَبِدٌ (ج)، اَکْبَادٌ -
جگر کا ٹکڑا - فِلْذٌ (ج)، افلاذ
جگر کا درد - کُبَادٌ -
جگر کی رگ - حَرْثٌ
جگنو - یَرَاعَۃٌ (ج)، یَرَاعٌ حُبَاحِبٌ
اُخْبُوْطَۃُ (ج)، اُخْبُوْطُ

جگنی - عِقْدٌ (ج)، عُقُوْدٌ -
جگہ - مَکَانٌ (ج)، اَمْکِنَۃٌ - مَوْضِعٌ
(ج)، مَوَاضِعُ - مَحَلٌّ
(ج)، مَحَلَّاتٌ -
جگہ جگہ - ھُنَا وَ ھُنَاکَ - فِی کُلِّ
مَکَانٍ -
جگانا - اَلتَّنْبِیَۃُ - اَلْاِیْقَاظُ -
جگالی چھوڑ دینا - اَلْکُظُوْمُ -
جگالی کرنا - اَلْاِجْتِرَارُ - اَلْاِجْرَارُ
جگر کے ٹکڑے کرنا - اَلتَّقْطِیْعُ
اَلتَّفْتِیْتُ -
جگر کے ٹکڑے ہونا - اَلتَّقَطُّعُ
اَلتَّفَتُّتُ -
جگمگانا - اَلتَّلَأْلُؤُ - اَللَّمْعَانُ
(ن)، اَلتَّنَوُّرُ - اَلْاِشْرَاقُ - اَلتَّأَلُّقُ
جگہ پُر کرنا - تَعْبِیَۃُ الْمَنْصَبِ وَ
الْمَقْعَدِ - وَضْعُ الْکَلِمَاتِ
فِی الْاَمْکِنَۃِ الْخَالِیَۃِ -
جگہ پر ہونا - اِمْتِلَاءُ الْمَکَانِ -
جگہ پوری کرنا مَلَاءُ الْفَرَاغِ -
جگہ دینا - اَلْاِیْوَاءُ - اَلْاِئْوَاءُ
جگہ کا ناموافق ہونا - اَلْغَثُّ
اَلْمُغْثِیْثُ (ض)

جگہ لینا - اَلْحَلُّ - اَلْحُلُوْلُ -
اَلْاِحْتِلَالُ -

جگہ کشادہ کرنا - اَلْاِفْسَاحُ اَلتَّفَسُّحُ
ل

جُل - (فریب) خَتْرٌ - خَتْلٌ - خَدِیْعَۃٌ

جلاپا - حَسَدٌ -

جلاّد - مَشَاعِلِی - سَیَّافٌ

جُلاہا - نَاجِمٌ - نَسَّاجٌ - حَائِکٌ
(ج) حَاکَۃٌ -

جلاوطن - مَنْفِیٌّ - مُشَرَّدٌ -

جلاوطنی - اَلْجَلَاءُ - اَلتَّشْرِیْدُ
اَلنَّفْیُ -

جلاوطنی کی جگہ - مَنْفیً -

جلاوطنی کی زندگی - اَلْعَیْشُ فِی الْمَنْفیٰ

جلد - سَرِیْعًا - سِرَاعًا - عَلیٰ عَجَلٍ
بِسُرْعَۃٍ -

جلد باز - عَجِیْلٌ (ج) عِجَالٌ - عُجُوْلٌ
(ج) عُجُلٌ - عُجْلَانٌ (ج)
عُجَالیٰ - عِجَالٌ -

جلد بازی - اَلْعُجْلَۃُ - اَلتَّعْجِیْلُ
اَلْاِسْتِعْجَالُ -

جلد ساز - مُجَلِّدٌ

جلد سازی - تَجْلِیْدٌ -

جلسہ - حَفْلَۃٌ (ج) حَفَلَاتٌ
اِجْتِمَاعٌ (ج) اِجْتِمَاعَاتٌ

جلسۂ تعزیت - حَفْلَۃُ التَّابِیْنِ

جلسۂ تقسیم انعامات - حَفْلَۃُ
تَوْزِیْعِ الْجَوَائِزِ -

جلسہ میلاد النبی - حفلۃ مَوْلِدِ
النَّبَوِیِ -

جَلَق - اِسْتِمْنَاءٌ -

جلن - مَضَاضٌ - اِحْتِرَاقٌ -

جلندھر - اِسْتِسْقَاءٌ -

جلنے کی آواز - مَحْمَۃٌ (ج) مَحَامِمُ

جلوس - مَوْکِبٌ (ج) مَوَاکِبُ
رَکْبٌ - مُظَاهَرَۃٌ -

جلیبی - مُشَبَّکٌ - زُلَابِیَۃٌ

جلنا - اَلْاِحْتِرَاقُ -

جلنا (آگ) :- اَلْاِسْتِیْقَادُ
اَلْاِیْقَادُ - اَلْاِلْتِهَابُ -

جلنا (آگ سے) اَلتَّحْرِیْقُ - اَلْاِحْرَاقُ

جلانا زخم کو - (دوا سے) :- اَلتَّنْشِیْطُ
اَلْاِشَاطَۃُ -

جلانا - اَلْاِسْتِحْیَاءُ - اَلْاِحْیَاءُ

جلا دینا - اَلْجِلَاءُ - اَلصَّقْلُ

جلاوطن کرنا - اَلتَّغْرِیْبُ - اَلنَّفْیُ (ض)

جلاوطن ہونا۔ اَلْاِغْتِرَابُ۔ اَلتَّغَرُّبُ
جلد بندی کرنا۔ اَلتَّجْلِیْدُ۔
جلدی کرنا۔ اَلْاِعْجَالُ۔ اَلتَّعْجِیْلُ
اَلْاِسْتِعْجَالُ۔
جلسہ کرنا۔ اَلْاِحْتِفَالُ۔ عَقْدُ الْحَفْلَۃِ
اِقَامَۃُ حَفْلَۃٍ۔
جلسہ ہونا۔ اِنْعِقَادُ الْحَفْلَۃِ
جلق لگانا۔ اَلْاِسْتِمْنَاءُ
جلانا (آگ) اِشْعَالُ نَارٍ
جلانا (چراغ) اِیْقَادُ مِصْبَاحٍ
جلوس نکالنا۔ اَلْقِیَامُ بِالْمُظَاھَرَۃِ۔
اَلْمُظَاھَرَۃُ۔

م

جماؤ۔ ثِبَاتٌ۔ ثُبُوْتٌ۔ جُمُوْدٌ
جمائی۔ تَثَاؤُبٌ۔ ثَأَبٌ۔ ثُوَبًا
جماعت۔ جَمْعِیَّۃٌ۔ حِزْبٌ (ج)
اَحْزَابٌ۔ ھَیْئَۃٌ۔ عُصْبَۃٌ
عِصَابَۃٌ۔ جَمَاعَۃٌ۔
جماعت (درجہ) صَفٌّ (ج) صُفُوْفٌ
فَصْلٌ۔ فِرْقَۃٌ۔ طَبَقَۃٌ
جماعت بندی۔ تَشْکِیْلُ صُفُوْفٍ
جماعتی۔ اِجْتِمَاعِیٌّ۔ حِزْبِیٌّ
جماعتی تنظیم۔ اَلتَّنْظِیْمُ الْحِزْبِیُّ

جماعتی زندگی۔ اَلْحَیَاۃُ الْحِزْبِیَّۃُ
جمالگوٹہ۔ حَبُّ السَّلَاطِیْنِ۔
جمدھر۔ خَنْجَرٌ (ج) خَنَاجِرُ
جمعدار۔ ضَابِطٌ (ج) ضُبَّاطٌ
جمعرات۔ یَوْمُ الْخَمِیْسِ۔
جمعہ۔ جُمُعَۃٌ (ج) جُمَعٌ۔ جُمُعَاتٌ
عَرُوْبَۃٌ۔
جمگھٹ۔ اِزْدِحَامٌ۔ زِحَامٌ۔
جمناسٹک۔ جِمْنَازِیَۃٌ۔
جمود۔ فُتُوْرٌ۔ جُمُوْدٌ۔
جموٹ۔ وَسْبٌ (ج) وُسُوْبٌ
جموگہ۔ اُمُّ الصِّبْیَانِ۔
جموگہ (مرگی) صَرَعٌ
جمہور۔ عَوَامٌ
جمہوریت۔ دِیْمُقْرَاطِیَّۃٌ۔
جَمْھُوْرِیَّۃٌ۔ عُمُوْمِیٌّ
جمہوری سلطنت۔ دِیْمُقْرَاطِیَّۃٌ
جمہوری نظام۔ اَلنِّظَامُ
الدِّیْمُقْرَاطِیُّ۔
جماع کرنا۔ اَلْمُبَاشَرَۃُ۔ اَلْمُجَامَعَۃُ
اَلْجِمَاعُ۔ اَلْوَطَاءُ (س)
جمائی لینا۔ اَلتَّثَأُبُ۔ اَلتَّثَاؤُبُ
جماعت بنانا۔ تَکْوِیْنٌ۔ تَشْکِیْلٌ

تَالِیفُ الجَمَاعَۃِ
جماعت سے الگ کرنا - اَلِاخْرَاجُ مِنَ الجَمَاعَۃِ -
جماعت سے الگ ہونا - اَلخُرُوجُ مِنَ الجَمْعِیَّۃِ -
جماعت میں ملنا - اَلشُّمُولُ اَلاِنْضِمَامُ فِی الحِزْبِ وَاِلَی الجَمْعِیَّۃِ -
جماعت میں لانا - اَلضَّمُّ فِی الجَمْعِیَّۃِ
جمع کرنا - اَلحَشْرُ (ن)، اَلحَشْدُ (ن) اَلجَمْعُ (ف)
جمع کرنا (مال وغیرہ) اَلِادِّخَارُ اَلکَنْزُ -
جمع کرانا (بنک میں رقم) - اِیْدَاعُ المَبلَغِ فِی البَنکِ -
جمع ہونا - اَلِاحْتِشَادُ - اَلِاجْتِمَاعُ
جمع ہونا (ایک جھنڈے تلے) اِنضِوَاءُ تَحتَ اللِّوَاءِ
جمنا - اَلجَمُدُ (ن)
جمنا (قدم کا) ثُبُوتُ وَثَبَاتُ الاَقدَامِ
جمنا (ذہن میں بات بیٹھ جانا) اَلتَّمَکُّنُ التَّمَرکُزُ فِی النَّفسِ -
جمنا (پختگی کے ساتھ) اَلرَّسْخُ الرُّسُوخُ -
جمنا (گھی کا) اَلجَمْسُ (ن)
جمنا (دہی کا) اَلرَّوْبُ - اَلرُّؤُوبُ
جمانا - اَلتَّجمِیدُ - اَلتَّثبِیتُ - اِحْکَامُ

ن

جن - جَانٌّ (ج) جِنَّانٌ - جِنِّیٌّ
جن کی آواز - عَزِیفٌ -
جنازہ - مَیِّتٌ (ج) مَوتَی جَنَازَۃٌ (ج) جَنَائِزُ
جنازہ (میت کا ڈولہ) مَوکِبُ الجَنَازَۃِ ، اِرَانُ نَعشٌ -
جناب - حَضرَتُکُم - جَنَابُکُم
جنبش - حِرَاکٌ - حَرَکَۃٌ -
جنت - فِردَوسٌ (ج) فَرَادِیسُ جَنَّۃٌ (ج) جَنَّاتٌ -
جنتری - تَقوِیمٌ (ج) تَقَاوِیمُ رُوزنَامَۃِ -
جنرل - اَلعَامُ - اَلعُمُومِی
جنرل (عہدہ) جَنرَالُ -
جنرل اسمبلی - اَلهَیئَۃُ العُمُومِیَّۃ
جنرل اسمبلی (اقوام متحدہ کی) اَلهَیئَۃُ العُمُومِیَّۃُ لِلاُمَمِ المُتَّحِدَۃ

جنرل کمیٹی - اَللَّجْنَةُ الْعُمُومِيُّ -
جنرل کمیٹی (بمعنی اعلیٰ) :- اَللَّجْنَةُ الْعُلْيَا -
جنجال - دَاهِيَةٌ (ج) دَوَاهٍ بَلِيَّةٌ (ج) بَلَايَا
جنکشن - نُقْطَةُ اِتِّصَالِ الْخُطُوط مَحَطَّةٌ رَئِيْسِيَةٌ -
جنگ - هَيْجَاءُ - حَرْبٌ (ج) حُرُوبٌ -
جنگ (بمعنی جہاد) قِتَالٌ -
جنگ (اعصابی) حَرْبُ الْاَعْصَاب
جنگ (سرد) حَرْبٌ بَارِدَةٌ -
جنگ بندی لائن - خُطُوطُ الْهُدْنَةِ -
جنگ عظیم - اَلْحَرْبُ الْعَالَمِيَّةُ
جنگ کا اعلان - اِعْلَانُ الْحَرْبِ
جنگ کے راگ - نَغْمَاتُ الْحَرْب رَجْزٌ -
جنگجو - مُقَاتِلٌ - مُحَارِبٌ -
جنگل (درختوں کا) غَابَةٌ (ج) غَابٌ - غَابَاتٌ - اَجَمَةٌ (ج) اَجَمَاتٌ
جنگل - بَيْدَاءُ (ج) بَيْدَاوَاتٌ

فَلَاةٌ (ج) فَلَوَاتٌ - صَحْرَاءُ (ج) صَحَارَى
جنگلا - دَرَابْزُوْنٌ، دَرَابْزِيْنٌ (ج) دَرَابْزُوْنَاتٌ شُبَّاكٌ سِيَاجٌ حَبَابِيْ -
جنگلی - وَحْشِيٌّ - بَدَوِيٌّ - صَحْرَائِيٌّ
جنگی - حَرْبِيٌّ -
جنگی اڈا - قَاعِدَةٌ حَرْبِيَّةٌ
جنگی بیڑا - اُسْطُوْلٌ — (ج) اَسَاطِيْلُ -
جنگی تیاری - اَلْاِسْتِعْدَادُ الْحَرْبِيُّ
جنگی جہاز (بحری) بَارِجٌ (ج) بَوَارِجٌ - بَاخِرَةٌ - بَوَاخِرُ -
جنگی جہاز ہوائی - اَلطَّائِرَةُ الْمُقَاتِلَةُ
جنگی سامان - اَلْمُعَدَّاتُ الْحَرْبِيَّةُ اَلْمَوَادُّ الْحَرْبِيَّةُ -
جنگی قیدی - مَسَاجِيْنُ الْحَرْبِ اَسِيْرٌ (ج) اُسَرَاءُ
جنگی کارروائیاں - اَلْعَمَلِيَّاتُ الْحَرْبِيَّةُ -
جنگی مشقیں - اَلْمُنَاوِرَاتُ الْحَرْبِيَّةُ
جنگی نعرے - اَلْهُتَافَاتُ الْحَرْبِيَّةُ
جنگی جانور - وَحْشٌ (ج) وُحُوْشٌ -

جنگلی گھاس - اَلْحَشَایِشُ الْبَرِیَّۃُ
جنسی خواہشات - اَلرَّغَبَاتُ، وَ
المَیُوْلُ الجنسیۃُ -
جنم - فِطْرَۃٌ - خِلْقَۃٌ - وَلَادَۃٌ - نَشْأَۃٌ
جنوری - یَنَایَرُ - کَانُوْنُ ثَانِی -
جینو - زُنَّارٌ (ج) زَنَانِیْرُ -
جینوا (ملک) جَنِیْفٌ
جننا اَلْوِلَادَۃُ - اَلْوَضْعُ (مں)
جنبش کرنا - اَلتَّحْرِیْک -
جنبش ہونا - اَلْحَرْکَۃُ
جنبش دینا - اَلتَّحَرُّکُ
جنبہ داری - اَلتَّعَصُّبُ (صلہ لام)
جنگ بند کرنا اِنْہَاءُ الْحَرْبِ - اِیْقَافُ الْقِتَالِ
جنگ بند ہونا - وَقْفُ الْقِتَالِ -
جنگ جیتنا - اَلْاِنْتِصَارُ - کَسْبُ
الْحَرْبِ -
جنگ چھڑنا - حَدَثَتْ - وَقَعَتْ
نَشَبَتُ الْحَرْبُ - قَامَ الصِّرَاعُ
شَبَّتَ نَارُ الْحَرْبِ - اِشْتَبَکَتِ
الْحَرْبُ - اَلْحَرْبُ سِجَالٌ بَیْنَہُمْ
جنگ کرنا - اَلْمُحَارَبَۃُ - اَلْمُکَافَحَۃُ
جنگ میں کودنا - اَلْاِشْتِبَاکُ فِی
الْعِرَاکِ الدُّخُوْلُ فِی الْحَرْبِ

جنگ کی آگ میں دھکیلنا: -
اَلْاِلْقَاءُ فِیْ اُتُوْنِ الْحَرْبِ:

و

جُو - اَلَّذِیْ (ج) اَلَّذِیْنَ (مونث)
اَللَّتِیْ (ج) اللَّاتِیْ - مَا -
جَو - شَعِیْرٌ (ج) شَعِیْرَاتٌ
جَو (بغیر چھلکے کا) سُلْتٌ -
جُوا - مَیْسِرٌ - قِمَارٌ
جوے باز - مُقَامِرٌ (ج) مُقَامِرُوْنَ
جوا (بیل کی گردن کا) نِیْرٌ (ج) نِیَارٌ، نِیْرَانٌ
جَوا (لہسن کا) فَصٌّ (ج) فُصُوْصٌ
سَنَۃٌ (ج) اَسْنَانٌ
جواب - جَوَابٌ (ج) اَجْوِبَۃٌ -
جواب ترکی بہ ترکی - رَدُّ الْجَوَابِ
بِمِثْلِہٖ - رَدُّ الْعُدْوَانِ بِمِثْلِہٖ
جواب دہ - مَسْئُوْلٌ -
جواب دہی - اَلْمُؤَاخَذَۃُ -
جواب دینے والا - مُجِیْبٌ
جواب نہ دے سکنے والا - مَفْحُوْمٌ -
جوابی - اِجَابِیٌّ - مُضَادٌّ
جوابی حملہ - اَلْہُجُوْمُ الْمُضَادُّ -
جوار - ہُجَاجٌ - ذُرَّۃٌ
جوار کی روٹی - طَہْفٌ -

جوار بھاٹا۔ مَدٌّ وجَزْرٌ
جواری۔ خَلِیعٌ (ج) خُلَعَاء۔ قَمِیرٌ
(ج) اَقْمَارٌ۔ مُقَامِرٌ۔
جواز۔ مَسَاغٌ۔ جَوَازٌ
جوالکھی۔ بُرْکَانٌ (ج) بَرَاکِینُ
جوان۔ حَدَثٌ (ج) اَحْدَاثٌ
فَتیً (ج) فِتْیَةٌ۔ فِتْیَانٌ
شَابٌّ۔
جوان بیس سالہ۔ عُشَارِیٌّ۔
جوان (پندرہ تا پچیس سالہ):۔ قُمُدٌّ
جوان (پچیس تا تیس سالہ):۔ غَنَطْنَطٌ
جوان (تیس تا چالیس سالہ) شَابٌّ
(ج) شُبَّانٌ
جوان کرڑیل۔ عُمُدٌّ۔ عَلْیَانٌ۔
جوان عورت۔ شَابَّةٌ۔ (ج)
شَابَاتٌ۔ شَبَّاتٌ۔ فَتَاةٌ
(ج) فَتَیَاتٌ۔ فَتَوَاتٌ۔
جوان عورت (۲۰ سالہ) مُعْصِرٌ
جوان عورت (۴۵ سالہ) مُسْلِفٌ
جوان عورت (بڑھاپے کے قریب)
عَوَانٌ۔ نَصَفٌ۔
جوانامرگ۔ عَبْطَةٌ
جوانمرد۔ بَاسِلٌ (ج) بَوَاسِلُ
بَطَلٌ (ج) اَبْطَالٌ
جوانمردی۔ فُتُوَّةٌ۔ اَلْبَسَالَةُ
اَلْبُطُولَةُ۔ الرُّجُولَةُ۔
جوانی۔ حَدَاثَةٌ۔ فَتَا۔ شَبَابٌ۔
جوانی کا جوبن۔ مِیعَةُ الشَّبَابِ
مَهْكَةٌ۔ مُهْكَةٌ۔
جوانی کی ترنگ۔ غَسَّانٌ۔ لَغْنٌ
جواہر بیچنے والا۔ فَرَّادٌ۔
جوبلی۔ یوبیل
جو بھی۔ اَیُّ مَا۔ اَیُّ مَنْ۔ اَیٌّ
کَان۔
جوت۔ لَمَعَانٌ۔ تَلَأْلُؤٌ۔
جوتا۔ نَعْلٌ (ج) نِعَالٌ۔ اَنْعُلٌ
حِذَاءٌ (ج) اَحْذِیَةٌ۔
جوتا (برساتی) فَالُوشٌ۔
جوتا (پرانا) شَرْثَةٌ۔
جوتش۔ عِلْمُ النُّجُومِ
جوتشی۔ مُنَجِّمٌ
جوتے کی آواز۔ خَشْخَشَةٌ
خَفْقٌ۔ قَرْعٌ
جوٹ۔ قِنَّبٌ۔
جوٹ کی رسی۔ وَثِیلٌ۔
جوڈیشل۔ قَضَائِیٌّ

جَور - ظُلْمٌ -
جورو - زَوْجَةٌ (ج) زَوْجَاتٌ
قَعِيْدَةٌ (ج) قَعَائِدُ
طَلَّةٌ -
جوروسے بے رغبت (باوجود قوت کے)
حُصُوْرٌ -
جوڑ - مَفْصِلٌ (ج) مَفَاصِلُ
عُضْوٌ (ج) اَعْضَاءٌ
جوڑ (تعلق) :- اِتِّصَالٌ - عِلَاقَةٌ
مُمَاثِلَةٌ -
جوڑ (برابری) كُفُوْءٌ
جوڑا - زَوْجٌ (ج) اَزْوَاجٌ
مَجْمُوْعَةٌ -
جوڑا (بالوں کا) قُنْزُعَةٌ - قِنْزِعَةٌ
(ج) قُنْزُعَاتٌ - قَنَازِعُ -
جوڑا (کپڑے کا) حُلَّةُ الثِّيَابِ
(ج) حُلَلٌ -
جوڑی کا بخار - حُمّٰی نَافِضَةٌ
بُرَدَاءَ -
جوش - حَمَاسَةٌ - فَوْرَةٌ - هِيَاجٌ
ثَوْرَةٌ - مَوْجٌ - حِدَّةٌ
جوش (بمعنی اُبال) غَلْيٌ - غَلَيَانٌ
جوشاندہ - سُلَافَةٌ

جوش جوانی - ثَوْرَةُ الشَّبَابِ -
فَوْرَةُ الشَّبَابِ -
جوش حمیت - اَلْحَمَاسَةُ الْحَمِيَّةُ
جوش وخروش - اَلْحَمَاسَةُ وَالْحَرَارَةُ
جوشیلا - مُثِيْرٌ - حَمَاسِيٌّ
حَارٌّ -
جوشیلی - مُثِيْرَةٌ - حَمَاسِيَةٌ
جوشیلی تقریر - خِطَابٌ حَارٌّ
خِطَابٌ حَمَاسِيٌّ -
جوکوب - جَرِيْشٌ
جوکھم (نقصان) خِسَارَةٌ
خُسْرَانٌ -
جوکھم (مصیبت) بَلِيَّةٌ (ج)
بَلَايَا - صَعْبٌ
جوگجنی - عَلِيْشَةٌ -
جوگجنی کی روٹی - عَلِيْثٌ
جولائی - يُوْلِيَةٌ - يُوْلِيُوْ -
جون - يُوْنِيُوْ -
جُوں - قَمْلَةٌ (ج) قَمْلٌ
قُمَّلٌ -
جُوں (اونٹ یا مرغی کی) قِرْطَعٌ
قِرْدِعٌ -
جوں کا انڈا - صُوَابَةٌ (ج) صُوَابٌ

صِئْبَان -
جونک - عَلَقَهٌ -
جونیر - اَصْغَرُسِنًّا اَوْمَقَامًا
جوہی - حَالِمًا -
جوہر - جَوْهَرٌ (ج) جَوَاهِرُ
جوہر تلوار - فِرِنْدٌ - اِفْرِنْدٌ (ج)
فَرَانِدُ - اِفْرِنْدَاتٌ
جوہی - ظَبْيَانٌ -
جوا کھیلنا - اَلتَّقَمُّرُ - اَلْمُقَامَرَةُ
جوا کھلانا - اَلْاِقْمَارُ - اَلتَّقْمِيْرُ
جواب دینا - اَلْاِجَابَةُ -
جواب دینا (انکار کرنا) اَلْاِنْكَارُ
اَلرَّفْضُ (ن)
جواب طلب کرنا - اَلْاِسْتِجْوَابُ
جواب نہ دے سکنا - اَلْفَحْمُ (ف)
جوان بننا - اَلتَّفَتِّيُ -
جوان ہونا - اَلشُّرُوْخُ (ن) -
اَلشَّبَابُ - اَلشَّبِيْبَةُ (ض)
جوان ہونا (بالغ ہونا) اَلْبُلُوْغُ
جوانا مرگ ہونا - اَلْاِعْتِبَاطُ - اَلْاِعْبَاطُ
جوتنا - اَلْفَلَاحَةُ (ف) اَلْكَرْبُ
اَلْكِرَابُ (ن) اَلْحَرْثُ
(ن - ض)

جوتا پہننا - اَلْاِنْتِعَالُ - اَلتَّنَعُّلُ
اَلْاِحْتِذَاءُ -
جوتا پہنانا - اَلنَّعْلُ (ف) اَلْاِحْذَاءُ
جوتا گانٹھنا - اَلْخَرْزُ (ن ض)
اَلْخَصْفُ (ض)
جوتوں کی خاک چاٹنا - لَعَقَ
مَوَاطِئُ اَقْدَامِهِ -
جوڑنا - اَلضَّمُّ - اَلْاِلْصَاقُ
اَلتَّرْكِيْبُ -
جوڑ سے جوڑ ملنا - اَلتَّمَاسُكُ
جوش میں آنا - اَلْهَيْجُ - اَلْهِيَاجُ
اَلْهَيَجَانُ (س ب ض)
اَلثَّوْرُ - اَلثُّؤُوْرُ - اَلثَّوَرَانُ
(س ب ن)
جوش میں آنا (تقریر کے دن)
اِحْتَدَّ الْخَطِيْبُ -
جوش آنا - اَلْاِنْغِلَاءُ - اِنْغِلَاءُ
الشَّيْئِ -
جوش پیدا کرنا - اِثَارَةُ الْعَاطِفَه
جوش ٹھنڈا کرنا - اِخْمَادٌ -
جوش ختم ہونا - تَبَخَّرَتِ
اَلْحَمَاسَةُ -
جوش دلانا - اَلْاِشْتِعَالُ - اَلْاِغْرَاءُ

اَلْاِلْھَابُ ۔ اَلْاِھَاجَۃُ
اَلْاِثَارَۃُ ۔
جوش دینا ۔ اَلْاِفَاحَۃُ ۔ اَلْاِغْلَاءُ
جوش دینا (گوشت انڈا وغیرہ) :۔
اَلسَّلْقُ (ن)
جوش کم ہونا ۔ خَمَدَتْ جَذْوَۃُ
التَّحَمُّسِ
جوش میں آنا ۔ (ہانڈی کا) اَلْغَلْیُ
اَلْغَلَیَانُ (ض) ، اَلْفَیْحُ
اَلْفَیَحَانُ (ض)
جوش میں ہوش کھونا ۔ غَلَبَتِ
الْحَمَاسَۃُ عَلَی الْحِکْمَۃِ
جوق جوق گرنا ۔ اَلتَّھَافُتُ (صلہ علی)
اَلتَّقَادُعُ (صلہ فی علی)
جوں پڑنا ۔ اَلصَّابُ ۔ اَلْقَمَلُ ۔
جوں دکھانا ۔ اَلتَّفَالِی ۔ اَلْاِسْتِفْلَاءُ
جوں دیکھنا ۔ اَلتَّفْلِیَۃُ ۔ اَلْفَلْیُ (ض)
جوں مارنا ۔ (انگلیوں کے درمیان)
اَلْوَھْزُ (ض) ، اَلْقَصْعُ (ف)
جونک لگانا ۔ اَلْاِعْلَاقُ ۔

ھ

جہاز ۔ سَفِیْنَۃٌ (ج) ، سُفُنٌ
جہاز (ہوائی) طَیَّارَۃٌ (ج)
طَیَّارَاتٌ ۔ مَرْکَبٌ ھَوَائِیٌّ
سَفِیْنَۃٌ ھَوَائِیَّۃٌ ۔
جہاز (بحری) بَاخِرَۃٌ (ج)
بَوَاخِرُ ۔
جہاز بحری (جنگی) بَارِجَۃٌ (ج)
بَوَارِجُ ۔
جہاز (بار برداری کا) :۔ نَاقِلَۃٌ
(ج) نَوَاقِلَاتٌ ۔
جہاز (تباہ کن) مُدَمِّرَۃٌ (ج)
مُدَمِّرَاتٌ ۔
جہاز (آہن پوش) مُدَرَّعَۃٌ
(ج) مُدَرَّعَاتٌ ۔
جہاز (جنگی) طَرَّادٌ (ج) طَرَّادَاتٌ
جہاز (بحری راستہ صاف کرنے والا)
سَفِیْنَۃُ التَّطْھِیْرِ ۔
جہاز راں (ہوائی) :۔ طَیَّارٌ ۔
قَائِدُ الطَّائِرَۃِ ۔
جہاز راں (بحری) مَجَّارٌ ۔ قَائِدُ
الْبَاخِرَۃِ ۔
جہاز راں کمپنی (بحری) :۔ شَرِکَۃُ
الْمِلَاحَۃِ ۔
جہاز راں کمپنی (ہوائی) شَرِکَۃُ
الطَّیَرَانِ ۔

جہازرانی ۔ بِحَارَةٌ ۔ مِلَاحَةٌ
قِیَادَةُ الطَّائِرَہ ۔
جہازشکن توپ ۔ اَلْمِدْفَعُ الْمُضَادَةُ
لِلطَّائِرَاتِ ۔
جہاز کا بیڑا ۔ اُسْطُوْل (ج) اَسَاطِیْلُ
جہاز کا کپتان ۔ رُبَّانٌ (ج) رَبَابِیْنُ
جہالت ۔ جَہْلٌ ۔ جَہَالَةٌ ۔ اُمِّیَّةٌ
جہان ۔ عَالَمٌ (ج) عَوَالِمُ ۔
جہاں ۔ اَیْنَ مَا ۔ حَیْثُ ۔
جہاں دیدہ ۔ کَثِیْرَةُ الْخُبْرَةِ وَاسِعُ
الْاِطِّلَاعِ ۔
جہاں گیری ۔ نُفُوْذٌ عَالَمِیٌّ ۔
جھابا ۔ سَبَتٌ ۔
جھاڑ ۔ دَغَل ۔ اَلْاَعْشَابُ
الصَّحْرَائِیَّہ ۔
جھاڑ (کانٹےدار) شَجَرَةٌ
شَائِکَةٌ ۔
جھاڑ (فانوس) ثُرَیَّا (ج) ثُرَیَّاتٌ
جھاڑپھونک رُقْیٌ ۔ رُقْیَةٌ (ج) رُقًی
جھاڑن قُمَامَةٌ ۔ شُمَامَةٌ ۔ کُسَاحَةٌ ۔ کُنَاسَةٌ
جھاڑن (کپڑا) قَطِیْلَةٌ ۔
جھاڑو ۔ مِقَمَّہ ۔ مِکْسَحَةٌ
مِکْنَسَةٌ

جھاڑو (عطر فروش کی) عَسِیْلٌ
(ج) عُسُلٌ ۔
جھاڑو (کھلیان کی) مِصْوَلَةٌ
جھاڑو (ستاروں کی) نَجْمٌ مُذَنَّبٌ
جھاڑی ۔ غِیْلٌ (ج) اَغْیَالٌ
غُیُوْلٌ ۔ اَجَمَةٌ (ج) اَجَمٌ
اُجُمٌ ۔ اُجُمٌ ۔ اَجَمَاتٌ ج
اَجَامٌ ۔ اَیْکَةٌ (ج) اَئِکٌ ۔
جھاڑی (چھوٹے پودے) شُجَیْرَةٌ
(ج) شُجَیْرَاتٌ ۔
جھاگ ۔ زَبَدٌ (ج) اَزْبَادٌ
طَفَاوَةٌ ۔
